فضیلت مآب مولوی میر لائق علی صاحب

جنہوں نے آزاد مملکت حیدر آباد کی صدارت عظمیٰ کا جائزہ حاصل فرمانے کے بعد

دکن ریڈیو

۴۱۱ میٹر

۷۳۰ کیلوسائیکل

نشان ٹپہ سرکارعالی ۱۷۲

ٹیلیفون نمبر (۲۰۰۸)

تار کا پتہ "Lasilki"
"لاسلکی"

نوا

سالانہ چندہ
تین روپے سکہ عثمانیہ
بیرون ریاست
تین روپے سکہ کلدار
قیمت فی پرچہ ۳ آنہ

نشرگاہ حیدرآباد

جلد (۱۰) | ۱۶ تا ۳۱ بہمن سنہ ۱۳۵۷ف مطابق ۱۶ تا ۳۱ ڈسمبر سنہ ۱۹۴۷ع | شمارہ (۶)

فہرس

نوائیہ

زیر نظر نیم ماہی کے قابل ذکر اجزایہ ہیں

تقریریں

خاکہ نگاری — خاکہ نگاری ایک حسین فن ہے - خاکہ نگار سو ڈھنگ سے انسانی کمزوریوں کا خاکہ اڑاتا ہے - اس کے قلم کی ایک ہلکی سی جنبش سے بڑے بڑوں کی قلعی کھل جاتی ہے - وہ ان کی پگڑیاں کچھ اس طرح سے اچھالتا ہے کہ دیکھنے والوں کو ہنسی آہی جاتی ہے- ۱۶ - بہمن کو محمد بن عمر صاحب ”خاکہ نگاری“ کے عنوان پر تقریر فرمائیں گے -

پروفیسر میکس پلانک — سنا ہے جب کہ ایک مرتبہ پروفیسرپیگو کو بنک آف انگلینڈ کی گونری پیش کی گئی تو انہوں نے جھنجلا کر کہا ”آپ مجھے کیا سمجھتے ہیں کیا میں کوئی دھتکارا ہوا کرایہ کا ٹٹو ہوں“ یہ ہے پروفیسر کی شان - اسی لئے مغرب میں پروفیسر کی شخصیت حاکم وقت سے زیادہ قابل احترام ہے- پروفیسر میکس پلانک کا شمار ایسے ہی پروفیسروں میں ہے جن کی زندگی کا نصب العین دولت کمانا نہیں ہونا - ان کی عمر بھر کی کمائی شعبہ طبعیات میں تحقیق ہے- جس کے لئے انہیں نوبل انعام بھی مل چکا ہے - آئیے ۱۷ - بہمن کو اس عظیم المرتبت پروفیسر کی کہانی ایک ویسی ہی بڑی شخصیت ڈاکٹر رضی الدین صاحب صدیقی کی زبانی سنیں -

ڈالر کا مسئلہ — آج کی دنیا میں امریکہ کا سکہ جاری ہے- سیاسیات عالم کی بساط پر وہ اہم ترین مہرہ ہے - معاشی دنیا میں وہ امیر ترین ملک ہے - یہی وجہ ہے کہ دنیا کے نقشہ میں اسے بلند ترین مقام حاصل ہے اور اسی لئے ہر چھوٹا بڑا ملک اس سے سیاسی اور معاشی تعلقات پیدا کرنا چاہتا ہے - لیکن سیاسی مصلحتوں نے اپنے ملک کے سکے کو راست ڈالر میں تبدیل کرنے میں بڑی پیچیدگیاں پیدا کردی ہیں - ۱۸ - بہمن کو مظہر احسن صاحب گیلانی ڈالر کا مسئلہ پیش کرینگے -

سزا اور بچے — ترقی پذیر قوموں کے ننھے بچے ایک صحت بخش ماحول میں پروان چڑھتے ہیں تو زوال پذیر قوموں کی ننھی نسل ناکارہ ہاتھوں میں پرورش پاتی ہے- جہاں اکثر ماں باپ جاہل اور اکثر پڑھانے والے نا اہل ہوں تو پھر ظاہر ہے کہ اس قوم کا حشر کیا ہوگا - ہمارے ماں باپ اور ہمارے استاد بچوں کی نفسیاتی تربیت کرنے کی بجائے انہیں ایسی ایسی

سزائیں دیتے ہیں کہ بچوں میں ہمیشہ کے لئے احساس کمتری پیدا ہوجاتا ہے ۔ لیکن ہونہار قوم کے یہ لچھن نہیں ہوتے ۔ ۲۰ ۔ بہمن کو محمد حنیف صاحب کی تقریر ''سزا اور بچے،، ہوگی ۔

صفائی اور صحت | دنیا کا کوئی سماج ، کوئی قانون ، کوئی مذہب ایسا نہیں ہے جس نے جسمانی صفائی پر زور نہ دیا ہو۔ اور اسلام نے جسمانی صفائی کے ساتھ ساتھ روحانی پاکیزگی کو بھی یکساں اہمیت دی ۔ حقیقت میں صحت بخش انسان وہی ہے جس کے جسم و روح دونوں پاک ہوں ۔ لیکن آج کل عوام تن من کے میلے ہیں ۔ نہ پہنے اوڑھنے میں صفائی ۔ نہ رہنے سہنے میں صفائی ۔ نہ کھانے پینے میں صفائی ۔ نہ بات چیت میں صفائی اور نہ دل و دماغ میں صفائی ۔ ہر جگہ گندگی کا بازار گرم ہے ۔ اس وقت یہ بات عوام کے ذہنوں میں بٹھا دینی چاہئے کہ صفائی عظمت و صحت جیسی دولت کی کنجی ہے ۔ ۲۳ ۔ بہمن کو ڈاکٹر وجیہ اللہ صاحب علوی صفائی اور صحت سے متعلق تقریر فرمائیں گے ۔

کرسمس | مہینوں کے کٹھن انتظار کے بعد عید و تہوار ایک مسرت بخش پیام لاتے ہیں ۔ یہ خوشی عالمگیر اور ہمہ گیر ہوتی ہے۔ ان مسرتوں میں امیر و غریب برابر کے شریک ہوتے ہیں ۔ کرسمس عیسائیوں کا وہ مقدس تہوار ہے جس میں حضرت عیسی کے پیام کو دوہرایا جاتا ہے کہ اگر کوئی تمہارے گال پر طمانچہ مارے تو تم اسے اپنا دوسرا گال بھی پیش کردو ۔ ۲۵ ۔ بہمن کو مسٹر لکشمی پتی کرسمس کی اہمیت بتائیں گے ۔

ساعت خواتین | ۱۹ ۔ بہمن صبح ۱۰ ۔ ۰ ''سائنسی دھلوائی ،، تقریر زیبا سیف الدین

۱۰ ۔ ۱۰ مسز ہادی ۔ مرثیہ

۱۰ ۔ ۱۵ ''گھریلو مصروفیتیں ،، تقریر نزہت سلطانہ

۱۰ ۔ ۲۵ آپ کا خط ملا ۔ شکریہ

۱۰ ۔ ۳۰ مسز ہادی ۔ مرثیہ

۱۰ ۔ ۳۵ ''اپنی باتیں ،،

۱۰ ۔ ۴۵ ''سچائی ،، فیچر نوشتہ سلیمان جاوید

۲۶ ۔ بہمن صبح ۱۰ ۔ ۰ ''اگر عورت مرد کی جگہ لے لے ،، (بحث) جس میں رحانی اور حبیبہ حصہ لیں گی ۔

۱۰ ۔ ۱۰ رقیہ بیگم اور ساتھی ۔ سوز و سلام

۱۰ ۔ ۱۵ ''گھریلو طبی امداد،، تقریر ڈاکٹر عقیلہ سلطانہ

۱۰ ۔ ۲۵ آپ کا خط ملا ۔ شکریہ

۱۰ - ۳۰ محبوب بیگم - مرثیہ

۱۰ - ۳۵ " اپنی باتیں "

۱۰ - ۴۵ " انمول سودا " فیچر نوشتہ نثار فاطمہ

موسیقی

ان پندرہ دنوں میں موسیقی کے حسب ذیل اجزاء قابل ذکر ہیں -

۱۸ - بھمن کو رات میں ۹ بجکر ۵۵ منٹ سے ریکارڈوں کا پروگرام پیش کیا جائے گا - جس میں آپ مختلف سازوں پر مختلف گانوں کے دھنیں سنینگے -

۱۹ - کے پروگرام میں شرافت حسین خاں سے خیال آستائی اور عزیز احمد خاں سے غزل اور گیت سنئیے -

اسی رات میں ۹ - ۵۵ سے غزلوں کے ریکارڈ پیش کئے جائیں گے -

۲۰ - کو ۹ - ۴۵ سے غزل - گیت اور بھجن کے ریکارڈ بجائے جائیں گے -

۲۸ کو ۹ ۳۰ سے آپ ہمارے سازکاروں سے دوگانہ ساز سنیں گے -

۱۷ - اور ۲۴ کو ۶ - ۳۰ سے مقامی شوقین فنکاروں کی محفل پیش ہوگی -

۲۲ اور ۲۹ کو رات میں ۹ - ۳۰ سے ۱۰ - ۳۰ تک " نغموں اور سازوں " کے عنوان سے آپ کی خدمت میں گانوں اور سازی موسیقی کے ریکارڈ پیش کئے جائیں گے -

۱۹ اور ۲۶ کو علی الترتیب شہاب الدین اور ساتھی اور علی بخش اور ساتھی کی قوالی ہوگی -

۱۶ - ۲۶ اور ۳۰ کو رات میں ۹ - ۳۰ سے " دور رس " پروگرام پیش ہوگا -

۱۶ اور ۳۰ کا پروگرام شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک اور ۲۶ کا تلاوت کلام پاک سے شروع ہوگا -

---

مذہبی نشریات

ہر نشرگاہ سے مذہبی نشریات ہوتی ہیں - بی بی سی نے اپنی جملہ نشریات کا پانچ فی صد مذہبی امور کے لئے مختص کر دیا ہے - سوئیڈن اور ڈنمارک اس سے زیادہ وقت دیتے ہیں - سوئیٹزرلینڈ ، پولینڈ ، اطالیہ ، ہالینڈ اور ہنگری کو وقت تو کم دیتے ہیں مگر وہ دوسرے ممالک کی طرح پابند ہیں -

نشرگاہ حیدرآباد سے بھی جو مذہبی نشریات ہوتی ہیں - انکے چند اجزاء یہ ہیں -

(۱) تلاوت کلام اللہ

(۲) شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک

(۳) نعت ، قوالی، بھجن، کیرتن

(۴) مذہبی تقریریں

فضیلت مآب مولوی میر لائق علی صاحب نے آزاد مملکت آصفیہ کی صدارت عظمیٰ کا جائزہ حاصل فرمانے کے بعد نشرگاہ حیدر آباد سے ۳۰۔ دے ۱۳۵۷ف کو حسب ذیل تقریر نشر فرمائی۔

میرے عزیز ہم وطنو۔

اپنے ہر دلعزیز شاہ ذیجاہ جلالت الملک اعلحضرت بندگان عالی خسرو دکن و برار کے حکم کی تعمیل میں میں نے مملکت آصفیہ کے جلیل القدر عہدہ کا بوجھ اٹھایا ہے ۔ کامل احساس ذمہ داری کے علاوہ مجھے وقت کی نزاکت کا بھی پورا پورا احساس ہے ۔ میں اس کام کی مشکلات سے بھی بخوبی واقف ہوں ۔ لیکن پروردگار کی ذات پر کامل بھروسہ صداقت پر کامل اعتماد اور فطرت انسانی کے نیک جذبات پر پورا ایقان رکھتے ہوئے میں آپ حضرات کو مخاطب کرنا چاھتا ہوں ۔

زمانہ کی مشکلات اور وقت کی نزاکت سے میں اور آپ دونوں اچھی طرح واقف ہیں۔ اگر یہ حقیقت ہے تو اس مسئلہ کے حل کا جتنا تعلق مجھ سے ہے اتنا ھی آپ حضرات سے بھی ہے ۔ ہمیں اس مسئلہ کو حل کرنا پڑیگا ۔ اس سر زمین پر ہمارے آبا و اجداد کئی پشتوں سے زندگی بسر کرتے آئے ہیں ۔ ہم ایک دوسرے کے خوشی و غم میں ساتھ رہے ہیں ۔ مجھے اس بات کا کامل یقین ہے کہ ہم پھر ایک بار دنیا پر ثابت کر دینگے کہ اس عظیم الشان مملکت میں بسنے والے تمام فرقوں کے مابین دوستی خوشگوار تعلقات اور خیرسگالی کے جذبات اپنی پوری قوت کے ساتھ موجزن ہیں ۔

میں نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ اپنے ابنائے وطن کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں گزارا ہے ۔ مجھے جب کبھی اور جہاں کہیں موقع ملا میں نے اپنے محدود ذرائع سے اس مقصد کو پورا کرنے کی کوشش کی ۔ اب خدا کے فضل و کرم سے اھل وطن کی خدمت کے بہت وسیع ذرائع میرے آگے ہیں اور اس لحاظ سے میرا مقصد بھی وسیع تر ہے ۔ لیکن ایسے تعمیری مقصد کے حصول میں شدید ضرورت ایسے حالات پیدا کرنے کی ہے جن میں امن و امان کار فرما ہو ۔ اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ مادر وطن کے ہر سپوت میں اپنی قسمت سنوارنے کا جذبہ موجود ہو ۔ اس لئے میں سب سے پہلے موجودہ زمانہ کے بعض سیاسی مسائل پر جن میں بعض حقیقی اور بعض خیالی ہیں اظہار خیال کرتا ہوں ۔

مسرت کا مقام ہے کہ حال ھی میں ہم نے قلمرو ھند کے ساتھ ایک معاھدہ طے کیا ہے جس کی عدم موجودگی سے نہ صرف مملکت آصفیہ بلکہ اطراف و اکناف کے علاقوں میں بھی ایک قسم کی اضطراری فضا پیدا ہوگئی تھی ۔ میں خوش ہوں کہ ایک معینہ مدت کے لئے انتظام جاریہ

کی برقراری کا معاھدہ طے ہو چکا ہے - جس کے باعث طرفین ایک پرسکون ماحول میں باھمی مفاھمت کے جذبہ کے تحت اپنے مستقبل کے تعلقات پر غور کرسکینگے - مجھے توقع ہے کہ جب ایسا ماحول پیدا ہو جائیگا تو قلمرو ھند کے باشندوں کو حیدرآباد کے واجبی نقطہ نظر کو سمجھنے کا موقعہ ملیگا اور قلمرو ھند یہ تسلیم کریگی کہ ایک متحدہ ترقی پذیر اور با اقتدار مملکت حیدرآباد بحیثیت ایک اچھے دوست اور حلیف کے بدرجہا بہتر ہے بہ نسبت ایک ایسی مملکت کے جسکی رعایا کا معتدبہ حصہ بادل ناخواستہ یونین میں شرکت پر مجبور کیا گیا ہو -

مجھے کامل یقین ہے کہ معاھدہ انتظام جاریہ کی تکمیل کی وجہ سے جسکا میں نے ابھی ذکر کیا ہے وہ بے اطمینانی کی کیفیت دور ہو جائیگی جس سے ہم دو چار تھے - پروردگار عالم کے فضل و کرم سے مملکت حیدرآباد کی فضا اس زمانہ میں بھی ایک حد تک پرامن رہی ہے جبکہ دوسرے علاقوں میں انتہائی خوفناک اور بہیمانہ افعال کا ارتکاب کیا جارہا تھا - اور جب میں یہ کہہ رہا ہوں کہ ہماری مملکت کی فضا ایک حدتک پرامن رہی ہے تو میں منتشر حادثات اور پریشانی کے احساس سے بے خبر نہیں ہوں - میں چاھتا ہوں کہ اس پریشانی کی کیفیت کو آپ حضرات اپنے دلوں سے ہمیشہ کے لئے نکال دیں - میرے بعض احباب نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ اگر بعض سیاسی جماعتوں کے نظربند قائدین کو رہا کر دیا جائے تو ایک بہتر صورت حال پیدا ہوسکیگی میں نے انتہائی خلوص سے انکے مشوروں پر عمل کرنے کا تصفیہ کیا ہے اور اس غرض کے لئے مناسب ہدایات جاری کردی ہیں - میری مخلصانہ توقع ہے کہ میرا ایقان صحیح ہوگا اور آئندہ کے واقعات یہ ثابت کرینگے کہ بحیثیت صدر اعظم میرے ابتدائی کاموں میں سے یہ کام میرے لئے حقیقی اطمینان کا باعث ہوا - میں اس کی بھی تمنا رکھتا ہوں کہ ہم سب خودداری کے ساتھ اپنی مشکلات کا آپ حل نکالنے کی کوشش کرینگے اور اندرونی اختلافات کو رفع کرنے کے لئے باھر نظر نہ ڈالیں گے - پرامن حالات کے لئے اور باھمی اعتماد پیدا کرنے کے بعد میرا دوسرا قدم ایک ترقی پذیر حکومت کی فوری تشکیل ہوگا جس میں عوام کے نمائندے امور مملکت میں ذمہ دارانہ نگرانی کے ساتھ کام کرینگے اور ملک کے خصوصی حالات کی روشنی میں ایک موزوں مشنری وجود میں آئیگی - یہی وجہ ہے کہ میرے تقرر سے متعلق فرمان مبارک میں نئی حکومت کو (Interim Government) موسوم فرمایا گیا ہے اس مقصد کے حصول کے لئے مجھے آپ سب کے کامل اور پرخلوص اشتراک کی ضرورت ہے - مجھے یقین ہے کہ مصالحت اور خیرسگالی کے جذبہ کے ساتھ ایک ایسا مرسمہ دستور مرتب کرنا ممکن ہوگا جو اس مملکت کے تمام نہ سہی تو زیادہ سے زیادہ باشندوں کے لئے قابل قبول ہوگا - ممکن ہے کہ ایسی اسکیم مختلف سیاسی نظریوں کے انتہا پسند افراد کو مطمئن نہ کرسکے لیکن ایک ایسے شخص کی حیثیت سے جو کاروباری صلاحیتوں کا حامل ہے مجھے یقین ہے کہ یہ سب کے بہترین مفادات کی تکمیل کریگا - اگر چہ میں نے ابتدا میں سیاسی

پروگرام کا ذکر کیا ہے تا ہم اس سے میری یہ مراد نہیں ہے کہ میں معاشی پروگرام کو ذیلی یا ثانوی حیثیت دیتا ہوں یا یہ کہ ہم معاشی ترقیات کی طرف قدم بڑھانے سے پہلے سیاسی سمجھوتے کا انتظار کرینگے سچ تو یہ ہے کہ میں صحت بخش سیاسی تصفیہ کے لئے بہتر معاشی حالات کو ساز گار اور بنیادی سمجھتا ہوں ۔ اس مقصد کے پیش نظر میں ایسے تمام صنعتی امور کی ممکنہ حوصلہ افزائی اور اعانت کرونگا جو عوام کی قوت پیداواری میں اضافہ کرنے اور بھوک ۔ فاقہ اور افلاس کو دور کرنے میں مدد دیتے ہیں ہر انسان کا یہ پہلا اور سب سے ضروری حق ہے کہ وہ اپنے لئے غذا حاصل کرسکے جس سے اسکی تندرستی برقرار رہے اور وہ ٹھیک طریقے سے اپنی ستر پوشی کرسکے اور اپنے لئے جائے سکونت حاصل کرسکے ۔ اس مقصد کے حصول کے لئے ہر تدبیر اختیار کی جائیگی خواہ وہ پیدا وار کے اضافے کی صورت میں ہو یا بہتر تقسیم دولت کی شکل میں ہو نئے نئے خانگی اور پبلک کام شروع کئے جائینگے ۔ تعلیم کی اشاعت کے لئے وسیع تدابیر اختیار کی جائینگی تا کہ عوام الناس کو خود اپنی کوشش سے بہتر نتائج پیدا کرنے میں مدد دی جائے اور انہیں اس قابل بنایا جائے کہ وہ ان کاموں میں اپنا جائز حصہ لے سکیں ۔

ان مقاصد کے حصول کے لئے حکومت کو نظم و نسق کے ادارہ جات پر بھروسہ کرنا ضروری ہے جنہیں وفاداری کے ساتھ اور پوری قوت سے کام کرنا پڑے گا ۔ ہر ملازم سرکار کو جرأت بے باکی اور ایمانداری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دینے ہونگے ۔ میں ان کے آگے اس سے بہتر اور کیا نصب العین پیش کرسکتا ہوں کہ وہ اپنے آپ کو عوام کا خدمت گزار نہ کہ ان کا آقا تصور کریں خصوصیت کے ساتھ انہیں رعایا کی حقیقی شکایات دور کرنی چاہئے ۔ بے زبان عوام الناس کے ساتھ انکی ہمدردی اور شکایات معلوم کرنے اور انہیں رفع کرنے میں ان کی تندھی نظم و نسق کی اسپرٹ میں بہت بڑا فرق پیدا کردیگی ان سب چیزوں کے علاوہ انہیں انتہائی راست باز اور غیر جانبدار رہنا چاہئے ۔ ایسی صورت میں وہ اپنے فرائض کو اس طور پر انجام دے سکینگے جس سے نہ صرف انکے طبقہ کی بلکہ کل حکومت کی نیک نامی ہوگی ۔ اس وفا داری کے ساتھ ہمیں اپنے شاہ ذیجاہ سے ہے اوسی ایقان کے ساتھ جو ہمیں اپنی مملکت کے شاندار مستقبل پر ہے اور اس عہد کے ساتھ کہ ہم اپنے وطن کی خدمت میں کوئی کوتاہی نہ کرینگے آئیے ہم آپ اپنی پوری قابلیتوں کے ساتھ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں ایک عظیم الشان مملکت کے آزاد خود دار شہری بن جائیں اور ایک ایسی تعمیر کی بنیاد رکھیں جس پر نہ صرف ہم کو بلکہ آئندہ نسلوں کو جائز طور پر فخر ہو ۔ شاہ عثمان زندہ باد ۔ حیدرآباد پائندہ باد

خدا آپ سب کا حامی رہے

مولوی سید محمد قاسم رضوی صاحب صدر مملکتی مجلس اتحاد المسلمین کا بیان

مسلمان سب کچھ برداشت کرسکتا ہے لیکن شاہ ذیجاہ کی ذات مبارک کے تعلق سے کسی سوء ادبی کو برداشت نہیں کرسکتا ۔ اور میں جانتا ہوں کہ اس والہانہ عقیدت کے لاکھوں ہندو سکھ پست کردہ اقوام اور تمام مذاہب و ملل کے لوگ ہیں ۔ ایک ایک بچہ قربان ہو جائیگا ۔ لیکن اپنے محبوب اور مقدس بادشاہ کی ذات اقدس پر آنچ نہ آنے دیگا ۔ ان ناپاک طریقوں سے ناپاک ارادوں کی تکمیل نہیں ہوا کرتی اور حیدرآباد کا امن پسند اور شریف فطرت شہری حصول مقاصد سیاسی کے ان مجنونانہ اور باغیانہ طریقوں کو ایک لمحہ کے لئے گوارا نہیں کرسکتا ۔ حیدرآبادی اس قدیم طرز حکومت کو جس میں امن چین سکون و آشتی ہو اور شاہ ذیجاہ کو اپنا باپ سمجھکر تمام مذاہب و ملل کے افراد بھائی بھائی کی طرح رہتے بستے ہوں جدید طرز کی مطلوبہ جمہوریت پر کروڑ بار ترجیح دیتا ہے ۔ خدا شاہ ذیجاہ کو ہمارے سروں پر تا دیر سلامت اور باعافیت و عظمت رکھے ۔

شاہ عثمان زندہ باد

پنڈت کاشی ناتھہ راؤ صاحب ویدیہ ۔ پنڈت جی ۔ راماچاری صاحب اور پنڈت بی ۔ رام کشن راؤ صاحب کا بیان جسے پنڈت جی راما چاری صاحب نے نشر کیا

ہمیں اس واقعہ کو سن کر سخت صدمہ ہوا ۔ ہمیں یقین ہے کہ ہر حیدرآبادی اس بزدلانہ اور ذلیل حرکت پر لعنت بھیجیگا اور اظہار نفرت کریگا ۔ ہم نہیں جانتے کہ اس قابل نفرت جرم کا مرتکب کون شخص ہے اور اس کا مقصد کیا ہے ۔ ہم یقین کرتے ہیں کہ خاندان شاہی اور ذات شاہانہ سے عقیدت مندی کی حیدرآبادی روایت اس قسم کے خیال کو گوارا تک نہیں کرسکتی ۔ ملک میں امن و آمان کا قیام ہر شخص کا اولین فرض ہے ۔ ہم عدم تشدد کے اصول کے معتقد ہیں ۔ اس لئے ہم اہل ملک سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ہر قسم کے تشدد سے باز آئیں اور اس نازک دور میں شانتی قائم رکھنے اور امن کے قیام میں مدد دیں اور اس قسم کے واقعات ظہور پذیر نہ ہونے دیں ۔

نواب ظہیر یار جنگ بہادر امیر پائیگاہ کا بیان

حضرت بندگان عالی کی ذات ستودہ صفات کے ساتھ جس مجرمانہ اور بزدلانہ طریقے سے بے ادبی کی گئی ہے اس کی نسبت ہر گوشہ سے صدائے نفرت بلند ہورہی ہے ۔ خانوادہ پائیگاہ کی وابستگی تخت و تاج سلطانی سے ہمیشہ رہی ہے اس کے لحاظ سے مین اپنے رنج اور نفرت کو الفاظ کے ذریعہ ظاہر کرنے سے قاصر ہوں ۔

اس قابل نفرت واقعہ پر حضرت بندگان عالی نے جس استقلال اور اولوالعزمی کا اظہار فرمایا ہے وہ تاریخ دکن میں آب زر سے لکھے جانے کے قابل ہے ۔ شدید ترین مجرم اور گنہ گار کے ساتھ حضرت نے جس رحم گستری کا برتاؤ فرمایا اس سے رعایائے آصفی کے ہر کہ و مہ کے دل پر عقیدت اور وفا داری کا ایسا گہرا نقش ہوا ہے کہ اسے زمانہ مٹا نہیں سکتا ۔

خدائے تعالی کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ حضرت ظل اللہ پر سے یہ آئی ہوئی بلا ٹل گئی اور دشمن ذلیل اور خوار ہوئے ۔

میری دلی دعا ہے کہ حضرت بندگان عالی جلالت الملک کا سایہ مبارک مملکت دکن پر دیر گاہ قائم رہے اور اس سایہ عاطفت میں اتفاق اور اتحاد کے جذبات میں اور زیادہ ترقی ہو ۔

پنڈت سری پت راؤ صاحب رکن جوڈیشل کمیٹی

پرسوں شام حضرت بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی کی موٹر پر جس بزدلانہ طریقہ پر بم پھینکا گیا اس واقعہ کو مین اور تمام باشندگان ممالک محروسہ سرکار عالی انتہائی نفرت و حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں ۔

خدائے بزرگ و برتر کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ذات شاہانہ کو اس نے اپنے کرشمہ رحم ونگاہ بانی سے بال بال بچا لیا ۔

حضرت جہاں پناہ نے اس موقعہ پر جس انتہائی ضبط اور استحکام سے کام لیا اس کی مثال دنیا میں ملنا مشکل ہے ۔ ذات ہمایونی کے جبین پر شکن تک نہ آئی اور نہ جمعیت خاطر میں کسی انتشار کی علامت پیدا ہوئی ۔ بلکہ ذات ستودہ صفات سے ارشاد یہ ہوا کہ ملزم کے ساتھ سختی نہ کی جائے ۔

وفا دار رعایاء آصفی جو ہر سر موقع تھی اس کا جوش انتقام اپنے محبوب بادشاہ کے حملہ آور کے خلاف اتنا بڑہ گیا تھا کہ اگر حضرت ظل سبحانی بہ نفس نفیس صبر و تحمل کی ہدایت نہ فرماتے تو نہ معلوم واقعات کس نوبت پر جا پہونچتے -

مین اپنی جانب سے اور پورے ہندو طبقہ کی جانب سے یہ اعلان کرتا ہوں کہ جملہ باشندگان ملک اس ناپاک حرکت کو قابل افسوس اور مذمت تصور کرتے ہیں - مین اپنی اورجملہ وابستگان دولت آصفی کی جانب سے پرماتما کی بارگاہ میں بصمیم قلب یہ دعا کرتا ہوں کہ خدا ہمارے شاہ ذیجاہ کو تا ابد ہمارے سروں پر سلامت باعزت و عظمت رکھے اور ہر بلا و مصیبت سے محفوظ و مصئون رکھے - آمین ثم آمین -

مولوی عبدالرؤف صاحب ایڈوکیٹ

سواری شاہانہ پر جن ناپاک ارادوں سے حملہ کیا گیا اس نے بچہ بچہ میں غم اور غصہ کی لہر دوڑادی اور کوئی وفا کیش دولت آصفی اس گستاخی اور جسارت کو کسی صورت میں برداشت نہیں کرسکتا -

حضرت بندگان عالی کی فقید المثال رواداری اور عدیم المثال رعایاء پروری سے کون انکار کرسکتا ہے - یہی وجہ ہے کہ ایسے زمانہ میں بھی جبکہ سارے ہندوستان میں کشت و خون جاری تھا اور بد امنی انتہا کو پہونچ چکی تھی اور ایسے موقعہ پر بھی جبکہ بہیمیت اور درندگی کا راج اور دور دورہ تھا سر زمین دکن گہوارہ امن بنی رہی - دکن کے بسنے والے اس شمع دودمان آصفی کے پروانے ہیں اور والہانہ عقیدت اور وابستگی اپنے محبوب بادشاہ سے ان کو ہے اس کی مثال نہیں مل سکتی -

گذشتہ دور میں سلطنت آصفیہ کے خلاف غلط اور جھوٹے پروپگنڈہ کے ذریعہ ہر قسم کی دہشت آفرینی اور خلفشار اور بدامنی پیدا کرنے کی بیرونی اور بعض ناعاقبت اندیش اوربدخواہان سلطنت کی جانب سے اندرونی طور پر کوشش کی گئی لیکن ساری کوششیں اور اقدامات نا کام رہے اس لئے کہ سلطنت آصفی کی رعایا امن کوش اور تاج آصفی سے پوری طرح وابستہ رہی ہے اور وہ کسی بدامنی یا خلفشار کو برداشت نہیں کرسکتی - یہ کتنی بڑی بدبختی ہے کہ ایک ایسے ہردلعزیز بادشاہ پر جو اپنی رعایاء کو اپنی آنکھ کا تارا سمجھتا رہا ہو اور جس کے ہر عمل میں محبت اور پدرانہ شفقت ہو حملہ کی مذموم جسارت کی گئی - لیکن قوی تر نگہبان نے اپنے ایک محبوب بندہ کی حفاظت کی تا کہ وہ بندگان خدا کی اسی طرح بے لوث خدمت کرتا رہے اور ان کے سروں پر ظل اللہ کی حیثیت سے سایہ فگن رہے -

بارگاہ ایزدی میں اگر اس فضل ربانی پر ہم عمر بھر بھی سر بسجود رہیں تو بھی حق شکرانہ ادا نہ ہوسکے گا۔ باری تعالی تو ہمارے سروں پر تا دیر سایہ عاطفت ہمایونی قائم ودائم رکھ اور دشمنان سلطنت اسلامیہ دکن کے شرور و فتن سے حضرت بندگان اقدس اور سلطنت آصفیہ کو محفوظ رکھ تاکہ یہ آزاد سلطنت آصفیہ امن و امان کے ساتھ شاہراہ ترقی پر گامزن رہے۔

جلالت الملک شاہ عثمان زندہ باد
جاہ و جلال آصفی پائندہ باد
آمین

پنڈت شنکر راؤ صاحب بورگاونکر

جلالت الملک اعلی حضرت بندگان عالی کی موٹر پر جو ناپاک حملہ کل شام میں کسی پردیسی نے کیا اس کی مذمت ہر انسان کو کرنی چاہئیے۔ خاص کر ہر حیدر آبادی کو جو دلی صدمہ پہنچا ہے اس کا حال بیان سے باہر ہے کیونکہ ہر حیدر آبادی اپنے ملک و مالک سے پریم کرتا ہے۔ یہ حرکت بہت ہی بزدلانہ طریقہ اور نہایت عاقبت اندیشی سے کی گئی ہے۔ اس کی پشت و پناہ میں جو کوئی بھی لوگ ہوں ان کی تحقیقات پوری طرح ہونی چاہئیے۔ ایسی حرکتوں سے دنیا میں کوئی قوم فائدہ اٹھا نہیں سکتی بلکہ اس کو عظیم تر نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اگر ایسا رکیک فعل امریکہ جیسے ملک میں وقوع پذیر ہو تو خاطی کو جنتا ہی زندہ جلا دیتی مگر ہمارا تمدن اس سے بلند و ارفع ہے اور ہمارے محبوب بادشاہ نے اس وقت جس وسیع النظری کا اظہار فرمایا وہ قابل تقلید ہے اور ہمارے ملکی اصحاب نے جو اوس وقت وہاں موجود تھے اور جن کو بعد میں اطلاع ہوئی انہوں نے بھی حد درجہ اپنے جذبات کو قابو میں رکھا۔ ایسی مثال حیدرآبادیوں کے تمدن کے سوا دنیا میں کسی اور جگہ دکھائی نہیں دے سکتی۔

پرمیشور سے میری پرارتھنا ہے کہ ایشور ہمارے ہر دلعزیز شاہ ذیجاہ کو بہ این حشمت و جلال ہمارے سروں پر ہمیشہ کے لئیے سایہ فگن رکھے۔

شاہ عثمان زندہ باد۔ آزاد حیدر آباد پائندہ باد آمین

مسٹر ڈنشاجی دادا بھائی اتالیه

سب سے پہلے میں پروردگار عالم کی بارگاہ میں شکر گزار ہوں کہ اوس نے اپنے فضل و کرم و رحم سے ہمارے ہر دلعزیز بادشاہ ذیجاہ کو ایک، ناپاك حمله سے بچالیا اور ایک آنچ تک نہ آنے دی ۔ ہم جس قدر بھی اوسکی درگاہ میں شکر گزاری کریں کم ہے۔ مجھ میں وہ قوت کہاں کہ میں ہمارے بادشاہ ذیجاہ کے اوصاف کی تعریف کر سکوں ۔ ہمارے ہر دلعزیز و رعایا پرور بادشاہ نے متعدد بار ارشاد فرمایا ہے کہ اس ریاست میں بسنے والے خواہ ہندو ہوں یا مسلمان پارسی ہوں یا عیسائی اون سب کو ایک ہی نظر سے دیکھتے ہیں ۔ شاہ ذیجاہ کی نظر میں ہر مذہب و ملت کا شر ایک ہی ہے۔ ایسے ہر دلعزیز رعایا پرور و محبوب و مقدس بادشاہ پر اس طرح ناپاك حمله کیا گیا ۔ اس کو سن کر اس ریاست میں بسنے والے ہر پارسی کو سخت ترین صدمه و رنج پہونچا ۔ پارسی ہمیشہ امن پسند اور وفادار اور اپنے بادشاہ کے فرمان بردار رہے ہیں اور اگر موقع آیا تو ملك اور مالك کے واسطے اپنی جان تک دینے سے کبھی دریغ نہ کریں گے ۔ ہم ایسی حرکات کو نفرت سے دیکھتے ہیں اور لعنت بھیجتے ہیں ۔ ہم جملہ پارسی جو اس ریاست میں گزر بسر کرتے ہیں ذات شاہانہ سے عقیدت مندگی کی عزت حاصل کرتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ریاست میں رہنے والا ہر وفادار شہری خواہ وہ کسی مذہب یا ملت کا کیوں نہ ہو اوس کا پہلا فریضہ ہے کہ ملك میں امن و امان پھیلانے کی کوشش کرے ۔ اس نازك زمانہ میں شانتی و امن و امان قائم کرتے ہوئے حکومت کا ہاتھ بٹائے ۔

آخر میں بارگاہ الہی میں دعا کرتا ہوں کہ اس نے اعلی حضرت حضور پرنور شاہ عثمان کو جس طرح کل کے ناگہانی واقعہ سے بچالیا ہمیشہ ہر آفت و بلا سے محفوظ رکھ اور ہمارے سروں پر ہمیشہ قائم و دائم رکھیے اور اس ریاست ابدمدت کو سر سبز و شاداب رکھ ۔

شاہ عثمان زندہ باد ۔ مملکت حیدر آباد پائندہ باد

رائے ہر بنس چند صاحب صدر مجلس منصبداران

ہمارے شاہ ذیجاہ ظل سبحانی حضرت بندگان اقدس و اعلی کے دشمنوں پر کل جو بزدلانہ اور ناپاك اقدام کیا گیا ہے وہ نہایت مذموم ہے ۔ ایسی ذات ہمایونی پر جو کیا بزمانہ سلف اور کیا بزمانہ حال اپنا ثانی نہیں رکھتی اور جن کی رواداری اور رعایا پروری اور جن کی سیاست اور حکمت کا چار دانگ عالم میں ڈنکا بج رہا ہو اس قسم کا شرمناک اقدام بلا لحاظ مذہب و ملت

م رعایا و برایا ممالکت آصفیہ میں ایک ہیجان اور انتشار کا باعث بن گیا ہے ۔ ہمارا دعوی یہ ہے
ہ اس قیامت خیز زمانہ میں یہ ریاست ابد مدت جس امن و امان اور جس میانہ روی اور اعتدال
ے ساتھ اپنی زندگی بسر کررہی ہے وہ دیگر بڑی بڑی ریاستوں کو نصیب نہیں ۔ رحمدلی اور
اداری کی مجسم ذات شاہانہ کے احسانات کا اظہار احاطہ تقریر و تحریر سے باہر ہے ۔ یہی وہ واحد
ات اقدس ہے جو تمام اہل ملک کی مرکز بنی ہوئی ہے اور جو دکنی قوم کی روح رواں ہے ۔
ایا سرکار عالی ور بالخصوص ہندو رعایا اپنے مہربان اور شفیق مالک مجازی پر پروانہ وار اپنی
ستیوں کو نثار اور فدا کرنے کا جذبہ رکھتی ہے ۔

آخر میں میں صدق دل سے بدست دعا ہوں کہ بار الہا ہمارے بادشاہ جمجاہ کو تمام
ات اور بلیات ارضی و سماوی سے مصئون اور مامون رکھ ۔ اور حضرت جلالت الملک کے زیر سایہ
اطفت یہ ریاست ہمیشہ سر سبز اور شاداب رہے اور دشمن بمصداق ۔

ان شانئک ھوالابتر ۔ آمین ثم آمین

شفیع النساء بیگم صاحبہ منصبدارہ

اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے اپنا فضل و کرم ذات شاہانہ پر فرمایا ۔ وفاداران
جانثاران ملک و مالک ذات شاہانہ کے ساتھ کسی قسم کی گستاخی کو ایک لمحہ کے لئے بھی
داشت نہیں کر سکتے ۔ دکن کی وفا شعور بہنو ۔ تم غداروں اور شر پسندوں کو جنم دیکر اور ان کی
ورش کرکے اپنے اسلاف کی روحوں کو مضطرب نہ ہونے دو ۔

کے ۔ انجیا صاحب منتظم دیول بالاجی

برادران وطن !

بادشاہ ذیجاہ بلا لحاظ مذہب و ملت ۔ امیر و غریب ، ہندو ، مسلمان ، پارسی ، سکھ ،
ت اقوام و دیگر تمام ساکنان حیدرآباد کے نہایت ہر دلعزیز بادشاہ ہیں ۔ جنکے ذات مبارک کو
اسی جھگڑوں سے نہایت بالا تر تصور کیا جاتا ہے ۔ اگر کسی سیاسی مقصد کی تکمیل کے لئے یہ
دلانہ حرکت سرزد ہوئی ہے تو بلا خوف و خطر یہ کہا جاسکتا ہے کہ حیدرآباد کے مختلف سیاسی
اہد رکھنے والے قایدین اور ان کے پیرو اس مذموم و قبیح حرکت کو بے انتہا تنفر سے دیکھینگے ۔

خسرو دکن کی ذات مبارک ایک کروڑ ساٹھ لاکھ رعایاء حیدرآباد کےلئے نہایت عزیز ہے اور جو محبت اور عقیدت ایک حقیقی باپ سے هوسکتی ہے وهی محبت و جذبه وفا داری رعایاء ملک سرکارعالی کی ذات مبارک کے ساتھ ہے -

رعایاء ملک سرکارعالی متمنی ہےکه اس سانحه جانکاہ کی تفتیش عالی جناب فضیلت مآب صدر اعظم بهادر کی دور رس نگاهوں کی زیر هدایت عالی جناب عزت مآب صدر المهام بهادر کوتوالی اور عالی جناب صدرناظم صاحب کوتوالی کی نگرانی میں نہایت احتیاط کےساتھ جلد از جلد پایه تکمیل کو پهنچے اس شیطان خاطی اور اسکے پس پرده جو شخص یا جماعت ہے اس کے کیفر کردار کو پهنچنے کے بعد هی همارے مغموم دلوں کو تسکین هوسکتی ہے -

رعایاء سرکارعالی کا کوئی بهی فرد اس قسم کی نا پاک حرکت کو برداشت نہیں کرسکتا - اور ذات مبارک کی حفاظت کےلئے اپنی جان تک قربان کرنے کےلئے تیار ہے -

هم به حیثیت ادنی خادمان مقدس انجمن پیشوایان مذاهب نہایت صمیم قلب کے ساتھ دعا کرتے هیں که پرمیشور ذات مبارک اور خانواده شاهی کو تمام آفات و بلیات سے محفوظ اور مامون رکھے - اس سلسله میں هم لوگ اپنے اپنے عقاید کے تحت عبادت گاهوں میں دوگانه شکرانه بهی ادا کر رہے هیں - همارا عزیز بادشاه همارے سروں پر تا دیر سلامت باکرامت رہے - اور اسکے حکیمانه سایه کے تلے هم لوگ اپنی زندگی امن اور چین سے گذار سکیں -

یه آواز جمله باشندگان حیدرآباد کی ہے جسکو الله تعالی ضرور قبول فرمائیگا یه تقریر میں نے اپنے جن ساتھیوں کی طرف سے کی ہے ان کے نام یه هیں -

وینکٹا چلم ایڈوکیٹ متولی دیول سری بالا جی واقع بیرون فتح دروازه

نارائن پرشاد وکیل هائیکورٹ معتمد دیول سری نرسنگ بهگوان واقع مغل پوره

موهن لال رکن دیولات مذکور

ڈاکٹر بی - ایس دکشت رکن دیولات مذکور

وہ چند مقدس و متبرک نفوس جو غزل اور تغزل کو آج بھی لازم و ملزوم سمجھتے ہیں۔ اس دور انقلاب میں غالباً اپنا نظریہ بدل چکے ہونگے - اگر ابھی یہ تبدیلی نہیں ہوئی تو بہت جلد ہوجائیگی - اس لئے کہ اب ہمیں ہر جہتی طریقوں سے اپنے معاشرہ کو محفوظ کرنا ہے - مسموم کرنا نہیں ہے - یاد رکھئے قومیں اپنی صحیح و تندرست تہذیب و معاشرت ہی کے ساتھ دنیا میں زندہ رہ سکتی ہیں - اس لئے ہمیں اپنی شاعری کو بھی تندرست اور صحت مند رکھنا پڑے گا۔

"میری پسند کے کام" مسز رابعہ برنی

بچوں سے مجھے کافی دلچسپی ہے - میں اکثر انکے ساتھ کھیلتی رہی ہوں - انہیں نہلانے دھلانے اور اچھے اچھے کپڑے پہنانے میں مجھے بڑا لطف آتا ہے - بچوں کے بچپن کا وہ زمانہ مجھے بیحد پسند ہے جب وہ باتیں کرنا سیکھتے ہیں - نئے نئے خیالات نئے نئے انداز میں ادا کئے جاتے ہیں - بچہ الفاظ اور آواز کے سحر سے ایسا مسحور ہو جاتا ہے کہ بار بار انکو دھراتا ہے - انسان کی یہ صلاحیت گویا اسے حیرت زدہ بنادیتی ہے اور ایک بے اختیار خوشی اس پر ہر وقت چھائی رہتی ہے - مجھے بچیوں کے لئے انکی گڑیوں کے کپڑے سینا بھی بہت پسند ہے - اس کام میں بھی میرے ذوق تکمیل و تخلیق کو سکون ملتا ہے -

کچھ دنوں کی بات ہے بچیوں کی آیا بیمار ہو کر گھر بیٹھ رہی - اس دن سے میں بچیوں کی پابند ہو کر رہ گئی - ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کوئی میری ہر نقل و حرکت کی کڑی نگرانی کر رہا ہے - انہوں نے لامتناہی فرائض میں مجھے جکڑ دیا - میں اپنی سہیلیوں سے بات چیت کرنے کا وقت تک نہ نکال سکی - سینما بھی نہ دیکھ سکی - مجھے افسانے اور ناولیں پڑھنے کا بڑا شوق ہے۔ آیا کی بیماری کے دوران میں مجھے اس کا بھی موقع نہ ملا - بچے مجھ پر برسات کے بادلوں کی طرح چھا گئے -

---

منگل ۱۶ ۔ بہمن ۱۳۵۷ ف

۱۶ ۔ ڈسمبر سنہ ۱۹۴۷ ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک اور ترجمہ ۔ پنڈت رام نواس شرما

۸ - ۴۰ ’’اگنی ہوتری،، تقریر پنڈت سکھا رام دھکشت

۸ - ۴۵ بھجن (ریکارڈ)

۹ - ۱۵ خبریں

۹ - ۲۰ نر ہر راؤ ۔ بھجن ۔ لاج رکھو گری گردھاری راما

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ امان اللہ خاں ۔ خیال ملتانی ۔ تورو نام رحیم و کریم

۵ - ۲۰ نرہر راؤ ۔ بھجن ۔ چلو رادھے تورے شام بلاوے

۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**

ریکارڈ ’’ہماری جاگیریں اور سمستان،، تقریر ۔ این کرشنا چاری ۔ ریکارڈ

۶ - ۰ **مرہٹی نشریات**

نرہرراؤ ۔ پد ۔ ’’حیدرآباد کا امن‘‘ تقریر نارائن راؤ ۔ نرہرراؤ ۔ پد

۶ - ۳۰ امان اللہ خاں ۔ خیال یمن ۔ تورے نرنکھار

۶ - ۴۵ استاریاں بھجن (۱) بمہا چلو نگر باھماری

۷ - ۰ نظمیں ساز وں کے ساتھ (۲) سو رامن لاگا رام

۷ - ۱۰ **بچوں کے لیے**

’’چھاپہ خانہ،، تقریر صفی اللہ احمد ریکارڈ سنو ۔ نظم ۔ افتخار احمد اقبال کہانی ۔ باجہ سنو ۔ کہانی ۔ وقار احمد

۷ - ۴۵ استاریا ۔ بھجن (۱) وہ مورے من ’’سنی سنائی،، (۲) گیت سناؤں پر بھو

۸ - ۰

۸ - ۵ نر ہر راؤ ۔ بھجن ۔ جمنا میں کیسے جاؤں کنہیا

۸ - ۱۰ ’’خاکہ نگاری،، تقریر محمد بن عمر

۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں

۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۹ - ۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا ۔ باگیسری

۹ - ۱۵ امان اللہ خاں ۔ خیال درگا ۔ دیکھو سکھی مانت ناھی

’’دوررس،،

۹ - ۳۰ شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک ۔ پنڈت رام نواس شرما

۹ - ۳۵ بھجن کے ریکارڈ

۹ - ۴۵ اسٹوڈیو فن کار ۔ غزلیں (۱) اے قافلے والو سچ کہنا ہے وجہہ تو ہم ناکام نہیں (شاھد صدیقی)
(۲) زندگی ہے مگر پرائی ہے (جگر)

۱۰ - ۰ ’’تصویر،، ڈرامہ نوشتہ عفت عزیز

۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

چہارشنبہ ۱۷ - بہمن سنہ ۱۳۵۷ ف

۱۷ - ڈسمبر سنہ ۱۹۴۷ ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ

۹ - ۰ محمد علی نعتیہ گانے (۱) اے کہ تیرے وجود پر خالق دو جہاں کو ناز (۲) وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا (حالی)

۹ - ۱۵ خبریں

۹ - ۲۰ جہانگیر علی بیگ - غزلیں
(۱) کب سے ہے ابتدا نہیں معلوم (امجد)
(۲) پردہ چہرہ سے اٹھا انجمن آرائی کر (اقبال)

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — دوسری نشر

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ استادی گانے (ریکارڈ)

۵ - ۲۰ اسٹوڈیو آرکسٹرا - فلمی دھن

۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**
آرکسٹرا - حیدرآباد میں منصوبہ بندی
تقریر راچندر راؤ - فلمی دوگانے

۶ - ۰ **فارسی نشریات**
ریکارڈ "جامعہ عثمانیہ اور فارسی"
تقریر قاری کلیم اللہ - ریکارڈ
اخباری تبصرہ

۶ - ۳۰ شوقین فنکاروں کو سنئیے

۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**
"ادبی محفل" جسے مشتاق جلیلی نے لکھا ہے

۷ - ۴۵ محمد علی غزلیں (۱) دیوانہ روئے یار بھی ہوں میں حسن رخ دلدار بھی ہوں
(۲) جسے ہر بشر نہ سمجھ سکے وہ طلسم پردۂ راز ہوں

۸ - ۰ "سنی سنائی"

۸ - ۵ جہانگیر علی بیگ - غزل - کسی کے حسن سے دنیا تجلی بن گئی اپنی (حسرت)

۸ - ۱۰ "پروفیسر میکس پلانک"
تقریر - ڈاکٹر رضی الدین صدیقی

۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں

۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۹ - ۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۵ یوروپی موسیقی (ریکارڈ)

۹ - ۴۵ "میرے پسندیدہ ادیب" انگریزی
تقریر پروفیسر عزیز احمد

۱۰ - ۰ یوروپی موسیقی (ریکارڈ)

۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

محمود معین الدین سلیم
جو بچوں کے پروگرام میں حصہ لیتے ہیں

شیخ داؤد
ہماری نشرگاہ کے طبلہ نواز

جمعرات ١٨ - بہمن سنہ ١٣٥٧ ف

١٨ - ڈسمبر سنہ ١٩٤٧ ع

صبح — **پہلی نشر**

٣٠ - ٦ منتخب ریکارڈ

٠ - ٧ علی محمد حسین ۔ سوز و سلام

١٠ - ٧ خبریں

٢٠ - ٧ گروہ سجادیہ ۔ نوحے

٣٠ - ٧ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

٠ - ٥ اردو میں خبریں

٥ - ٥ غلام صدیق خاں ۔ خیال پوریا
دھناسری
بل بل جاؤں تورے گاؤں کے لوگ
برے (بلمپت)
پائیلیا کی جھنکار توری رے (درت)

٢٠ - ٥ قائم حسین خاں ۔ سارنگی

٣٠ - ٥ **تلنگی نشریات**
ریکارڈ " چند سا نحیے "، تقریر ۔
کے ۔ سبا راؤ ۔ ریکارڈ

٠ - ٦ **مرہٹی نشریات**
آرکسٹرا " حیدرآباد اور ہندوستان کے
تعلقات "، تقریر ۔ پھاٹک فلمی گانے

٣٠ - ٦ غلام صدیق خاں ۔ خیال بھیم پلاس
سکھی من لاگے مورے پھروا جیارا
میں آن بان (بلمپت)
برج میں دھوم مچائی کانہانے (درت)

٤٥ - ٦ لچھمن راؤ ۔ غزلیں (١) مری آہ رنگ
دکھا گئی مرے نالے کام یہ کر گئے
(معین)
(٢) تجھکو دل سے جو پیار کرتے ھیں
(والاشان حضرت شجیع)

٠ - ٧ علی محمد حسین ۔ سلام و مرثیہ

١٥ - ٧ **بچوں کے لئے**
" سب رس "، بھائیوں کا پروگرام

٤٥ - ٧ گروہ سجادیہ ۔ نوحے

٠ - ٨ " سنی سنائی "

٥ - ٨ لچھمن راؤ ۔ بھجن ۔
گردھریا رنگ لائی سکھی ری میں

١٠ - ٨ " ڈالر کا مسئلہ "، تقریر ۔
مظہر احسن گیلانی

٢٠ - ٨ مرہٹی میں خبریں

٢٥ - ٨ کنڑی میں خبریں

٣٠ - ٨ اردو میں خبریں

٤٠ - ٨ انگریزی خبریں

٥٠ - ٨ تلنگی میں خبریں

٠ - ٩ ضروری اطلاعیں

٥ - ٩ سید ذاکر علی ۔ غزلیں ۔
(١) دل مٹ گیا قرار گیا زندگی گئی (جامی)
(٢) آکہ تجھ بن اس طرح اے دوست
گھبراتا ہوں میں (جگر)

٢٠ - ٩ غلام صدیق خاں ۔ خیال پوریا ۔
پار نہ پایو تیرو کرتار (بلمپت)
مورمن رنگ کرسیاں ولے (درت)

٣٠ - ٩ " ریڈیو کی ڈاک "، ندیم

۹ - ۴۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا بسنت
۹ - ۵۰ میاں خان ۔ نعتیہ غزلیں
(۱) وہ بزم خاص جو دربار عام ہوجائے
(امیر مینائی)

(۲) ذرا رخ سے پردہ اٹھا دیجئے گا
۱۰ - ۰۰ ” نیا حیدرآباد “ (سلسلۂ نمبر ۲)
خاص پروگرام
۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

لاسلکی اور پولیس

مئی ۱۹۲۵ع میں ایک بین الاقوامی پولیس کانفرنس ہوئی ۔ لاسلکی کے سگنل کا مظاہرہ نیو یارک میں کرکے ثابت کیا گیا کہ ارباب پولیس کسطرح لاسلکی کو استعمال کر سکتے ہیں پولیس کے ایک جوان کو موصولی آلہ دیا گیا اور پولیس کے صدر مرکز سے لاسلکی کے ذریعہ ہوشیار رہنے کا سگنل ترسیل کیا گیا جرم اور مجرم کی تفصیلات سن کر پولیس والا آسانی کے ساتھ مجرم کا پتہ چلائیگا ۔

۱۹۲۶ع میں پولیس نے کوئی دوسو چوکیوں میں ایسے آلے لگا دئے ۔ شروع شروع میں جب یہ انتظام کیا گیا تو نیو یارک کی بلدی نشرگاہ سے ضرورت کے وقت پروگرام روک کر ضروری اطلاع ترسیل کی گئی جس کی خاص زبان صرف متعلقہ پولیس والے ہی سمجھسکتے تھے ۔ مثلا ایک مرتبہ تمام پروگرام سننے والے اس اطلاع کو سن کر پریشان ہوگئے اور ان کی سمجھ میں کچھ آیا ہی نہیں کیونکہ اس کا مطلب تو صرف پولیس والے ہی سمجھ سکتے تھے ۔

” برازیل کی شکر کو وھیل مچھلیاں پسند ہیں “

اسی نشرگاہ سے ایک مرتبہ ایک جوھری کی دوکان میں چوری کی اطلاع سنائی گئی ۔ تمام چوکیوں کے پولیس والوں نے سنکر خود کو خبر دار کردیا اور جب چور جواھرات لے کر ایک چوکی پر سے گزرا تو اس کو گرفتار کرلیا گیا ۔ امریکہ کے پولیس والوں کی موٹروں میں بھی لاسلکی آلے لگا دئے گئے ہیں ۔

انگلستان میں میٹروپالی ٹن پولیس فورس لاسلکی استعمال کرتی ہے ۔ برائٹن کی پولیس نے اپنی موٹر سیکلوں میں لاسلکی آلے لگا رکھے ہیں ۔ ڈربی کے گھوڑ دوڑ میں پولیس لاسلکی کا نہایت موثر استعمال کرتی ہے ۔ اسی طرح بڑے بڑے جلسوں جلوسوں مظاہروں اور اجتماعوں کے موقعوں پر بھی پولیس لاسلکی کے ذریعہ انتظامات کرتی ہے ۔

جمعہ ۱۹ بہمن سنہ ۱۳۵۷ ف

۱۹ ۔ ڈسمبر سنہ ۱۹۴۷ ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ قرات کلام اللہ مع تفسیر۔
قاری محمد عبد الباری
۸ - ۴۵ نعت ۔ عزیز الدین
۸ - ۵۵ شہاب الدین اور ساتھی ۔ نعتیہ گانے
(۱) کھوئے گئے ہم خود بھی دل کو بھی
گنوا بیٹھے (توفیق)
(۲) غضب کیا ترے وعدہ پہ اعتبار
کیا (داغ)
۹ - ۱۵ خبریں
۹ - ۲۰ نعتیہ گانے (ریکارڈ)
۹ - ۳۰ ہفتہ وار اخباری تبصرہ
۹ - ۴۰ شہاب الدین اور ساتھی ۔ قوالی ۔
(۱) آفت میں پھنسا ہوں میں دل اس
بت سے لگا کے
(۲) ترے جلوے میں گم ہو کر خودی
سے بے خبر ہو کر (اصغر گونڈوی)

ساعت خواتین

۱۰ - ۰ ” سائنسی دھلوائی ،، تقریر زیبا سیف الدین
۱۰ - ۱۰ مسز ہادی ۔ مرثیہ
۱۰ - ۱۵ ”گھریلو مصروفیتیں ،، تقریر
نزہت سلطانہ
۱۰ - ۲۵ آپکا خط ملا ۔ شکریہ
۱۰ - ۳۰ نعت ۔ افضل زبیدہ
۱۰ - ۳۵ ” اپنی باتیں ،،
۱۰ - ۴۵ ”سچائی ،، فیچر نوشتہ سلمان جاوید
۱۱ - ۱۵ فاطمہ بیگم اور ساتھی ۔ مرثیے
۱۱ - ۳۰ مسز عباس علی خاں ۔ سلام و مرثیہ
۱۱ - ۴۵ مسز ہادی ۔ سلام
۱۱ - ۵۰ فاطمہ بیگم اور ساتھی ۔ مرثیہ
۱۲ - ۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں
۵ - ۵ شہاب الدین اور ساتھی ۔ خمسہ
دل مورد غم دیکھا صد چاک جگر
دیکھا (جگر)
نعتیہ ٹھمری ۔ مورے گھر آج محمد آئے
۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**
ستار ” حیدرآباد میں تلنگی زبان ،،
تقریر ۔ ایم تاتاچاری ۔ فلمی گانا
۶ - ۰ **عربی نشریات**
”سیرۃ حضرت امام مالک رح ،،
تقریر حبیب مصطفےٰ ۔ ریکارڈ
اخباری تبصرہ
نعت ۔
۶ - ۳۰ شرافت حسین خاں ۔ استادی گانا
۶ - ۴۵ عزیز احمد خان وارثی ۔ فانی کی غزلیں
(۱) چمکا دیا ہے رنگ چمن لالہ زار نے
(۲) عشق فنا کا نام ہے عشق میں
زندگی نہ دیکھ
۷ - ۰ شرافت حسین خاں ۔ استادی گانا
۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**
ریکارڈ سنو
۷ - ۴۵ ” جھلکیاں ،،

۷ - ۵۵ عزیز احمد خاں - غزل -
۸ - ۰ " سنی سنائی "
۸ - ۵ عبد المنان - نعتیہ نظم
۸ - ۱۰ " شہدائے کربلا "، تقریر
مرزا مہدی حسین
۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں
۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں
۸ - ۳۰ اردو میں خبریں
۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں
۹ - ۰ ضروری اطلاعیں
۹ - ۵ شہاب الدین اور ساتھی - غزلیں -

(۱) بربادیوں کو میرے ٹھکانے
لگا دیا (توفیق)
(۲) بجز تمہارے کہوں کس سے یا
غریب نواز (بیدم)
۹ - ۳۰ شرافت حسین خاں - استادی گانا
۹ - ۴۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا - چندر کونس
۹ - ۵۵ غزلیں (ریکارڈ)
۱۰ - ۱۰ شہاب الدین اور ساتھی نعتیہ غزلیں
(۱) اہل بصر کو ہر جگہ جلوہ گہ
حبیب ہے (دل)
(۲) قبلہ دیں مدد ے کعبہ ایماں مدد ے
۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

فرانسیسی ضروری امدادی پیام

پوسٹ بے ویژین نشرگاہ نے رات میں آٹھ بجکر تینتالیس منٹ پر ضروری امدادی پیام (ایس ، او ایس) نشر کیا کہ ایک ڈاکٹر کو کسی بچے کے لئے جو سخت بیار تھا ایک خاص دوا کی ضرورت ہے - دو منٹ بعد ایک سننے والے نے ٹیلیفون پر نشرگاہ کو اطلاع دی کہ وہ دوا اس کے پاس ہے وہ ڈاکٹر سے ملنے کی کوشش کر رہا ہے - اس کے بعد دوسری ٹیلیفونی اطلاعیں آئیں کہ وہ اس دوا کو موٹر خصوصی ریل اور ایک صاحب نے یہ کہا کہ وہ ہوائی جہاز کے ذریعہ پہنچا رہے ہیں - ۹ بجکر ۷ منٹ پر پہلے شخص نے اطلاع دی کہ وہ ڈاکٹر سے مل چکا ہے - ۹ بجکر ۱۰ منٹ پر پوسٹ بے ویژین نشرگاہ نے نشر کیا کہ ضروری امدادی پیام کامیاب ہوگیا اور ڈاکٹر کو دوا مل گئی - اس پوری کارروائی میں یعنی نشرگاہ سے پہلا اعلان ہونے ڈاکٹر کو دوا ملنے اور دوا ملنے کے بعد نشرگاہ کو خبر ملنے اور اس کی اطلاع نشر کرنے میں کل ۲۷ منٹ لگے -

کرہ نمبر (۳۴۷) فونوگراف کی ایجاد کے زمانے سے جو آوازیں ریکارڈ کی گئی ہیں وہ سب کمرہ نمبر (۳۴۷) میں محفوظ ہیں -

" ٹینی "، گلیڈ اسٹون فلارنس ٹاٹ انگیل سارہ ، برن ہارڈ ، امریکہ کے صدر ٹافٹ - ویسن اور روزولٹ - غرض پانچ ہزار آوازیں اس کمرے میں بند ہیں -

سنہ ۱۹۳۸ع سے اب تک اور کئی ہزار آوازیں محفوظ ہوگئی ہونگی انکی بی بی سی کا یہ ذخیرہ برطانوی قوم کا نہایت ہی قیمتی زمانہ ہے جس پر اگلی تمام نسلیں فخر کریں گی -

(۵) تہواروں ، تقریبوں کے موقعوں پر خاص پروگرام

مائی کروفون کے قریب زور سے سانس لی جائے تو سامعین آوازیں لیتے ہیں -

ہفتہ ۲۰ - بہمن سنہ ۱۳۵۷ ف

۲۰ - ڈسمبر سنہ ۱۹۴۷ ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ

۹ - ۰ اصغر علی - غزلیں - ۱) نہیں منت کش
تاب شنیدن داستاں میری
۲)دل وہ آباد نہیں جس میں تری یاد نہیں

۹ - ۱۵ خبریں

۹ - ۲۰ اصغر علی - غزل - اجازت ہوتو تیرا
کھیل اے آسماں کھیلیں (حزیں)

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ محمد حسین لاہور والے - عام پسند گانے

۵ - ۲۰ عبد الکریم - غزل - جوتھا نہیں ہے
جو ہے نہ ہوگا یہی ہے ایک حسرت
مجرمانہ (اقبال)

۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**

ریکارڈ'' نیا حیدرآباد ،، تقریر -
کے سیتا رامیا - ریکارڈ

۶ - ۰ **کنڑی نشریات**

عورتوں کے لئے خاص پروگرام

۶ - ۳۰ محمد حسین لاہور والے - خیال پوریا
دھنا سری

۶ - ۴۵ سید عابد حسین رضوی اور ساتھی -
سوز و سلام

۷ - ۰ عبد الکریم - جگر کی غزلیں -
(۱) شورش کائنات نے مارا
(۲) نہ چھیڑا نکے تصور میں اے بہار مجھے

۷ - ۱۰ **بچوں کے لئے**

ریڈیو کلب کی خبریں - ریکارڈ -'' ڈرا،
تقریر مظفر حسین شمیم - گانا غوث منور -
کہانی - اختر مسعود - ریکارڈ -
معمہ سنو -

۷ - ۴۵ نثار حسین اور ساتھی - مرثیے

۸ - ۰ '' سنی سنائی ،،

۸ - ۵ عبد الکریم - غزل -
کیا چھپاتے کسی سے حال اپنا (فانی)

۸ - ۱۰ ''سزا اور بچے ،، تقریر محمد حنیف

۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں

۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۹ - ۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۵ محمد حسین لاہور والے - غزلیں

۹ - ۲۰ اسٹوڈیو آرکسٹرا - عرب کی شام

۹ - ۳۰ نثار حسین اور ساتھی - سوز و سلام

۹ - ۴۵ عبد الکریم - غزل - انجام وفور حسرت
کا الفت میں کیا ہی خوب ہوا (بیدم)

۹ - ۵۵ منتخب ریکارڈ

۱۰ - ۱۵ محمد حسین لاہور والے - کلام اقبال

۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

نشر کے دوران میں مائی کروفون کو ہاتھ نہ لگانا چاہئے ۔

۷-۵۵ عزیز احمد خاں ۔ غزل ۔
۸-۰ '' سنی سنائی ''
۸-۵ عبد المنان ۔ نعتیہ نظم
۸-۱۰ '' شہدائے کربلا '' تقریر
مرزا مہدی حسین
۸-۲۰ مرہٹی میں خبریں
۸-۲۵ کنڑی میں خبریں
۸-۳۰ اردو میں خبریں
۸-۴۰ انگریزی میں خبریں
۸-۵۰ تلنگی میں خبریں
۹-۰ ضروری اطلاعیں
۹-۵

(۱) بربادیوں کو میں نے [illegible]
لگا دیا (توفیق)
(۲) بجز تمہارے [illegible]
غریب نواز (بیدم)
۹-۳۰ شرافت حسین خاں ۔ [illegible]
۹-۴۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا ۔
۹-۵۵ غزلیں (ریکارڈ)
۱۰-۱۰ شہاب الدین اور ساتھی [illegible]
(۱) اھل بصر کو ھر جگہ جلوۂ [illegible]
حبیب ہے (دل)

۵-۰ اردو میں خبریں
۵-۵ ملہار راؤ ۔ بھجن
۵-۲۰ جاشوا ۔ ستار
۵-۳۰

تلنگی نشریات

وائلن '' حیدرآباد میں تجارت ''
تقریر یں ۔ سندر رامیا ۔ ریکارڈ

۶-۰

مرہٹی نشریات

وائلن ۔ افسانہ ۔ ریکارڈ
۶-۳۰ عبد الرشید خاں ۔ استادی گانا
۶-۴۵ محمد یعقوب ۔ غزل ۔ کوئی نہیں
شریک غم روزگار آج (احسان دانش)
گیت ۔ رات کو پی بن نیند نہ آئے
(الطاف مشہدی)
۷-۰ وینکٹ راؤ ۔ بھجن

[illegible]
کیسے کہ کیسے نہ کرئیے
۹-۱۵ محمد یعقوب ۔ غزلیں ۔
(۱) محبت میں ہم پر یہ کیا وقت آیا (ساغر)
(۲) مرنے کی دعائیں کیوں مانگوں
جینے کی تمنا کون کرے (جذبی)
۹-۳۰ عبد الرشید خاں ۔ غزلیں
(۱) مئے منصور پلادے ساقی (جگر)
(۲) تری ترچھی نظر کا تیر ہے مشکل سے
نکلے گا (فانی)
۹-۴۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا ۔ کھماج
۹-۵۵ منتخب ریکارڈ
۱۰-۵ عبد الرشید خاں ۔ خیال سگرالی [illegible]
۱۰-۱۵ محمد یعقوب ۔ غزلیں
(۱) وات [illegible] شباب کی باتیں ([illegible])
(۲) [illegible]

منتخب ریکارڈ

۹ - ۰

ی نوحے

د ئن

شام ... وری ...

۵ - ۰ شبیر خان ـ خیال پوریا دھناسری ـ
ککوا بولے موری اٹریا

۵ - ۲۰ خواجہ محمود بیگ ـ غزل ـ
عہد رفتہ نے رلایا رولئے (شعری)

۵ - ۳۰ <u>تلنگی نشریات</u>
ریکارڈ '' حیدرآباد میں صنعتی ترقی ''
تقریر ہی ـ رامچندر راؤ ـ فلمی دوگانے

۶ - ۰ <u>کنڑی نشریات</u>

بچوں کا پروگرام

۶ - ۳۰ شبیر خان ـ خیال یا گسیری ـ کون گت بھی

۶ - ۴۵ خواجہ محمود بیگ ـ غزلیں
(۱) خدا سے بھی دل پر درد مانگوں
چشم تر مانگوں (ضامن کنتوری)

ـ پروگرام

... مندی ـ فارسی نوحے

۸ - ۰ '' سنی سنائی ''

۸ - ۵ شبیر خان ـ غزل کب سے ہے
ابتدا معلوم نہیں

۸ - ۱۰ '' مالفتی '' تقریر ابن علی

۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں

۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۹ - ۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۵ خواجہ محمود بیگ ـ غزلیں
کس کس کو بے خودی میں سنائے
نہیں گئے
(شہزادہ والاشان حضرت شجیع)
(۲) خدا اثر سے بچائے اس آستانہ کو
(فانی)

۹ - ۲۰ اسٹوڈیو آرکسٹرا ـ درگا

۹ - ۳۰ '' نغمے اور ساز '' (ریکارڈوں کا
پروگرام)

۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

... شکایت ... اپنی شکایت بتائیے مگر اس
... آپ کے لئے تیار ہی یا نہیں ـ

اتوار ۲۱ - بہمن سنہ ۱۳۵۷ ف

۲۱ - ڈسمبر سنہ ۱۹۴۷ ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ
۹ - ۰ وینکٹ راؤ - بھجن
۹ - ۱۵ خبریں
۹ - ۲۰ محمد یعقوب - گیت
(۱) آنسو بھر بھر آئے
۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — دوسری نشر

۵ - ۰ اردو میں خبریں
۵ - ۵ ملہار راؤ - بھجن
۵ - ۲۰ جاشوا - ستار
۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**
وائلن " حیدرآباد میں تجارت "
تقریر یں - سندر رامیا - ریکارڈ
۶ - ۰ **مرہٹی نشریات**
وائلن - افسانہ - ریکارڈ
۶ - ۳۰ عبد الرشید خان - استادی گانا
۶ - ۴۵ محمد یعقوب - غزل - کوئی نہیں شریک غم روزگار آج (احسان دانش)
گیت - رات کو پی بن نیند نہ آئے (الطاف مشہدی)
۷ - ۰ وینکٹ راؤ - بھجن
۷ - ۱۰ **بچوں کے لئے**
حضرت کے جواب
۷ - ۴۵ عبد الرشید خان - استادی گانا
۸ - ۰ " سنی سنائی "
۸ - ۵ محمد قادر محی الدین - توجہ
۸ - ۱۰ " تربیت جنسی " تقریر - ڈاکٹر محمد عبد الحی
۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں
۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں
۸ - ۳۰ اردو میں خبریں
۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں
۹ - ۰ ضروری اطلاعیں
۹ - ۵ عبد الرشید خان - خیال یمن
کیسے کہ کیسے نہ کرئیے
۹ - ۱۵ محمد یعقوب - غزلیں -
(۱) محبت میں ہم پر یہ کیا وقت آیا (ساحر)
(۲) مرنے کی دعائیں کیوں مانگوں جینے کی تمنا کون کرے (جذبی)
۹ - ۳۰ عبد الرشید خان - غزلیں
(۱) مئے منصور پلادے ساقی (جگر)
(۲) تری ترچھی نظر کا تیر ہے مشکل سے نکلے گا (فانی)
۹ - ۴۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا - کھماج
۹ - ۵۵ منتخب ریکارڈ
۱۰ - ۵ عبد الرشید خان - خیال سگرائی پیا بنجارہ
۱۰ - ۱۵ محمد یعقوب - غزلیں
(۱) وقت پیری شباب کی باتیں (امجد)
(۲) کیسے بتائے کوئی خون آرزو کیا ہے (ریاض)
۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

پیر ۲۲ - بہمن سنہ ۱۳۵۶ف

۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۴۶ء

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ
۹ - ۰ حکیم میر داور علی اور ساتھی - سوز و سلام
۹ - ۱۵ خبریں
۹ - ۳۰ عون آفندی - فارسی نوحے
۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں
۵ - ۵ شبیر خان - خیال پوریا دھناسری - ککوا بولے موری اٹریا
۵ - ۲۰ خواجہ محمود بیگ - غزل - عہد رفتہ نے رلایا رولائے (شعری)
۵ - ۳۰ تلنگی نشریات
ریکارڈ " حیدرآباد میں صنعتی ترقی "
تقریر بی - راجندر راؤ - فلمی دوگانے
۶ - ۰ کنڑی نشریات

بچوں کا پروگرام

۶ - ۳۰ شبیر خان - خیال یا گسیری - کون گت بھی
۶ - ۴۵ خواجہ محمود بیگ - غزلیں
(۱) خدا سے بہی دل پر درد مانگوں
چشم تر مانگوں (ضامن کنتوری)
(۲) مجھے یاد کیا نہیں ہے مرے دل
کا وہ زمانہ (اقبال)
۷ - ۰ حکیم میر داور علی اور ساتھی - مرثیے
۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**
چھوٹے بچوں کا پروگرام
۷ - ۴۵ عون آفندی - فارسی نوحے
۸ - ۰ " سنی سنائی "
۸ - ۵ شبیر خان - غزل کب سے ہے ابتدا معلوم نہیں
۸ - ۱۰ " ماتحتی " تقریر ابن عی
۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں
۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں
۸ - ۳۰ اردو میں خبریں
۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں
۹ - ۰ ضروری اطلاعیں
۹ - ۵ خواجہ محمود بیگ - غزلیں
کس کس کو بے خودی میں سنائے نہیں گئے
(شہزادہ والاشان حضرت شجیع)
(۲) خدا اثر سے بچائے اس آستانہ کو
(فانی)
۹ - ۲۰ اسٹوڈیو آرکسٹرا - درگا
۹ - ۳۰ " نغمے اور ساز " (ریکارڈوں کا پروگرام)
۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

آپ سے ایک گذارش

اگر ہمارے پروگراموں سے آپ کو کوئی شکایت ہو تو ہمیں اپنی شکایت بتائیے مگر اس کا خیال رکھئے کہ جس پروگرام سے آپ کو شکایت ہے وہ آپ کے لئے تھا بھی یا نہیں ۔

مقرر کے ساتھ کسی کو اسٹوڈیو میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوتی ۔

سنگل ۲۳ - بہمن سنہ ۱۳۵۷ ف

۲۳ - ڈسمبر سنہ ۱۹۴۷ ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک اور ترجمہ - پنڈت رام نواس شرما

۸ - ۴۰ آر - این - جوشی - بھجن

۸ - ۵۵ منتخب ریکارڈ

۹ - ۱۵ خبریں

۹ - ۲۰ این - آر جوشی - بھجن

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ وٹھل راؤ - پٹ دیپ - پیا ناھیں آئے

۵ - ۲۰ حبیب عبدالکریم - غزل - حسن معنی کی قسم جلوۂ صورت کی قسم (جگر)

۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**

فلمی گانے - تقریر

نروتم ریڈی - ریکارڈ

۶ - ۰ **مرہٹی نشریات**

دیوی داس آپٹے - گانا ''مرہٹی ادب''

تقریر جولکر

دیوی داس آپٹے - گانا

۶ - ۳۰ وٹھل راؤ - بھجن

(۱) تم بن موری کون

(۲) اے ري سیکھا دھاوت

۶ - ۴۵ حبیب عبدالکریم - کلام اقبال

۷ - ۰ وٹھل راؤخیال شدھہ کلیان منڈر باجو

۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**

ایک تقریر سنو - آرکسٹرا - کہانی - سلطانہ - ریکارڈ - تقریر - امجد یوسف زئی - وسیم - گانا - کہانی - عبدالسمیع ریکارڈ

۷ - ۴۵ سید ذاکر علی - غزلیں (۱) شمع کا جلنا ہے یا سوزش پروانہ ہے (حسرت)

(۲) وہ کبھی اپنے مقابل نہیں ہونے پاتے (شہزادہ والا شان حضرت شجیع)

۸ - ۰ '' سنی سنائی ''

۸ - ۱۰ '' صفائی اور صحت '' تقریر ڈاکٹر وجیہ اللہ علوی

۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں

۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۹ - ۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۵ وٹھل راؤخیال درباری - دورنہ سے کچھ کام

۹ - ۲۰ اسٹوڈیو آرکسٹرا - دیس

۹ - ۳۰ سید ذاکر علی - غزلیں

(۱) آرزو ہے وفا کرے کوئی (داغ)

(۲) کسی مست شباب کی دنیا (امجد)

۹ - ۴۵ وٹھل راؤ - بھجن - ودرگھر جائے

۹ - ۵۵ منتخب ریکارڈ

۱۰ - ۱۰ سید ذاکر علی - عام پسند گانے

۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

چہار شنبہ ۲۴ - بہمن سنہ ۱۳۵۷ف

۲۴ - ڈسمبر سنہ ۱۹۴۷ع

صبح **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ
۹ - ۰ محبوب خاں - نعتیہ غزلیں
۹ - ۱۵ اردو میں خبریں
۹ - ۲۰ عبدالشکور - غزل - سجدوں کا جبیں پرہے نشان دیکھتے کیا ہو(شوکت)
۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں
۵ - ۵ محبوب خاں - غزل
۵ - ۱۵ عبدالشکور - غزلیں (۱) حال بھی ماورائے حال بھی ہے (جگر)
(۲) عشق کی فطرت ازل سے حسن کی منزل میں ہے (اصغر)
۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**
ریکارڈ ” محصول آمدنی ،، تقریر اے - کے - رام راؤ - ریکارڈ
۶ - ۰ **فارسی نشریات**
ریکارڈ ” عمر خیام ،، تقریر آقا - جعفرعلی - ریکارڈ - اخباری تبصرہ
۶ - ۳۰ شوقین فن کاروں کو سنئے
۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**
ندی کابھوت فیچر نوشتہ اظہر افسر
۷ - ۴۵ ” محفل ساز ،،
۸ - ۰ ” سنی سنائی ،،
۸ - ۵ نظم خوانی
۸ - ۱۰ ” جینے کے ڈھنگ ،، تقریر محمود حسین خاں
۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں
۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں
۸ - ۳۰ اردو میں خبریں
۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں
۹ - ۰ ضروری اطلاعیں
۹ - ۵ یوروپی موسیقی (ریکارڈ)
۹ - ۱۵ ” کرسمس ،، انگریزی ڈرامہ نوشتہ مسز ایم بچایا
۹ - ۴۵ ” کرسمس ،، انگریزی تقریر - پیچ
۱۰ - ۰ مائیکل نکلس اور ساتھی - یوروپی موسیقی
۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

نوا کی جلد

محبوبیہ کارخانہ جلد سازی (بلدہ حیدرآباد) نے نوا کی حفاظت کے لئے ایک خوبصورت جلد تیار کی ہے جس پر نوا چھپا ہوا ہے اور ایک جلد تحفتاً ہمیں بھیجی ہے - محبوبیہ کارخانہ جلد سازی کے ہم شکر گزار ہیں -

جمعرات ۲۵ بہمن سنہ ۱۳۵۷ ف
۲۵ - دسمبر سنہ ۱۹۴۷ ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ
۹ - ۰ مرزا محمد علی بیگ - سوز و سلام
۹ - ۱۵ خبریں
۹ - ۲۰ سید ابرار حسین - نوحے
۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — دوسری نشر

۵ - ۰ اردو میں خبریں
۵ - ۵ قربان حسین - استادی گانا
۵ - ۲۰ کنہیالعل - غزل - آنکھوں آنکھوں میں کچھ پیام آیا (میکش)
۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**
بلبل ترنگ - "تعلیم بالغان،، تقریر
پی - وی سبا راؤ - ریکارڈ
۶ - ۰ **مرھٹی نشریات**
ستار "نیا حیدر آباد،، تقریر نارائن راؤ
ھنڈیکر - ریکارڈ
۶ - ۳۰ مرزا محمد علی بیگ - مرثیے
۶ - ۵۰ رشید علی خاں - سلام
۷ - ۰ سید ابرار حسین - مرثیے
۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**
" نورس ،، لڑکیوں کا خاص پروگرام
۷ - ۴۵ قربان حسین - استادی گانا
۸ - ۰ " سنی سنائی ،،
۸ - ۵ رشید علی خاں - نظم
۸ - ۱۰ "کرسمس،، تقریر لکشمی پتی
۸ - ۲۰ مرھٹی میں خبریں
۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں
۸ - ۳۰ اردو میں خبریں
۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں
۹ - ۰ ضروری اطلاعیں
۹ - ۵ قربان حسین - استادی گانا
۹ - ۲۰ کنہیا لعل - غزل - کچھ تجھکوخبر ہے ہم کیا کیا اے گردش دوراں بھول گئے (مجاز)
۹ - ۳۰ " ریڈیو کی ڈاک ،، ندیم
۹ - ۴۵ غزل - گیت - اور بھجن (ریکارڈ)
۱۰ - ۰ " نیا حیدر آباد،، (سلسلہ نمبر ۳)

خاص پروگرام

۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

امریکہ کے مایوس کن پروگرام

ڈاکٹر بی - ڈی فارسٹ امریکہ کے مشہور موجد اور امریکی نشریات کے معاروں میں سے ایک ھیں۔ انہوں نے اپنی ساٹھویں سالگرہ کے موقع پر یونائیٹیڈ پریس کے نمائندہ سے کہا" امریکہ کے نشری پروگرام نہ صرف کمزور ھیں بلکہ وقتاً فوقتاً جو اشتہاری اعلانات ٹھونس دئیے جاتے ھیں ان سے طبیعت زچ ھوجاتی ہے - یہ پروگرام وہ نہیں جن کا تصور میں نے شروع میں باندھا تھا۔

جمعہ ۲۶ ۔بہمن سنہ ۱۳۵۷ ف

۲۶ ۔ڈسمبر سنہ ۱۹۴۷ ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰ قرأت کلام اللہ معہ تفسیر ۔ قاری محمد عبدالباری

۸ - ۴۵ نعت ۔ مظہر الدین

۸ - ۵۵ علی بخش اور ساتھی ۔ نعتیہ کلام

(۱) بخت خفتہ کو بھی اک بار جگالے آجا (امجد)

(۲) رحمت یزداں عالم نے اٹھائی ہے نقاب

۹ - ۱۵ خبریں

۹ - ۲۰ نظم

۹ - ۳۰ ہفتہ وار اخباری تبصرہ

۹ - ۴۰ علی بخش اور ساتھی ۔ نعتیہ کلام

(۱) کملی والے مجھے کملی میں چھپالے آجا

(۲) اے باد صبا کملی والے سے جا کہیو پیغام مرا (اقبال)

ساعت خواتین

۱۰ - ۰ ''اگر عورت مرد کی جگہ لے لے'' (بات چیت)

جس میں رحمانی ۔ اور حبیبہ حصہ لیں گی ۔

۱۰ - ۱۰ رقیہ بیگم اور ساتھی ۔ سوز و سلام

۱۰ - ۱۵ ''گھریلو طبی امداد'' تقریر ڈاکٹر عقیلہ سلطانہ

۱۰ - ۲۵ آپ کا خط ملا ۔ شکریہ

۱۰ - ۳۰ محبوب بیگم ۔ مرثیہ

۱۰ - ۳۵ '' اپنی باتیں ''

۱۰ - ۴۵ '' انمول سودا '' فیچر نوشتہ نثار فاطمہ

۱۱ - ۱۵ نعتیہ گانے (ریکارڈ)

۱۱ - ۳۵ رقیہ بیگم اور ساتھی ۔ مرثیے

۱۱ - ۵۰ محبوب بیگم ۔ سلام

۱۲ - ۰ ترانہ دکن

شام — دوسری نشر

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ علی بخش اور ساتھی ۔ غزلیں

(۱) سید الانبیاء کرم کرنا

(۲) پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا (غالب)

۵ - ۳۰ تلنگی نشریات

ریکارڈ ۔ ''حیدرآباد میں عدل گستری''

تقریر ۔ وی ۔ سوریا نارائن ۔ ریکارڈ

۶ - ۰ عربی نشریات

'' قصص الاطفال'' تقریر عبداللہ بیذری

ریکارڈ ۔ اخباری تبصرہ ۔ موسیقی

۶ - ۳۰ انور حسین ۔ استادی گانا

۶ - ۴۵ حبیب الدین ۔ غزلیں

(۱) نیا ارمان ہوتا تھا نئی امید ہوتی تھی (کیفی)

(۲) تیری چتون کے شہیدوں میں یہ ناشاد بھی ہے (جلیل)

۷ - ۰ انور حسین ۔ استادی گانا

۷ - ۱۵ بچوں کے لئے

ریکارڈ سنو

۷ - ۴۵ “ جھلکیاں ”

۷ - ۵۵ حبیب الدین ـ غزل ـ دل کی قسمت میں غم تمہارا ہے (شہزادہ والاشان حضرت شخیع)

۸ - ۰ “ سنی سنائی ”

۸ - ۵ صالح بن ناصر ـ قمبوز

۸ - ۱۰ “ کھیل اور کردار ”، تقریر سید محمد ہادی

۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں

۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۹ - ۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۵ علی بخش اور ساتھی ـ خمسہ

اب تو میری بگڑی بھی سرکار بنادیجئے (ظفر)

آج دریا دلی تو اپنی دکھالے ساقی (بیدم)

“ دور درس ” (خاص پروگرام)

۹ - ۳۰ قرأت کلام اللہ ـ قاری محمد عبدالباری

۹ - ۴۰ علی بخش اور ساتھی ـ قوالی

۹ - ۵۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا ـ باغ و بہار

۱۰ - ۵ انور حسین ـ استادی گانا

۱۰ - ۱۵ حبیب الدین ـ غزلیں
(۱) کچھ کھیل نہیں ہے لیے لینا ارباب وفا کی جانوں کا (معین)
(۲) الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا (میر)

۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

ایک فیصلہ ویانا کی ایک خاتون نے اپنے پڑوسی مرد کے خلاف مقدمہ دائر کیا کہ اس کا پڑوسی رات میں دس بجے کے بعد بھی ریڈیو سنتا ہے ـ جس کی وجہ سے اس کی نیند خراب ہوتی ہے۔ مرد نے جواب دیا کہ وہ ریڈیو کا لائسنس رکھتا اور اس کی فیس ادا کرتا ہے۔ اس لئے اس کو حق حاصل ہے کہ جب کسی نشرگاہ سے پروگرام نشر ہورہا ہو وہ اپنے سٹ پر سنے ـ عورت نے جواب دیا کہ دونوں کی رہائش گاہوں میں ایک پتلی سی دیوار حائل ہے ـ جو لوڈ اسپیکر کی آواز کو نہیں روک سکتی ـ اور یہ کہ مرد بعض دفعہ صبح کے تین تین بجے تک ریڈیو چالو رکھتا ہے۔ ویانا کی عدالت مرافعہ نے فیصلہ کیا کہ مرد کی تفریح سے زیادہ اہمیت عورت کی صحت اور نیند کو حاصل ہے ـ اس لئے مرد مقررہ وقت سے زیادہ ریڈیو نہیں سن سکتا ـ

آسٹریلیا اور مدارسی نشر

حالیہ لڑائی سے ایک سال پہلے آسٹریلیا میں مدارسی نشر نے حیرت ناک مقبولیت حاصل کرلی تھی ـ جون ۱۹۳۸ء تک ایک ہزار پانچسو پینسٹھ مدرسوں میں ریڈیو لگادئیے گئے تھے ـ اور تقریباً پچاس ہزار طالب علم پروگرام سنتے یا نشریات میں حصہ لیتے تھے ـ کیپ ٹاون کی نشرگاہ کی روزانہ مدارسی نشر چار سو مدرسوں میں باقاعدہ طور پر سنی جاتی تھی ـ کیپ ٹاون کے محکمہ تعلیات نے تعلیمی مشاورتی کمیٹی بنائی ہے ـ جو مدارسی نشر کا انتظام اور نگرانی کرتی ہے۔ نشری مواد اور پروگرام ہفتہ وار شائع کیا جاتا ہے ـ دسمبر سنہ ۱۹۳۷ء کی رپورٹ بتاتی ہے کہ دس سال سے کم عمر کے بچوں کے لئے جو پروگرام نشر کیا جاتا ہے اسے ۸۷ ہزار بچوں نے سنا ـ

پنجشنبہ ۲۷۔ بہمن سنہ ۱۳۵۷ ف

۲۷۔ ڈسمبر سنہ ۱۹۴۷ ع

صبح

پہلی نشر

۳۰ - منتخب ریکارڈ

حبیب عبدالکریم۔ خیال

غزل۔ مر کر ترے خیال کو ٹالے

ہوئے تو ہیں۔

۱۵ - خبریں

۲۰ - یوسف شریف۔ گیت۔

جھوٹا سب سنسار

۳۰ - ترانہ دکن

شام

دوسری نشر

- اردو میں خبریں

۵ - مادھو راؤ۔ خیال مارو۔ بولن بنا کب

۲۰ - یوسف شریف۔ غزل۔ سیہ خانہ دل میں

یہ کون آیا (ساغر نظامی)

۳۰ - **تلنگی نشریات**

ریکارڈ تقریر

پی۔ وی شرما۔ ریکارڈ

- **کنڑی نشریات**

فلمی گانے ''عملی زندگی،، تقریر

ھنمنت راؤ۔ ریکارڈ

۳۰ - حبیب عبدالکریم۔ نعتیہ غزلیں

۴۵ - زاھد علی۔ غزل۔ آپکی آرزو کئے ھی

بنی (فانی)

گیت۔ ساجن شام بھئی گھر آؤ

۷ - ۰ مادھو راؤ۔ خیال۔ مارو

بہاگ۔ رسیا ھو نہ جا

۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**

ریڈیو کلب کی خبریں۔ ریکارڈ۔

'' ہارون رشید،، تقریر اعجازالحق

قدوسی گانا۔ عزیز الرحمن۔ کہانی

قیصر سمیع اللہ۔ معمہ سنو

۷ - ۴۵ زاھد علی۔ غزل۔ وہ دل کہ جسکو نیند

نہ آئی تمام رات (ماھر)

گیت۔ رت ہے سہانی مست ھوائیں

پی کی یاد ستائے

۸ - ۰ '' سنی سنائی ،،

۸ - ۵ یوسف شریف۔ گیت۔

کون کسی کا میت سکھی ری

۸ - ۱۰ '' یہ ھوٹلیں ،، تقریر۔

حاجی بشیر احمد خان

۸ - ۲۰ مرھٹی میں خبریں

۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۵ - جولائی سنه ۱۹۳۸ع کو پولسکی ریڈیو کے ڈائرکٹر جنرل نے انتقال کیا - عمر ۴۸ سال تھی - وارسا کے رہنے والے اور وھیں کے تعلیم یافته تھے - اگست سنه ۱۹۱۴ع میں فوجی تربیت حاصل کرکے نئی زندگی شروع کی اور جنگ عظیم میں امتیازات حاصل کئے - سنه ۱۹۳۳ع میں اسٹیٹ پریس ایجنسی کے ڈائرکٹر جنرل مقرر ہوئے اور سنه ۱۹۳۵ع میں پولسکی ریڈیو کے صدر - آخری اور ممتاز خدمت جو انہوں نے ادا کی وہ بین الاقوامی انجمن نشریات کی بجٹ کمیٹی کی صدارت تھی - اس کمیٹی نے جنیوا میں اجلاس کئے تھے - میجر اسٹار زنسکی کی موت سے سب کو صدمه ہوا - خاص طور پر پولسکی ریڈیو والوں کو کیونکه انہوں نے مرنے سے کچھ گھنٹے پہلے تک اپنے اداره میں کام کیا تھا -

---

روزانه پچاس منٹ دوران کی خبریں نشر کی جاتی ہیں -

ہفتہ ۱۰ - اسفندار سنہ ۱۳۵۷ ف

۱۰ - جنوری سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح . پہلی نشر

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ

۹ - ۱۵ خبریں

۹ - ۲۰ منتخب ریکارڈ

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام دوسری نشر

۵ - ۰۰ اردو میں خبریں

۵ - ۰۵ مشتری بائی آگرہ والی-خیال بھیم پلاس
اب تو بڑبیر بھئی

۵ - ۱۵ سید احمد - غزلیں (۱) ہر شئے مسافر
ہر چیز راہی (اقبال)
(۲) مآل سوز غم ہائے نہانی دیکھتے
جاؤ (فانی)

۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**
وائلن- ''امن عامہ'' تقریر - سی- ایس
نائیڈو - ریکارڈ

۶ - ۰۰ **کنڑی نشریات**
ریکارڈ - افسانہ - ھنمنت راؤ -ریکارڈ

۶ - ۳۰ مشتری بائی - استادی گانا -

۶ - ۴۵ محمد وزیر - گیت - سجن پردیسی
بالم پردیسی
غزل - انوکھی وضع ہے سارے زمانے
سے نرالے ہیں

۷ - ۰۰ سید احمد دادرا -
انکھیاں لاگی سندر میں جل کیوری
غزل - جام نو گردش میں لانے کا
زمانہ آگیا (شاھد صدیقی)

۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**
ایک شعر سنو
ریڈیو کلب کی خبریں - ریکارڈ
کل کے شہری تقریر سلیمان اریب - ایک
مزے کی نظم سنو - سجاد علی -
فلمی کھچڑی - بھگوان راؤ - معمہ
آج کی نصیحت -

۷ - ۴۵ مشتری بائی - خیال درگا -
آئے ھو ادھر رانی

۸ - ۰۰ '' سنی سنائی ''

۸ - ۰۵ ھمارا نعرہ (دسواں کورس)

۸ - ۱۰ '' نظر یاتی جنگ '' تقریر - میر نثار
علی کوثر

۸ - ۲۰ مرھٹی میں خبریں

۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۹ - ۰۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۰۵ محمد وزیر
گیت خاموش نگاھیں یہ سناتی ھیں
کہانی
غزل - اب کوئی بات بھی میری مانا کہ
ہوش کی نہیں

۹ - ۲۰ منتخب فلمی گانے (ریکارڈ)

۹ - ۴۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا

۹ - ۵۰ مشتری بائی - استادی گانا -
جے جے ونتی - آئے مائی ساجن

۱۰ - ۱۵ سید احمد - عام پسند گانے

۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

ندیم کے نام مختصر تنقیدی خط لکھئے اور جواب سنئے -

اتوار ۱۱ ۔ اسفندار سنہ ۱۳۵۷ ف

۱۱ ۔ جنوری سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ
۹ - ۱۵ خبریں
۹ - ۲۰ منتخب ریکارڈ
۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں
۵ - ۵ بنگاری بائی ۔ خیال
۵ - ۱۵ خواجہ محمود بیگ ۔ غزلیں ۔
(۱) کیا حسن نے سمجھا ہے کیا عشق نے جانا ہے (جگر)
(۲) اگر دردِ محبت سے نہ انساں آشنا ہوتا

۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**
''جدید مقننہ،، تقریر ۔ اے ۔ کے ۔ رام راؤ
موسیقی

۶ - ۰ **مرہٹی نشریات**
وٹھل راؤ ۔ بھاؤ گیت ۔ تقریر ۔ تلک ۔
وٹھل راؤ ۔ پد
۶ - ۳۰ بنگاری بائی ۔ ٹھمری و غزل
۶ - ۴۵ محمد یعقوب ۔ فنکار کی پسند کے گیت
۷ - ۰ کلارینٹ ۔ رائنا
۷ - ۵ احمد حسین ۔ ستار

۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**
ایک شعر سنو
خطوں کے جواب
آج کی نصیحت
۷ - ۴۵ خواجہ محمود بیگ ۔ دادرا و غزل
دادرا ۔ لاگے تیر کر یجوامیں
غزل ۔ تم کو آخر میرے ان کے درمیاں آنے سے کیا (نخشب)
۸ - ۰ '' سنی سنائی ،،
۸ - ۵ ہمارا نعرا (گیارھواں کورس)
۸ - ۱۰ ''جنگ کی ایجادیں،، تقریر ۔ محمد خضر محمود
۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں
۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں
۸ - ۳۰ اردو میں خبریں
۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں
۹ - ۰ ضروری اطلاعیں
۹ - ۵ بنگاری بائی ۔ خیال
۹ - ۲۰ محمد یعقوب ۔ گیت ۔ اے من کاہے تو گھبرائے (جوش)
۹ - ۳۵ خواجہ محمود بیگ ۔ جوش کی غزلیں
(۱) یاد کروہ دور گل اے آفت جاں یاد کر
(۲) ہاں یاد کر سحر
۹ - ۵۰ بنگاری بائی ۔ ٹھمری
۱۰ - ۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا
۱۰ - ۱۵ خواجہ محمود بیگ ۔
دادرا رتیاں گدھر گنوائی
غزل ۔ غم دل سنانے کو جی چاہتا ہے
(والاشان حضرت شجیع)
۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

پیر ۱۲ - اسفندار سنہ ۱۳۵۷ ف

۱۲ - جنوری سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ

۹ - ۱۵ خبریں

۹ - ۲۰ منتخب ریکارڈ

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ کملا بائی - خیال اور پد -

خیال پوریا دھنا سری -

اب تو رات مان (بلمپت)

پائیلیاں جھنکار (درت)

۵ - ۱۵ ایم - عارف رؤف - شاہد صدیقی کی غزلیں

۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**

بلبل ترنگ " مزاح " تقریر -

آر- ست نارائن - ریکارڈ

۶ - ۰ **کنڑی نشریات**

فیچر پروگرام

۶ - ۳۰ کملا بائی - بھاؤ گیت و بھجن -

بھاؤ گیت - پریت تجی مانجھی

بھجن - سکھ کے لئے کانہا آؤ

۶ - ۴۵ ایم - عارف رؤف - الطاف کے گیت

۷ - ۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا

۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**

ایک شعر سنو

ننھوں کا پروگرام

آج کی نصیحت

۷ - ۴۵ کملا بائی - خیال و بھاؤ گیت -

خیال پٹ دیپ - پیا ناھی آئے

بھاؤ گیت - نند لالہ ناچ رے

۸ - ۰ " سنی سنائی "

۸ - ۵ ھمارا نعرہ (بار ھوان کورس)

۸ - ۱۰ "افلاس اور جرائم" تقریر -

محمد مصلح الدین

۸ - ۲۰ مرھٹی میں خبریں

۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۹ - ۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۵ " پسند اپنی اپنی " (ریکارڈ)

۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

تلفظ

" صحیح تلفظ " کا جھگڑا نہ کبھی طے ھوا ھے اور نہ ھوگا - اکثر اوقات املا سے صحیح تلفظ معلوم کرنا مشکل ھوتا ھے - یہ دقت اردو اور انگریزی ھی میں نہیں بلکہ دوسری زبانوں میں بھی محسوس کی جاتی ھے - صحیح تلفظ کی کمیٹیاں رکھنے کے باوجود بڑے بڑے نشری ادارے اور معیاری اناؤنسر اپنی بے بسی محسوس کرتے ھیں -

پروگرام سنتے وقت کامل خاموشی رھنی چاھئے -

منگل ۱۳ - اسفندار ۱۳۵۷ ف

۱۳ - جنوری سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰ شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک اور ترجمہ - پنڈت رام نواس شرما

۸ - ۴۰ بھگوان راؤ - بھجن
(۱) ناگرنند جی کے لال
(۲) جھوٹا ہے سنسار بابا

۸ - ۵۵ منتخب فلمی گانے (ریکارڈ)

۹ - ۱۵ خبریں

۹ - ۲۰ منتخب ریکارڈ

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — دوسری نشر

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ روشن علی - ٹھمری سوچ سمجھ نادان

۵ - ۱۵ شاملا دیوی - فغاں کی غزلیں

۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**
آرکسٹرا -
نیاحیدرآباد (سلسلہ) تقریر -
کے سیتا رامیا - فلمی گانے

۶ - **مرہٹی نشریات**
اسٹوڈیو آرکسٹرا -
''مرہٹی ادب'' تقریر اوزلمکر - ریکارڈ

۶ - ۳۰ بھگوان راؤ - بھجن

۶ - ۴۵ روشن علی
خیال جیت مورے راجن آنند کرو

۷ - ۰ ''قیام امن'' تقریر عزت مآب سولوی یامین زبیری صاحب صدر المہام سرکار عالی

۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**
ایک شعر سنو
پچھلے ہفتہ کی خبریں
روشنی - تقریر - وحید یوسف زئی
آرکسٹرا سنو - کہانی - سعادت
ایک نظم سنو کہانی - رام چندرا
ریکارڈ آج کی نصیحت

۷ - ۴۵ روشن علی - خیال کھمباوتی - آلی میں جاگی

۸ - ۰ ''سنی سنائی''

۸ - ۵ ہمارا نعرہ (تیرھواں کورس)

۸ - ۱۰ ''مرغبانی'' تقریر - عزیز الرحم

۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں

۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۹ - ۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۵ شاملا دیوی - ٹھمری و غزل

۹ - ۲۰ اسٹوڈیو آرکسٹرا

''دور رس'' خاص پروگرام

۹ - ۳۰ شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک - ا رام نواس شرما

۹ - ۳۵ بھجن (ریکارڈ)

۹ - ۴۰ **خواتین کا دور رس پروگرام**

۱۰ - ۱۵ فلمی گانوں کے ریکارڈ

۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

عام پسند گانوں کا اوسط ($\frac{۳}{۸}$) اور ($\frac{۳}{۴}$) کے درمیان ہوتا ہے -

چهارشنبه ۱۴ - اسفندار سنه ۱۳۵۷ ف

۱۴ - جنوری سنه ۱۹۴۸ ع

ع	**پہلی نشر**
۳	منتخب ریکارڈ
	ابراهیم خاں - غزل - راز ناکامی وفاکی قسم (فانی)
۱	خبریں
۲	ابراهیم خاں - گیت ساجن آ چھائی گھٹا
۳	ترانه دکن
	دوسری نشر
	اردو میں خبریں
	کرناٹک موسیقی
۳	**تلنگی نشریات**
	ستار - منتخب کلام - پی درگیا - ریکارڈ
	فارسی نشریات
	ریکارڈ - تقریر - '' آزاد حیدر آباد ،، آقا احمد آیت اللہ ریکارڈ - اخباری تبصره
۳	کرناٹک موسیقی

۶ - ۵۵	ابراهیم خاں - غزل - دل سے بھی خیال ان کا بھلایا نہیں جاتا
۷ -	فلمی تبصره
۷ - ۱۵	**بچوں کے لئے** ایک شعر سنو
	'' تلسنکرات ،، خاص پروگرام
	آج کی نصیحت
۷ - ۴۵	جاوید لطیفی - ستار
۸ - ۰	'' سنی سنائی ،،
۸ - ۵	همارا نعره (چودهواں کورس)
۸ - ۱۰	''تلسنکرات،، تقریر - دهرو راج
۸ - ۲۰	مرهٹی میں خبریں
۸ - ۲۵	کنڑی میں خبریں
۸ - ۳۰	اردو میں خبریں
۸ - ۴۰	انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰	تلنگی میں خبریں
۹ - ۰	ضروری اطلاعیں
۹ - ۵	یوروپین موسیقی (ریکارڈ)
۹ - ۴۵	'' حیاتین ،، انگریزی تقریر - ڈاکٹر ایم - بی داور
۱۰ - ۰	یوروپی موسیقی (ریکارڈ)
۱۰ - ۳۰	ترانه دکن

نشریات اور پروپگنڈه

نشریات بھی عجلت میں انسانی فطرت کو نہیں بدل سکتیں - اگر مائکروفون کے
پروپگنڈه کرنا ہو تو اس کے اثرات بھی اوس وقت ہو سکتے ہیں جبکہ غیر جانبداری سے
یا جائے - خصوصیات کا اعتبار کرتے ہوئے مائکروفون مصنوعی یا طبعی حدود کا پابند نہیں -
و قومی یا ملکی حدود کے اندر مفید نہیں کہا جا سکتا - جہاں تک الفاظ کا تعلق ہے مائکروفون
سی حد یا قید کو قبول کر سکتا ہے تو وہ زبان ہے -

جمعرات ۔ ۱۵ ۔ اسفندار سنہ ۱۳۵۷ ف

۱۵ ۔ جنوری سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ
۹ - ۱۵ خبریں
۹ - ۲۰ منتخب ریکارڈ
۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں
۵ - ۵ - حبیب خان - خیال بروا۔ایری میکا ناهیں پرت جین
۵ - ۱۵ زینت بیگم - نعتیہ غزلیں
(۱) دل آپ پر تصدق جان آپ پر سے صدقے (امیر مینائی)
(۲) پلادے ساغر عرفان پلا دے (اکبر میرٹھی)
۵ - ۳۰ **تلنگی نشریات**
فیچر پروگرام
۶ - ۰ **مرہٹی نشریات**
ساڈھے کر - بھاؤ گیت - ’’ سنتوں کا ادب ،، تقریر - پروفیسر نارائن راؤ
۶ - ۳۰ حبیب خان - خیال ماروا - مائی میری
۶ - ۴۵ شنکر راؤ - بانسری
۶ - ۵۰ ڈومنگو - وائلن
۷ - ۰ زینت بیگم - دادرا اور غزل - دادرا غزل - بسر ہوئیں یاد میں جو تیری تھیں کس قدر وہ عجیب راتیں (شمیم)
۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**
ایک شعر سنو
’’ سب رس ،، لڑکوں کا پروگرام
آج کی نصیحت
۷ - ۴۵ حبیب خاں - ٹھمری جب سے شام سدھارے
۸ - ۰ ’’ سنی سنائی ،،
۸ - ۵ ہمارا نعرہ (پندرھواں کورس)
۸ - ۱۰ ’’ امن عامہ اور پولیس ،، تقریر - صفوۃ اللہ بیگ صوفی
۸ - ۲۰ مرہٹی میں خبریں
۸ - ۲۵ کنڑی میں خبریں
۸ - ۳۰ اردو میں خبریں
۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰ تلنگی میں خبریں
۹ - ۰ ضروری اطلاعیں
۹ - ۵ زینت بیگم - ٹھمری وغزل - ٹھمری غزل - بہاروں کے صدقے میں اے نوجوانی (میکش)
۹ - ۲۰ اسٹوڈیو آرکسٹرا
۹ - ۳۰ ریڈیو کی ڈاک - ندیم
۹ - ۴۵ منتخب فلمی گانے (ریکارڈ)
۱۰ - ۰ ’’ نیا حیدرآباد ،، (سلسلہ ۶) خاص پروگرام
۱۰ - ۳۰ ترانہ دکن

نقطہ نگاہ کا فرق

صداکاروں کو اپنے دماغ میں یہ ہدایت جذب کرلینی چاہئیے کہ وہ اپنے نقطہ نگاہ سے جو آوازیں سناتے ہیں وہ بالکل اوسی نقطہ نگاہ سے لازمی طور پر نہیں سنی جاتیں ۔

خانصاحب عبد الکریم خاں بیسویں صدی کے سب سے بڑے ہندوستانی گوئیے ہیں ۔

یہ نشرگاہ اورنگ آباد ہے

(۳۱۹۰۱ میٹر اوسط طول موج ۹۴۰ کیلو سائیکل)

پہلی سے ۱۵ - اسفندار سنہ ۱۳۵۷ ف تک

مجلس سوز سنئے | شہدائے کربلا کا غم ایسا نہیں جسے بآسانی ہلکا کیا جا سکے خون آدم کی جو ارزانی کربلا میں ہوئی اور حرمت انسانیت کے لئے سبط رسول سیدنا حضرت حسین علیہ السلام نے جس طرح جام شہادت نوش فرمایا وہ ایک عدیم المثال واقعہ ہے ۔ سانحہ کربلا کی یاد میں ایک خاص پروگرام (۲۰) صفر ۳ - اسفندار کو ۹ - ۳۰ سے سنئے ۔

نیا دور | شاعر روح عنصر کا ترجمان ہی نہیں ہوتا نقاد حیات بھی ہوتا ہے۔ ذہنی اور شعوری ارتقاء کے ساتھ نہ صرف قالب شعور بدلتا ہے بلکہ شاعر فتنہ اور انقلاب کے زمانہ میں شعوری رہنمائی بھی کرتا ہے ۔ آج کل ممالکت حیدر آباد کے ایسے دور میں ہمارا شاعر فکر و نظر کے کون سے پیمانے گردش میں لا رہا ہے ان کا اندزہ کرنے کے لئے ۴ - اسفندار سنہ ۵۷ ف کو ''نیادور،، کے عنوان سے مشاعرہ ۹ - ۱۰ سے ہمارے صدا خانہ سے سنئے ۔

آجکل | میری صراحی سے قطرہ قطرہ نئے حوادث ٹپک رہے ہیں
میں اپنی تسبیح روزوشب کا شمار کرتا ہوں دانہ دانہ

شاعر مشرق نے اپنے اس شعر میں رزمگاہ حیات کے متعلق ایک نہایت بلیغ اشارہ کیا ہے ۔ دن رات بزم عالم میں نئے واقعات اور حادثات رونما ہوتے رہتے ہیں ۔ انسانی زندگی ان کے سانچے میں ڈھل کر ہر دم ایک نیا روپ اختیار کرتی ۔ اور ان واقعات کی بنیاد پر اپنی تقدیر تعمیر کرتی ہے ۔ '' آجکل ،، محفل مستی تخلیق و تخریب کی کس منزل میں ہے اس کا حال اتوار ۱۱ - اسفندار کو ۸ - ۴۵ پر ابرار احمد صاحب سے سنئے ۔

ورزش اور صحت جسمانی | قوموں کی زندگی اور ترقی کا انحصار ان کی اعلی صحت دماغی اور جسمانی پرہے مضبوط صحت جسمانی کے بغیر کوئی قوم ارتقائی منازل نہیں طے کرسکتی ہر زندہ اور ترقی یافتہ قوم نے اس مسئلہ پر ہمیشہ توجہ مرکوز کی ہے'' ورزش اور صحت جسمانی،، کے عنوان پر ایک تقریر منگل ۱۳ - اسفندار کو ۸ - ۴۵ پر غلام حسین صاحب نقوی سے سنئے ۔

تلسنکرات | صبح کا اجالا اور رات کا اندھیرا ۔ برسات کی بدمست بہاری ۔ سردی کی خنکی اور گرمی کی تپش سب سورج کی تب و تاب کی رہین منت ہیں ۔ پرانا خیال ہے کہ سورج ایک شش ماہی گردش کے بعد جب دوسری شش ماہی میں داخل ہوتا ہے تو سال کے ایک انقلابی دور کا آغاز ہوتا ہے ۔ موسم بدل جاتے ہیں اور دن بڑھنے لگتا ہے۔ " تلسنکرات " اسی نقطۂ انقلاب کی یادگار ہے تلسنکرات پر ایک تقریر سری راج پرشاد سے ۱۴ ۔ اسفندار کو ۸ ۔ ۴۵ پر سنئیے ۔

رفتار زمانہ | اتوار ۴ ۔ اسفندار کو اخباری تبصرہ پروفیسر محمد ابراہیم سے سنئیے ۔

اے ماؤ بہنو بیٹیو | خواتین کے لئیے اس نیم ماہی میں خاص پروگرام رات میں ۸ ۔ ۱۰ سے نشر ہونگے ۔

جمعرات پہلی اسفندار " شہدائے کربلا "

جمعرات ۸ ۔ اسفندار " گھر کا خرچ "

جمعرات ۱۵ ۔ اسفندار " باورچی خانہ "

نونہالان چمن | بچوں کے لئیے ہر جمعہ کو صباحی نشریات میں ۱۰ بجے خاص پروگرام نشر ہونگے ۔

جمعہ ۲ ۔ اسفندار "کل کے شہری " بچوں کا پروگرام

جمعہ ۹ ۔ اسفندار " چہچہے " ننھوں کا پروگرام

چلو چاوڑی چلیں | دیہاتی بھائیوں کے لئیے پروگرام روزانہ شام میں ۷ ۔ ۲۰ سے نشر ہونگے۔

خبریں | نشرگاہ اورنگ آباد سے اردوں میں خبریں رات کے ۸ بجے سے نشر ہوتی ہیں۔

اور سنئیے | اس نیم ماہی کے قابل ذکر فنکار یہ ہیں ۔

۵ اور ۷ ۔ اسفندار	سبو خاں
۱۱ اور ۱۳ ۔ اسفندار	غلام صدیق خاں
۹ اور ۱۰ ۔ اسفندار	ڈی ۔ پی جولکر

شوق و ذوق | شوقین فنکاروں کا پروگرام جمعہ ۹ ۔ اسفندار سنہ ۱۳۵۷ ف کو " جب تک تن میں جان ہے تب تک بین بجاؤ "

یوں تو انسان کی زندگی ایک دکھ بھری کہانی ہے لیکن ہمیشہ اس کی یہ کوشش رہی ہے کہ کسی نہ کسی طرح دکھ درد سے نجات حاصل کر کے وہ اپنی زندگی میں حسن پیدا کرے ۔ اسی کوشش نے شاعری مصوری ۔ نقاشی اور موسیقی کو جنم دیا ہے ۔ جو انسان کی زندگی کو کیف و

لطافت سے معمور کرتے ھیں ۔ ہر فن اپنی داد چاھتا ھے لیکن بہت سے فن کار ایسے بھی ھیں جنھیں اپنے فن کے اظہار کا موقع نہیں ملا ھم ایسے فن کاروں سے درخواست کرتے ھیں کہ وہ شوقین فنکاروں کی محفل میں شریک ھوکر اپنے ھزاروں مشتاق سامعین کو محظوظ کریں ۔

نشرگاہ اورنگ آباد کے تفصیلی پروگرام

"ندا"

پڑھ کر معلوم کئے جاسکتے ھیں ۔ اس کا سالانہ چندہ ایک روپیہ ھے ۔

چار مطبوعات

(۱) "ورلڈ افیرس" (World Affairs)

(حالات حاضرہ پر نواب علی یاور جنگ بہادر ۔ تھیوڈر ٹاسکر ۔ میجر بیلی ۔ اسکوارڈن لیڈر فراکلی ۔ ڈاکٹر ھیرن ۔ منیر الدین خاں صاحب ۔ پروفیسر ھارون خاں شروانی ۔ پروفیسر حسین علی خاں اور کرنل سلاٹر کی انگریزی تقریروں کا مجموعہ)

(۲) "مملکت آصفی میں نشریات کی ترقی" (معلوماتی کتاب)

(۳) "نوا" نشرگاہ حیدر آباد کے پروگراموں کا پندرہ روزہ رسالہ

(۴) "ندا" نشرگاہ اورنگ آباد کے پروگراموں کا ماھنامہ

پندرہ روزہ رسالہ

نشرگاہ حیدرآباد

عزت مآب مولوی محمد یامین زبیری صاحب
صدرالمہام حکومت مقامی

آپ نے ۱۳۔ اسفندار کو ”قیام امن“ پر تقریر نشر فرمائی۔

دکن ریڈیو

۴۱۱ میٹر

۷۳۰ کیلو سائیکل

نشان ٹپہ سرکار عالی ۱۷۴

ٹیلیفون نمبر (۲۰۰۸)

تار کا پتہ "Lasilki"
"لاسلکی"

سالانہ چندہ

تین روپے سکہ عثمانیہ

بیرون ریاست

تین روپے سکہ کلدار

قیمت فی پرچہ ۳ آنہ

نشرگاہ حیدرآباد

جلد (۱۰) | یکم تا ۱۵۔فروردی سنہ ۱۳۵۷ف مطابق یکم تا ۱۵۔ فروری سنہ ۱۹۴۸ع | شمارہ (۹)

فہرس

نوا میں اشتہارات کا نرخ نامہ

(ایک اشاعت کے نرخ)

(۱) اندرونی صفحے		
پورا صفحہ	۵۰	روپئے
آدھا صفحہ	۳۰	؍؍
چوتھائی صفحہ	۱۸	؍؍
(۱/۸)صفحہ	۱۰	؍؍

(۲) سر ورق کا اندرونی حصہ		
پورا صفحہ	۷۰	؍؍
آدھا صفحہ	۴۰	؍؍

(۳) پچھلے آخری صفحہ کا اندرونی حصہ		
پورا صفحہ	۶۰	روپئے
آدھا صفحہ	۳۵	؍؍
چوتھائی صفحہ	۲۰	؍؍

(۴) آخری صفحہ		
نصف صفحہ کھڑا کالم	۶۰	؍؍
ربع صفحہ	۳۵	؍؍

زائد اشاعتوں کے رعایتی نرخ

۲ یا ۳ اشاعتوں پر ۵ فیصد کمی
۴ - ۵ یا ۶ اشاعتوں پر ۱۰ فیصد کمی
۷ یا ۸ اشاعتوں پر ۱۵ فیصد کمی
۹-۱۰-۱۱ یا ۱۲ اشاعتوں پر ۲۰ فیصد کمی
۱۳ - ۱۴ - ۱۵ یا ۱۶ اشاعتوں پر ۲۵ فیصد کمی
۱۷ - ۱۸ - ۱۹ یا ۲۰ اشاعتوں پر ۳۰ فیصد کمی
۲۱ - ۲۲ - ۲۳ یا ۲۴ اشاعتوں پر ۳۵ فیصد کمی

ایک اشاعت کی شرح سے جس قدر اشاعتوں کی جو اجرت قرار پائے گی اس میں اوپر کی شرح کے مطابق کمی کی جائے گی۔

صرف سالنامے کی اشاعت میں اشتہار دیا جائے تو ایک اشاعت والے نرخ پر (۲۰) فیصد زائد اجرت ہوگی۔

نوا ہر مہینے کی پہلی اور ۱۶ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ اشتہارات کے مسودے تاریخ اشاعت سے پندرہ دن پہلے مہتمم صاحب نشرگاہ حیدرآباد کے نام وصول ہونے چاہئیں۔

نوائیہ

زیرنظر نیم ماہی کے قابل ذکر اجزا یہ ھیں

تقریریں

"اسٹاف ڈے کا خاص پروگرام" ھمارے سننے والوں کو یہ سنکر خوشی ہوگی کہ نشر گاہ حیدرآباد پہلی فروردی کو " اسٹاف ڈے " کا خاص پروگرام پیش کررھی ھے جس میں ھمارے کارکن حصہ لینگے اورحمیدالدین احمد صاحب معتمد نشریات و اطلاعات " نشریات " پر تقریر فرمائیں گے ۔

تضیع اوقات وقت ایک آسمانی صحیفہ ھے جسکا فرمان ھے " دنیا والو ۔ تم میری قدر کرو اور میں تمہاری قدر کرتا ھوں " جس کسی نے وقت کی قیمت جانی اسنے اسکو نوازا ۔ ایک روز کسی نے برطانوی امیر البحر نلسن سے پوچھا کہ تمہاری جنگی کامیابیوں کا کیا راز ھے نلسن نے فوراً جواب دیا " مین ھمیشہ میدان جنگ پر دوسرے افسروں سے پانچ منٹ پہلے آ جایا کرتا ھوں تاکہ صورت حال کا ان سے پہلے اچھی طرح جائزہ لے سکون " اس قیامت خیز دور میں وقت گنوانا سلطنت گنوانا ھے ۔ ۸ ۔ فروردی کو محمود حسین خان صاحب تضیع اوقات کے ضر اثرات پیش کرینگے ۔

انفرادی آزادی زندگی کا نیا نظام فرد اور سماج کی بیک وقت آزادی اور ھم آھنگی چاھتا ھے ۔ موجودہ دنیا میں فرد آزاد بھی ھے اور پابند بھی ۔ آزاد اس طرح کہ اسے فکر و عمل کی آزادی حاصل ھے اور پابند اس لئے کہ وہ سماج کے ایک جزو کی حیثیت سے اس کے آئین کا پابند ھے ۔ اگرانفرادی آزادی مشروط نہ ھوتو وہ شیطانی آزادی ھوگی جو کروڑوں دلوں کے کعبہ کوڈھادے گی ۱۱ ۔ فروردی کو ڈاکٹر یوسف حسین خان صاحب انفرادی آزادی پر تقریر فرمائیں گے ۔

بسنت پنچمی یوں تو اک رت آتی اور اک رت جاتی ھے ۔ بسنت برسوں آتی رھی لیکن اس سال بڑی آب و تاب سے آئی ھے ۔ آج وطن کا ھر ذرہ آزادی کے نشہ میں چور ھے کیونکہ

مدتوں بعد وطن نے آزادی پائی ہے ۔ یہ آزادی کی بسنت ہے ۔ آزادی کی بسنت منانے والو ا بسنت دھوم سے مناؤ لیکن کہیں ایسا نہ ہو کہ بسنت کے تیز جھونکوں سے امن و اتحاد کے چراغ بجھ جائیں ۔ ١٥ ۔ فروردی کو جانکی پرشاد صاحب اس جشن رنگیں کی یاد تازہ کریں گے ۔

مرہٹی نشریات

استاد | استاد ہماری نئی نسل کا معمار ہے ۔ وہ اگر چاہے تو ملک و قوم کو بنایا بگاڑ سکتا ہے ۔ ٣ ۔ فروردی کو ڈاکٹر شنڈارکر استادوں کی ذمہ داریاں بتائیں گے ۔

نیا حیدرآباد | حیدرآباد ہمارا ہے اور ہم سب اس کی آزادی کو بر قرار رکھیں گے ۔ یہاں ہندو مسلمان کندھے سے کندھا ملائے سینہ تانے وطن پرستانہ جذبات لئے آگے بڑھ رہے ہیں ۔ ١٢ ۔ فروردی کو کیشوراؤ صاحب اندا پورکر ،، نئے حیدرآباد کی ترجمانی کرینگے ۔

بسنت پنچمی | ١٢ ۔ فروردی کو بسنت پنچمی کا خاص پروگرام پیش ہو رہا ہے ۔ سنئے اور رائے دیجئے ۔

عربی نشریات

آنحضرتؐ کے اخلاق | آج جبکہ دنیا میں خون کی ہولی کھیلی جارہی ہے ضرورت ہے کہ ہم امن کے پیغامبر اور انسانیت کے رسول کی تعلیمات کو زندہ کریں ۔ اس نے تلوار کے ذریعہ نہیں کردار کی بدولت دنیا والوں کے دل اپنے قبضے میں کر لئے تھے ۔ ٦ ۔ فروردی کو حبیب مصطفے صاحب اس انسان دوست پیغمبر کا کردار پیش کرینگے ۔

حیدرآباد | یہ الفتوں کی سر زمین ہے ۔ یہیں محبت نے جنم لیا ہے ۔ ہندوؤں اورمسلمان کا اتحاد دیکھنا ہو تو کوئی حیدرآباد آن کر دیکھے ۔ ١٣ ۔ فروردی کو علی حسن صاحب حیدرآباد کا جائزہ لیں گے ۔

ساعت خواتین

تعلیم کے بعد | عورت کی زندگی میں ، تعلیم نے جو انقلاب آفریں حصہ لیا ہے وہ اظہر من الشمس ہے ۔ لیکن ، تعلیم کے بعد کی منزل جو صحیح معنوں میں ، زندگی کا پہلا زینہ ہے ، اس تعلیم کی حقیقی امتحان گاہ ہے ۔ عورت نے اگر اپنے بڑھتے قدموں کو دور اندیشانہ فیصلوں کا تابع رکھا ، تو اپنے بلند مقصد حیات کے حصول میں اسکی کوششیں کامیابیوں سے منہمک رہینگی

اس کے برعکس زمانہ کی طرف سے آنکھیں پھیر کر ، من مانی کرنا نہ صرف تعلیم کی روشنی کو دھندلانا ہے ، بلکہ قوم اور ملک کی امیدوں پر پانی پھیرنا ہے - ۶ - فروردی کے پروگرام میں سلطانہ عادل سے تعلیم کے بعد کی ذمہ داریوں کا حال سنئیے -

خواتین اور آزادی | آزادی ہر انسان کا پیدایشی حق ہے - قوم اور ملک کی آزادی کے لئیے عورت کیا کچھ کر سکتی ہے ، اور حیدر آباد کی عورتوں کو آزادی کی کشمکش میں کس طور سے حصہ لینا چاھئیے ، بیگم حفیظ کی زبانی سنئیے -

نئیے حیدر آباد میں عورت کا قیام | نیا حیدر آباد ، نئی کروٹوں میں بیدار ہورہا ہے - اس انقلابی دور میں ، عورت کی حیثیت اور فرائض بھی بدل گئیے ہیں - اور اگر اس وقت بھی غفلت اور بے حسی کی زنجیریں ان کی صلاحیتوں کو جکڑی رہیں ، تو پھرزمانہ اس کی روتی ہوئی تقدیر پر ھنستا ہوا آگے بڑھ جائیگا - نئیے حیدر آباد میں عورت کا مقام خود اس کی جدو جہد کے لحاظ سے متعین ہوگا - ۱۳ - فروردی کے پروگرام میں ، وقت کے تقاضوں کی آواز سننے کے لئیے ، سعادت رضوی کی تقریر سنئیے -

فیچر اور ڈرامے | " زینت " - زینت چاھتی تھی کہ اپنی اور قدوس کی محبت میں کوئی خلیج حائل نہ ہو - لیکن قدوس کی خود غرضی نے آخر یہ خلیج پاٹ ھی دی — مگر کیونکر؟ تو ۹ - فروردی کو صبح میں ۱۰ - بجکر ۴۰ منٹ پر یہ فیچر سنئیے - جسے سکندر توفیق صاحب نے لکھا ہے -

"اتالیق" | زندگی میں ہر نوجوان کے لئیے ایک اتالیق کی ضرورت ہوتی ہے - جسکے سہارے وہ زندگی میں قدم آگے بڑھاتا ہے - یہ مزاحیہ اور سبق آموز فیچر "اتالیق" ۱۳ - فروردی کو صبح میں ۱۰ بجکر ۴۰ منٹ پر سنئیے - جسے سلیمان جاوید صاحب نے لکھا ہے -

ڈرامہ | ۱۵ - فروردی کو رات میں دس بجے ایک ڈرامہ پیش کیا جائےگا -

"بلی کے کنبے والے" | عزیز بچو ! بلی کا کنبہ بہت بڑا ہوتا ہے — تم جانتے ہو نا - اب اس کنبے میں کون کون شریک ہیں تو اپنے ۴ - فروردی کے پروگرام میں ایک فیچر " بلی کے کنبے والے " سنو — جسے اویس احمد صاحب ادیب نے لکھا ہے - سنو اور اپنی معلومات میں اضافہ کرو -

تلنگی نشریات

تلنگی نشریات کے قابل ذکر اجزا یہ ہیں - تلنگی پروگرام کے سننے والوں کو یہ سن کر مسرت

ہو گی کہ ہم دیہی اور شہری پروگرام بھی پیش کر رہے ہیں۔

حیدرآباد میں بنک کاری حیدر آباد بنک کاری کے میدان میں بھی بازی لے جارہا ہے ۔ اس کی شاخیں ہندوستان اور پاکستان میں قائم ہو رہی ہیں ۔ ۳ ۔ فروردی کو ی ۔ بی شرما صاحب حیدر آباد میں بنک کاری سے متعلق تقریر فرمائیں گے ۔

ہمارے اضلاع ہمارے اضلاع ترقی کی شاہراہ پر تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں ۔ ان میں ایک نئی زندگی پیدا ہوری ہے۔ اب ہمارے اضلاع ہم سب کی توجہ کا مرکز ہیں ۔ ۴ ۔ فروردی کو وی ۔ رامچندر راؤ صاحب ہمارے اضلاع کی سیر کرائیں گے ۔

سلاطین قطب شاہی اور تلنگی زبان قطب شاہی تاجداروں نے مقامی زبانوں کی دام و درم سے سرپرستی کی ہے۔ ۶ ۔ فروردی کو درگاہ چلم صاحب سلاطین قطب شاہی اور تلنگی زبان پر تقریر نشر کریں گے ۔

حیدر آباد میں صنعتی ترقی نیا حیدرآباد صنعت ، دولت اور عظمت کی نئی نئی راہیں تلاش کر رہا ہے۔ آج اس کا سر اونچا ہے اور انشااللہ اونچا ہی رہے گا ۔ این ۔ رامچندر راؤ صاحب حیدر آباد میں صنعتی ترقی کو پیش کریں گے ۔

بسنت پنچمی بسنت کا خیال ہی کتنا حیات بخش ہے۔ بسنت کیا ہے زندگی کا حسن ہے۔ وہ آتی ہے تو ہر شخص میں ہل چل پیدا ہوجاتی ہے آیئے ۱۳ فروردی کو ہم بھی بسنت منائیں

کنڑی نشریات

کنڑی نشریات کے بعض اہم اجزا یہ ہیں۔

صنعتیں اور سرکاری نگرانی صنعت حکومت کی منظور نظر ہوتی ہے جب تک بڑی بڑی صنعتیں حکومت کی نگرانی میں نہ ہوں تب تک عوامی مفاد محفوظ نہیں سمجھا جا سکتا ۔ ۷ ۔ فروردی کو پانڈو رنگ راؤ صاحب مملکتی نگرانی میں صنعتی ترقی کو پیش کریں گے ۔

تہواروں کی قومی اہمیت تہوار قومی زندگی کے عکس ہوتے ہیں اگر کسی قوم کے اخلاق کردار اور تصور حیات کو دیکھنا ہو تو اس کے تہواروں کو دیکھ لیجئے ۔

۱۴ ۔ فروردی کو تہواروں کی قومی اہمیت بتائی جائے گی ۔

فارسی نشریات

فارسی نشریات کے پروگرام میں یہ تقریریں قابل ذکر ہیں ۔

حیدر آباد میں میرے مشاہدات جو کوئی حیدر آباد آتا ہے وہ اس کے گن گائے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ آقا محمد باقر صاحب یزدی نے بھی حیدر آباد کو قریب سے دیکھا ہے ۔ آئیے ۴ ۔ فروردی کو ان کے مشاہدات سنئیے ۔

پیام مشرق آج مشرق مغرب کو پیام دے رہا ہے اور غریب انسانیت کا واسطہ دیکر پیام دے رہا ہے ۔ ۱۱ ۔ فروردی کو علاءالدین شمس صاحب مشرق کا پیام سنائیں گے ۔

موسیقی

ان پندرہ دنوں کے پروگرام کی حسب ذیل تاریخیں قابل ذکر ہیں ۔

۵ ۔ ۱۰ ۔ اور ۱۳ ۔ فروردی

۵ ۔ کو آگرہ والے استاد اسدعلی خاں سے استادی گانے سنئیے ۔ اسی تاریخ مقامی خاتون فنکار نور جہاں بیگم سے ٹھمری ۔ غزل ۔ دادرا اور گیت سنئیے۔

۱۰ ۔ کو آگرہ والی مشتری بائی سے آپ مختلف راگ سنیں گے اور سید احمد آپکو غزل اور گیت سنائیں گے ۔

۱۳ ۔ کو بھرت پور کی مشتری بائی ہمارے پروگرام میں حصہ لیں گی ۔ ان سے آپ غزل اور گیت سنیں گے اور مقامی فنکار امان اللہ خاں آپ کو استادی اور نیم استادی گانے سنائیں گے ۔

مقامی خاتون فنکاروں میں قابل ذکر یہ ہیں ۔

یشودا بائی ۔ کملابائی ۔ شنکرابائی ۔ شیلا بائی کنیز فاطمہ ۔ مسز چٹوپادیہ ۔ رئیسہ بائی زینت بیگم مقامی مرد فن کار یہ ہیں ۔ شفیع الزمان خاں ۔ محمد یعقوب ۔ مرزا ابراہیم بیگ ۔ سادھو سنگھ ۔ یوسف شریف ۔ عبدالعزیز ۔ پی ۔ نارائن راؤ ۔ سید حسین علی ۔ حبیب الدین ۔ خواجہ محمود بیگ ۔ حبیب عبدالکریم

ریکارڈ

صباحی نشریات میں ہم اپنے سننے والوں کی خدمت میں عام پسندگانوں کے ریکارڈ پیش کرتے ہیں ۔ عام پسند گانے ، ٹھمریوں ، غزلوں ، دادروں ۔ گیتوں ، قوالیوں اور بھجنوں پر مشتمل ہوتے ہیں ۔

ہماری صباحی نشریات کی حسب ذیل تاریخوں میں ریکارڈ شریک ہیں ۔

۲ - ۴ - ۵ - ۷ - ۹ - ۱۱ - ۱۲ - ۱۳ - ۱۵

۷ - کو رات میں ۹ - ۰۵ سے ۱۰ - ۲۵ تک ”تحفہ اور بیتے دن ،، فلموں کے ریکارڈ سنئے

۹ - کو رات میں ۹ - ۱۵ سے ۹ - ۳۰ تک ”بین اور ستار ،، کے ریکارڈ بجائے جائیں گے ۔

۱۱ - کو رات میں ۹ - ۱۵ سے ۹ - ۳۰ تک دوگانوں کے ریکارڈ پیش کئے جائیں گے ۔

۱۲ - کو رات میں ۹ - ۱۵ تا ۹ - ۳۰ استادی ، ۱۳ - کو رات میں ۱۰ - ۲۵ سے ۱۰ - ۴۵ تک فلمی گانوں اور ۱۴ - کو ۱۰ سے ۱۰ - ۲۵ تک جگموھن اور ھنمنت کمار کے گائے ہوئے ریکارڈ پیش کئے جائیں گے ۔

۱۵ - تاریخ کو رات میں ساڑھے دس سے گیارہ بجے تک ”بسنت ھی بسنت ،، کے عنوان سے ریکارڈوں کا پروگرام پیش کیا جائے گا ۔

انعامی مقابلہ ہر منگل کو رات میں ۱۰ - ۱۵ سے ۱۰ - ۳۰ تک ” ہم اپنی پسند ،، کے ریکارڈ بجائیں گے سننے والوں سے خواھش کی جاتی ہے کہ وہ اس پروگرام میں بجائے ہوئے ریکارڈوں کے بارے میں اپنی رائے لکھ بھیجیں اور ساتھ ھی یہ بھی بتائیں کہ یہ ریکارڈ کس کے گائے ہوئے ہیں ۔ صحیح نام بتانے والے کو ہماری طرف سے انعام دیا جائے گا اگر ایک سے زیادہ سننے والے صحیح نام ہمارے ھاں لکھ بھیجیں تو قرعہ اندازی کے ذریعہ انعام کا تصفیہ کیا جائے گا ۔

اس کے علاوہ ہر پیر کو رات میں ۹ - ۳۰ سے ۱۱ بجے تک ہم اپنے سننے والوں کی خدمت میں اون کی اپنی پسند کے ریکارڈ پیش کرتے ہیں اور ہر جمعہ کو صبح میں ۱۱ - ۱۵ سے خواتین کے پسند کے ریکارڈ بجائے جاتے ہیں ۔

قوالی

۶ - کو محمد یسین اور ساتھی اور ۱۳ - کو ایم شریف اور ساتھی کی قوالی سنئے ۔

۶ - اور ۱۰ کو رات میں ۹ - ۳۰ سے ” دور رس ،، پروگرام پیش ہوگا ۶ - کے پروگرام کی ابتداء تلاوت کلام پاک سے اور ۱۰ کی شریمد بھگوت گیتا سے ہوگی ، ۱۵ - کو بوجہ بسنت پنچمی کرناٹک موسیقی کا پروگرام پیش کیا جائے گا یہ پروگرام ہمارے سننے والے شام میں ۵ - ۵ سے ۵ - ۳۰ اور رات میں ۹ - ۱۵ سے ۹ - ۴۰ تک سنیں گے ۔

ہر چہارشنبہ کو رات میں ۹ - ۳۰ سے یوروپی پروگرام پیش کیا جائے گا ۔

بچوں کا پروگرام

پیارے بچو :—

پیارے بچو ! هم تمہیں اچھی اچھی باتیں بتا رہے هیں - اگر تمہیں یه باتیں پسند هیں تو تم همیں خط لکھ بھیجو - هم تمہارے لئے نئی نئی کہانیاں نئی نئی نظمیں نئی پرانی خبریں اچھی تقریریں پیش کر رہے هیں - انہیں سنو اور اپنی رائے لکھ بھیجو - اسی وقت هم یه سمجھیں گے که هماری محنت ٹھکانے لگی -

تقریریں :—

هم ایک هیں | نیا حیدرآباد کسی قسم کے اختلاف کو برداشت نہیں کرسکتا وه اتحاد چاهتا ہے - هم ایک هیں - اور هماری طاقت اسی ایکے میں ہے ۲ - فروردی کو اکبرالدین صاحب صدیقی تمہیں اتحاد کی اهمیت بتائینگے -

دوستی | اس پانچ حرفی لفظ میں دنیا کی سلامتی کا راز پوشیده ہے - دوستی ! هر کسی سے دوستی ! اپنوں سے دوستی ! بیگانوں سے دوستی ! همسایوں سے دوستی ! پرایوں سے دوستی! غریبوں سے دوستی! امیروں سے دوستی ! اچھوں سے دوستی- بروں سے دوسی -بڑوں سے دوستی! چھوٹوں سے دوستی غرض دوستی هی دوستی هو کیونکه یه دوستی کی دنیا ہے - ۱۰ - فروردی کو واجد صاحب سے ”دوستی“ پر تقریر سنو -

بسنت پنچمی | لو بسنت آئی اور اپنے ساتھ پھولوں کی مہک بلبلوں کی چہک سبزے کی لہک لے آئی - ۱۴ - اسفندار کو رامچندر راؤ صاحب سے تقریر سنو -

همارا وطن | وطن پیارا وطن - زندگی کا سہارا وطن - همارا وطن - آج هم سے کچھ کہہ رہا ہے - پیارے بچو وطن کو تم بلند کرسکتے هو مگر شرط یه ہے که تم اپنا وقت دو دولت دو محبت دو اور جان دو -۱۴ - فروردی کو عظمت تمہیں بتائیگے که تم اپنے وطن کے لئے کیا کچھ کرسکتے هو -

کہانیاں :—

بچو ! وه دن گئے جب تم کہانیاں سونے کے لئے سنا کرتے تھے آج کی کہانیاں تمہیں جگائیں گی- کہانی سنو جاگو اور دوسروں کو بھی جگاؤ - ۷ - فروردی کو معین برهان اور ۱۰ -فروردی کو مظاهر الدین تمہیں ایسی هی کہانیاں سنائیں گے -

کورس :-

اچھے بچو! ہم تم میں حرکت و حرارت پیدا کرنے کے لئے نئے نئے ترانے سنار ہے ہیں۔ یہ ترانے تمہیں عزت کی زندگی گزارنا سکھائیں گے۔ ۔ فروردی کو پھولوں کی دنیا کی سیر کرو۔یہ ایک کورس ہے۔

خاص پروگرام

ہمارے وطن کو دنیا کی نظروں کا اجالا بنانے والو۔ تم ہماری نظروں کا اجالا ہو۔ اور اسی لئے ہم تمہارے لئے یہ خاص پروگرام پیش کر رہے ہیں ۔

۵ ۔ فروردی " نورس "، لڑکیوں کا پروگرام
۹ ۔ فروردی نھوں کا پروگرام
۱۱ ۔ فروردی " ہمارا دیس "
۱۲ ۔ فروردی " سب رس "، لڑکوں کے لئے

قیام امن

عزت مآب مولوی محمد یامین زبیری صاحب صدر المہام حکومت مقامی کی تقریر جو ۱۳- اسفندار کو نشر ہو چکی ہے۔

حکومت کی اون گران ترذمہ داریوں کو سنبھالنے کے بعد جس کی عزت مجھے بخشی گئی ہے آج میں آپ کو پہلی مرتبہ نشرگاہ حیدرآباد سے مخاطب کر رہا ہوں اور میں ارباب نشرگاہ کا ممنو‌ن ہوں کہ مجھے اس مخاطبت کا موقعہ ملا۔

ارباب نشرگاہ نے میرے لئے جس عنوان کا انتخاب فرمایا ہے اور جس موضوع پر مجھے تقریر کرنے کی دعوت دی ہے آج اس کا دنیا کے اہم ترین مسائل میں شمار ہوتا ہے اور اس وقت ساری انسانیت کے لئے یہ مسئلہ مرکز توجہ بنا ہوا ہے۔

یوں توانسانی تاریخ تمدن کی ابتداء سے آج تک قیام امن کی مسلسل کوششوں سے ہی بنتی رہی ہے لیکن اس زمانے میں خاص طور پر تاریخ کی دو مہیب ترین جنگوں کی ہولناکی سے گزرنے کے بعد ضمیر انسانی ہمیشہ سے زیادہ امن کے لئے مضطرب نظر آرہا ہے۔ سنہ ۱۹۱۴ ع کی جنگ کے بعد مرحوم مجلس اقوام کا قیام اسی ضمیر کی آواز کی صدائے بازگشت تھی اور موجودہ مجلس اقوام متحدہ اسی عالمگیر تقاضائے انسانیت کا نتیجہ ہے۔ قیام امن کے اس بین قومی ادارے کے تاریخی پس منظر اور اس کی کامیابی کے امکانات پر گفتگو کرنی مجھے مقصود نہیں ہے۔ مین صرف تاریخی حقایق کے اس پس منظر کو پیش نظر رکھکر اس ملک کے حالات پر روشنی ڈالتے ہوئے قیام امن کے سلسلے میں افراد اور اداروں پر جو ذمہ داریاں عاید ہوتی ہیں ان کی مختصراً وضاحت کرونگا۔

۱۵- اگسٹ سنہ ۱۹۴۷ ع سے کچھ دن قبل جب کہ برطانوی اقتدار کے ہندوستان سے کوچ کے آثار پیدا ہو چلے تھے اور محکوم ہندوستان کی آنکھیں آزادی کے سورج کی منتظر تھیں عین اس وقت اس ملک کے خودغرض مفادات نے ایک انگڑائی لی اور صدیوں کی دبی ہوئی نفرت وانتقام کی آگ یکبارگی بھڑک اٹھی اور ملک کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک انسانی خون کی ہولی کھیلی جانے لگی۔ حقیقت یہ ہے کہ بنگال و بہار کی خون انگیز داستان گڑھ مکتیشر کا المناک حزینہ اور پنجاب و دھلی کے شرمناک حادثات اس ملک کی پیشانی پر کلنگ کا ٹیکہ ہیں اور آج بھی اہمسا اور عدم تشدد کی اس سر زمین پر جو کچھ ہو رہا ہے اس پر انسانیت خود شرمسار اورنگون سرنظر آرہی ہے۔ خودغرضانہ مفادات کی جانب سے قوموں کے درمیان رقابت شبہات خوف

اور نفرت کے جذبات جو پھیلائے جا رہے ہیں اور تنگ دلی تنگ نظری تعصب اور شقاوت کو حقوق طلبی کا پردہ بنا کر جو فروغ دیا جارہا ہے اس کی نظیر ہندوستان کیا دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ انسان دوستی اخوت مساوات اور آزادی کے نام پر وہ کچھ ہو رہا ہے جو اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا تھا۔ سیاسی اور معاشی حقوق تو ایک طرف خود "جی سکنے" کے حق کے لئے کروڑوں افراد تڑپ رہے اور بلبلا رہے ہیں۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ اس سارے زمانہ میں جب کہ مملکت حیدرآباد کے چاروں طرف یہ ہنگامۂ جہاں سوز برپا تھا خود ہمارا وطن گہوارۂ امن و امان بنا ہوا تھا۔ اور امن و آسائش سے محروم کروڑوں افراد اس جنت ارضی کو رشک کی نظروں سے دیکھ رہے تھے۔

امن۔ رواداری اور آسائش اس مملکت کی ایک تاریخی روایت رہی ہے یہی وجہ ہے کہ جس وقت اعلی حضرت جلالت الملک نے یہ اعلان فرمایا کہ حیدرآباد آزاد خود مختار اور کامل الاقتدار سیاسی وحدت کی حیثیت سے اس ذیلی بر اعظم ہند کی اجتماعی زندگی کو سنوارنے میں اپنا جائز اور نمایاں حصہ ادا کریگا تو ملک کے سارے باشندوں میں خوشی کی ایک لہر دوڑگئی اور سب کے سب حیدرآباد کی آزادی اور اعلی حضرت جلالت الملک کے اقتدار کو مستحکم کرنے کے لئے سینہ سپر ہوگئے۔

اعلی حضرت نے بہ عطوفت شاہانہ حکومت میں ملک کے جن خادموں کا تقرر فرمایا ہے ان کے پیش نظر حیدرآباد کی آزادی کے سیاسی مسلک کے علاوہ ملک میں بہر قیمت امن و امان کا قیام بھی ضروری ہے۔ اس غرض کے لئے حکومت نے طے کیا ہے کہ حیدرآبادیوں کی اجتماعی اور انفرادی زندگی کی سنوار کے لئے کوئی دقیقہ باقی نہ رکھا جائے۔ اور بنیادی طور پر ملک کے ہر فرد کے لئے کافی غذا۔ لباس۔ تعلیم۔ آسائش اور طبی امداد کے مساوی مواقع فراہم کئے جائیں۔ اس طرح حیدرآباد میں نہ صرف ایک متحد طاقتور اور صحت بخش معاشرہ پیدا ہوگا بلکہ اس ملک کی تاریخی امن و امان کی روایات بھی غیر فانی ہو جائینگی۔

اس موقعہ پر میں ان بیرونی شر پسند عناصر کا ذکر کئے بغیر نہیں رہ سکتا جو نہ صرف حکومت کے اس مقصد میں مزاحم ہونا چاہتے ہیں بلکہ باشندگان ملک کے متحدہ عزم و ایقان آزادی کی چٹان سے اپنا سر ٹکرا کر یہاں کے امن کو متاثر کرنا چاہتے ہیں۔

یہ عناصر ان غرض مند مفادات کے آلہ کار بنے ہوئے ہیں جو حیدرآباد کو اپنی ہولناک جولانیوں کی آماجگاہ بنانا چاہتے ہیں اور متحد اور روادار باشندگان ملک میں یہ تصور پیدا کرنا چاہتے ہیں کہ حقوق باہمی اعانت اور سمجھوتے سے نہیں بلکہ نفرت اور خون ریزی سے حاصل کئے جاسکتے ہیں اس موقعہ پر مین یہ سوال کرسکتا ہوں کہ کیا یہ تصور امن کو یہاں سے بالکل

معدوم نہیں کردیگا ؟ اور کیا امن کا معدوم ہو جانا تہذیب و انسانیت کی موت نہیں ہے ؟

تشدد اور بدامنی کے ذریعہ حقوق حاصل کرنے کی کوشش کا جب ذکر چھڑ گیا ہے تو مین اس بات کی وضاحت بھی کردونگا کہ سماج کی شیرازہ بندی میں حقوق اور فرائض کے پلڑے مساوی رکھے گئے ہیں ہر تہذیب یافتہ معاشرہ میں جہاں افراد کو حقوق بخشے جاتے ہیں وہیں ان پر چند فرائض اور ذمہ داریاں بھی عائد کی جاتی ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حقوق کا تحفظ خود ادائی فرائض میں مضمر ہوتا ہے ۔ اور اولین و اہم ترین فرض جس کا کوئی تہذیب یافتہ معاشرہ اپنے افراد سے مطالبہ کرسکتا ہے وہ قیام امن ہے ۔ افراد یا جماعتوں کا اپنے اس فرض سے روگردانی کرکے حقوق کا مطالبہ کرنا کسی معاشرہ یا حکومت میں روا نہیں رکھا جاسکتا ۔ خود " فرد کی آزادی اور نظریہ مشیت عامہ " کے مشہور معلم "لاسکی" کا خیال ہے کہ امن عامہ میں رخنہ ڈالنے والے افراد یا ادارے اس قابل ہوتے ہیں کہ پوری طاقت سے ان کی سرکوبی کی جائے اور ہمیشہ کے لئے ان کو کچل دیا جائے ۔

یہ کوئی چھپی ہوئی بات نہیں ہے کہ ہمارے ملک میں جو شورش اور بدامنی کہیں کہیں برپا نظر آرہی ہے اس میں در اصل ایسے اداروں کا ہاتھ ہے جو عدم تشدد اور آئینی جدو جہد کے مسلک کی پابندی کا دعوی کرتے ہیں ۔

رائی کا پہاڑ بنانے والے اور افواہوں کی بنیاد پر یقین کی عمارت تعمیر کرنے والے چاہے کچھ کہیں لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ ہمارے ملک کے افراد کے غیر متزلزل عزم و اتحاد کے آگے ان بیرونی عناصر کی کار فرمائی بے اثر ہو کر رہ گئی ہے ۔ اس شکست سے بجائے اس کے کہ ان افراد میں انفعال اور ندامت کا کوئی احساس پیدا ہوتا انہوں نے اپنی مردہ تحریک کے لاشے کو اپنے کاندھوں پر رکھا ۔ کبھی اس جسد بے روح کو دہلی کے ہاسپٹل میں لے گئے ۔ کبھی پونا کی سیر کرائی اور کبھی ساحل مدراس پر تماشہ آرائی کرنے لگے ۔

اور جب کوئی تدبیر کارگر نہوئی تو بالا خر ملک کے باہر ان طاقتوں کی مدد سے جو ہمارے حق آزادی کو چیلینج دینا چاہتی ہیں عدم تشدد کے ان پجاریوں نے یہ منصوبہ باندھا کہ ملک کے داخلی امن و امان کو دہشت و تشدد کے ذریعہ متاثر کیا جائے اس کے لئے دیہات کی آبادیوں کا انتخاب کیا گیا اور انہیں امن شکن کارروائیوں کی آماجگاہ بنایا گیا اور اب دیہات کے پر امن اور وفادار باشندے ان کے اعمال تخریبی کا شکار ہورہے ہیں ۔

حیدرآباد کی سرحدوں کے حادثات اسی شکست خوردہ اور بدحواس ذہنیت کا آخری حربہ ہیں جس سے دھمکا کر ہمارے عزم و ایقان کو متزلزل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے ۔

مین اس حقیقت کو واضح کر دینا چاھتا ھوں که ھمارے مسائل کا حل نه تو کسی خارجی دباؤ سے ھوسکتا ھے اور نه تشدد کی قوت سے کوئی مطالبه تسلیم کرایا جاسکتا ھے۔ ھم اپنے مسائل کا تصفیه ملک کے اندر ھی بہتر طریقه پر کرسکتے ھیں ۔ اگر کوئی جاعت اپنے کچھ مطالبات رکھتی ھے تو وه اپنے مسائل کو امن اور خلوص کی فضاؤں میں پیش کرسکتی ھے ۔ حیدرآباد میں خلوص اور رواداری کی کبھی کمی نہیں رھی ھے ۔

لیکن دنیا کی کوئی حکومت اپنے ملک کے امن عامه کو خطرے میں نہیں دیکھ سکتی اس لئے ھم نے یه عزم کرلیا ھے که اپنے ملک میں امن کے بحال اور برقرار رکھنے میں کوئی کسر اٹھا نه رکھینگے ۔ اور اس فتنه کا سر کچل دیا جائیگا جو مفاد عامه اور ملک کی ترقی میں حائل ھوتا نظر آئے ۔

مین تمام جاعتوں اور فرقوں سے اپیل کرتا ھوں که وه اپنی قدیم روایات کے مطابق متحد و متفق رھیں خانواده آصفی اس ملک کی ساری جاعتوں کی اتصالی کڑی ھے ۔ اس کڑی سے مربوط رھنے میں ھی ھمارے مستقبل کی عظمت کا راز پوشیده ھے ۔ دنیا کے مہذب اور ترقی یافته ممالک کی صفوں میں آزاد مملکت حیدرآباد کےلئے ایک ممتاز اور رفیع المرتبت مقام محفوظ ھے ۔ یقیناً ھماری متحده جد و جہد ھمکو اس منزل تک پہنچاکے رھیگی ۔

شاه عثمان زنده باد

آزاد حیدرآباد پائنده باد

آپ نے یہ بھی سنا تھا!

"پولیس اور امن عامہ" — صفوۃ اللہ بیگ صاحب صوفی

رات اندھیری تھی اور وحشت ناک۔ چاروں طرف تاریکی اور اداسی کے سوا کچھ نہ تھا۔ شہر کی پیچ در پیچ گلیوں میں جو رات کی طرح سنسان اور خوفناک تھیں۔ ایک آدمی گزر رہا ہے — یہ گلیاں اس جگہ کے بسنے والوں کی قسمت کی طرح تاریک۔ انکے مستقبل کی طرح ڈراونی اورانکی زندگی کی طرح تنگ ہیں۔ میلی کچیلی، کچرے کے انبارسے پٹی ہوئی برسوں کی دفن شدہ گندگی۔ بارش کی نمی کیوجہ سے تعفن بنکر پھوٹ رہی ہے اور بوسیدہ مکانوں کی دیواروں سے غلاظت ٹپک رہی ہے۔ آدھی رات گزر چکی ہے زندگی کی اس بھول بھلیوں میں سکوت چھایا ہوا ہے۔ چاروں طرف خاموشی ہے۔ موت کی خاموشی! ۔ کبھی کبھی کوئی کتا اس خاموشی کو اپنی بے سری نوحہ خوانی سے توڑ دیتا ہے۔ اور اس کی آواز گلیوں سے ٹکراتی ہوئی۔ گونجتی ہوئی غائب ہو جاتی ہے۔ سناٹے کے اس عالم میں۔ موت کے اس سکوت کو توڑتا ہوا یہ راہ گیر۔ کیچڑ اور دلدل میں پھونک پھونک کر قدم رکھتا ہے۔ یہ کون ہے جو اس شیطانی رات میں، اس وقت۔ اس دنیاوی دوزخ میں اکیلا، تن تنہا گزر رہا ہے — آئیے قریب سے دیکھیں — یہ پولیس کا ایک ادنی کانسٹبل ہے جس پر سوسائیٹی نے امن و امان کے قیام کا بھاری بوجھ رکھدیا ہے۔ تمام عالم کی نیند اس کی بیداری کا صلہ ہے۔ اس سنسان اور اندھیری رات میں۔ اس وقت۔ صرف دو ہی قوتیں جاگ رہی ہیں۔ ایک سوسائیٹی کے روندے ہوئے۔ دنیا کے دھتکارے ہوئے۔ زمانے کے ستائے ہوئے پامال انسان جو سورج کی روشنی میں انسانوں سے آنکھیں چار نہیں کر سکتے۔ دوسرے پولیس کا یہ سپاہی انسانیت کا سب سے کم قسمت خدمت گذار!

"اقبال کا پیام انسانیت کے نام" — بالریڈی

گو اقبال آج ہم میں نہیں ہیں مگر ان کا پیام انسانیت اور آنے والی والی نسلوں میں نئی روح پھونکنے کے لئے زندہ ہے۔ اب یہ ہمارا کام ہے کہ انکے پیام سے " یقین محکم، عمل پیہم، اورمحبت فاتح عالم،، کا سبق لیں۔ اگر ہم نے اس پیام کو اپنا رہنما بنایا تو ہمارا ہر سانس " بانگ درا بن سکتا ہے۔ اور آج ہی ہمارےسارے جھگڑے ختم ہو جاتے ہیں۔

یہ صحیح ہے کہ افراد کو منظم کرنے کے لئے مذہبی جذبے نے کام کیا اور قومیت و وطنیت نے بھی مگر دونوں سے انسانیت کو بڑا نقصان پہنچا۔ اسی لئے اقبال نے " بین انسانیت،،

کا احساس پیدا کرنے کی کوشش کی جس کا اظہار انہوں نے '' مکہ و جنیوا '' میں کیا ہے :-

اس دور میں اقوام کی صحبت بھی ہوئی عام ۔ پوشیدہ نگاہوں سے رہی وحدت آدم
تفریق ملل حکمت افرنگ کا مقصود ۔ اسلام کا مقصود فقط ملت آدم

اقبال انسانی وحدت کا احساس ساری دنیا کے افراد میں پیدا کرنا چاہتے ہیں ۔اس نقطہ نظر سے اقبال کا پیام عالمگیر امن کا پیام ہے ۔ وطن پرست انکا قومی ترانہ الاپتے ہیں تو صوفی ان کے کلام سے وجد کرنے لگتے ہیں ۔ اور فلسفی ان سے فلسفہ کا درس لیتے ہیں ۔ پاکستان والے بھی ان سے کلام کی سند لیتے ہیں اور ہندوستان والے بھی ۔ شیخ بھی انہیں کی سند سے گفتگو کرتا ہے اور برھمن بھی ۔

ایک '' مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا '' الاپتا ہے تو دوسرا '' ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستان ہمارا '' گاتا ہے ۔ حقیقت یہ بھی ہے اور حقیقت وہ بھی ۔ مگر اسکے ایک پہلو سے واقف اور دوسرے سے ناآشنا لوگ آپس میں سر پھٹول کرتے ہیں ۔ جب اقبال '' مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا '' کا ترانہ سناتے ہیں تو ان کا عقیدہ یہ ہوتا ہے کہ اسلام ہی انسانیت کا علمبردار ہے اگر دنیا اسلام کے اصول پر کار بند ہو جائے تو اس کی ساری سیاسی اور معاشی کش مکش آج ہی ختم ہو جائے ۔ مگر یاد رہے کہ اقبال کے پیش نظر یہاں اسلام کا وہ اعلی نصب العین ہے جو انسانی مساوات اور اخوت پر مبنی ہے ۔

ہماری نشریات (سلسلہ نمبر دو)

خواتین کا پروگرام

نشرگاہ حیدر آباد کو اس پر فخر ہے کہ وہ ملک کی خواتین کے لئیے پروگرام نشر کرتی ہے۔ اس کے لئیے ھفتہ میں دو دن مقرر کئیے گئیے ہیں ۔

جمعہ کو صبح دس سے بارہ بجے تک
منگل کو رات میں پونے دس سے سوا دس بجیے تک

ہمارے سننے والوں کے اعتراضات

ہمارے ان دونوں پروگراموں کے متعلق یہ شکایت کی جا سکتی ہے کہ ان کے اوقات خواتین کی مصروفیات کے پیش نظر غلط ھیں ۔ ہم یہ تو نہیں کہتے کہ یہ اوقات نہایت مناسب ھیں البتہ اپنی مجبوریاں پیش کرکے درخواست کرتے ھیں کہ دوسرے متبادل اوقات ملنے تک ان ھی کو قبول فرمایا جائے ۔

ھمیں یہ اچھی طرح علم ہے کہ جمعہ کو عام تعطیل ہونے کی وجہ سے گھر کے سارے افراد عام طور پر گھر ھی میں رہتے ھیں ۔ حیدر آبادی خاتون کی زندگی کے مقاصد میں اس کو اولین اھمیت حاصل ہے کہ وہ افراد خاندان کی خدمت کرے۔ حیدر آبادی خواتین خاندان والوں کی خدمت کریں یا نشرگاہ حیدر آباد کا پروگرام سنیں ۔ اس کا صاف جواب یہ ہے کہ وہ خدمت کریں تو پھر نشرگاہ کا پروگرام کسطرح سنیں ۔

ہماری گزارش یہ ہے کہ " ساعت خواتین " ملک کی خواتین ھی نہیں بلکہ لڑکیاں بھی سنتی ھیں ۔ اگر یہ پروگرام کسی اور دن نشر ہوتو لڑکیاں مدرسوں میں ہوں گی ۔ ہم سننے والوں کی تعداد کو گھٹانا پسند نہیں کرتے ۔ اس کے علاوہ آج کی لڑکی کو کل کی عورت بننا ہے ۔

رات میں ساڑھے نو بجے تک ھندوستانی اور پاکستانی نشرگاھوں کی خبریں ختم ہوجاتی ھیں جن کے بعد میں خواتین کا دور رس پروگرام نشر کیا جائے تو اضلاع اور ریاست کے باہر کی خواتین بھی استفادہ کرسکتی ھیں ۔ ہمارا موجودہ ترسیلی آلہ یعنی ٹرانسمیٹر موج متوسط کا ہے اس لئیے صبح کا پروگرام دور دور تک سنائی نہیں دیتا ۔ رات میں دیر کے پروگرام رکھنے سے ہماری یہ کمی دور ہوسکتی ہے ۔ ھفتہ کے سات دنوں میں سے کسی کا ایک انتخاب کرکے ساڑھے نو کے بعد ھی

دور رس پروگرام رکھا جا سکتا ہے - اب دیکھئے ہفتہ کے مختلف دنوں میں ساڑھے نو بجے سے ہماری نشری مصروفیات کیا رہتی ہیں -

ہفتہ اور اتوار ———— موسیقی

پیر ———— فرمایشی ریکارڈ

منگل ———— ہر پندرہ دن میں ایک بار شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک

چہار شنبہ ———— یوروپی موسیقی

جمعرات ———— ریڈیو کی ڈاک

جمعہ ———— قوالی

ہفتہ یا اتوار کے ساڑھے نو بجے سے دور رس پروگرام رکھا جائے تو جمعہ کی قربت واجبی طور پر قابل اعتراض ہوجاتی ہے - پیر - منگل - چہار شنبہ اور جمعرات کے ساڑھے نو بجے کے اجزاء کو بدلوانا کسی کو پسند نہ ہوگا - جمعہ کی رات بھی مناسب نہیں کیونکہ صبح کو ایک پروگرام نشر ہوچکتا ہے - امید ہے کہ ان حالات میں ہم نے منگل کا جو انتخاب کیا ہے اسکو پسند کیا جائیگا - مگر اس کے ساتھ ہی ہم یقین دلاتے ہیں کہ جیسے ہی حالات سازگار ہوں گے ہم دن اور اوقات نشر خوشی کے ساتھ بدل دیں گے -

پروگرام کے اجزاء | ساعت خواتین کے عام اجزائے نشر یہ ہیں -

(الف) تقریریں اور افسانے
(ب) نظم خوانی - شعر گوئی - مشاعرہ
(ج) موسیقی
(د) فیچر
(ہ) بات چیت
(و) خطوط کے جواب
(ز) اپنی باتیں
(ح) "منظورہے گزارش احوال واقعی"
(ط) فرمایشی ریکارڈ

اب ان کی تفصیل ملاحظہ فرمایئے -

تقریریں اور افسانے | ہماری پوری کوشش ہے کہ ہم تقریروں اور افسانوں کے موجودہ معیار کو اور بلند کریں - ہم یہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں کہ ہم پستی کی طرف مائل ہیں - پچھلی نشریات یاد نہ ہوں تو "نوا" کی پرانی اشاعتیں دیکھئے آپ کو ان میں حیدرآباد کی چوٹی کی خواتین کے نام ملیں گے - البتہ آپ اس کا ضرور اعتراف کریں گے کہ اب خواتین کے لئے وقت آگیا ہے کہ

وقت کے تقاضوں کو پہچانیں ۔ زمانہ کی نئی قدروں کو سمجھیں ۔ اپنی تقریروں اور افسانوں میں
زندگی کے ان مسئلوں کو چھیڑیں جو عظیم تر حیدر آباد کے لئے حل طلب ہیں ۔

نظم ''شعر برائے شعر'' یا ''شعر برائے نشر'' کا دور ختم ہو چکا ہے اب شعر
برائے زندگی ہی ہمارا نصب العین بنے ۔ زندگی ہے تو پانچ لفظی مگر گزاریں تو پہاڑ معلوم ہوتی
ہے ۔ اس پہاڑ سے ٹکر لینی ہے ۔ ایسی ٹکر کہ سر سے خون کا ایک قطرہ نہ بہے اور پہاڑ میں زلزلہ
آجائے ۔

موسیقی پروگرام سے موسیقی نکال دی جائے تو اس کا کیف و سرور جاتا رہے گا ۔
پھر موسیقی تو روح کی غذا ہے ۔ ہم نے اس '' غذا'' پر راتب تو مقرر کیا ہے مگر فرمایشی پروگرام
کو اس نظام راتب بندی میں موسیقی کا چور بازار سمجھئیے تو آپ کو اس کا دوران کم معلوم نہ ہوگا ۔

فیچر ہم ہر جمعہ کو آدھے گھنٹہ کا فیچر نشر کرتے ہیں ہمکو اس کا اعتراف ہے کہ
ہم مردوں کے فیچر بھی نشر کرتے ہیں مگر اسکو کیا کیا جائے کہ خواتین کے فیچر زیادہ تعداد
میں نہیں آتے ۔ ہم اس کمی کو بھی نہیں بھلاتے کہ تمام تر روز کے نسوانی مسائل ہمارے
فیچروں کے موضوع نہیں بنتے مگر یہ فیچر لکھنے والوں کا کام ہے کہ وہ خواتین کے لئے ان کے
اپنے مسائل والے فیچر لکھیں ۔

بات چیت تقریروں میں تنوع اور دلچسپی کی خاطر پروگرام کبھی کبھار بات چیت کی شکل
میں پیش کیا جاتا ہے ۔ اس کا ایک خاص فائدہ یہ ہے کہ تقریر کے دونوں رخ دکھائی دیتے ہیں
دوسرا یہ کہ دونوں رخ دو مختلف شخصیتیں پیش کرتی ہیں ۔ اس لئے تنوع محسوس ہوتا ہے ۔

خطوں کے جواب ہر جمعہ کو پانچ منٹ تک خط لکھنے والی خواتین کو جوابات سنائے
جاتے ہیں ۔ بعض سامعین کا خیال ہے کہ ہم کسی کی نہیں سنتے اور اپنی کرتے ہیں ۔ جوابود
میں ہم اپنی بپتا سناتے اور اکثر آپ کے مشوروں پر عمل کرتے ہیں ۔

اپنی باتیں پروگرام کا یہ جزو کسی تبصرہ کا محتاج نہیں ۔ ہر جمعہ کو دس منٹ تک
اپنی باتیں ایسے ہی لوگ سنتے ہیں ۔ بعض باتیں صرف سننے کی ہوتی ہیں اور بعض کرنے کی
''اپنی باتیں'' سننے کی بھی ہیں اور کرنے کی بھی ۔

منظور ہے گزارش احوال واقعی فرمایشی ریکارڈوں کے درمیان صبح ساڑھے گیارہ بجے سے ''منظور ہے
گزارش احوال واقعی'' کے عنوان سے پروگرام پیش ہوتا ہے ۔
ہمارے گھروں میں روزانہ کچھ نہ کچھ لکڑی ضرور بیکار جلتی ہوگی ۔ سارے گھروں

بیکار جل [illegible] لکڑی کے دام ایک جگہہ کیلئے ۔ لاکھوں روپیہ ہوگئے ۔ کیا ہرسال لاکھوں روپیہ جلا کر [illegible] کو کھے جا سکتے ہیں۔

فرمایشی ریکارڈ فرمایشی ریکارڈ سے تفریح کی تفریح اور تعلیم کی تعلیم ہوتی ہے۔ ان ریکارڈوں میں " کوئی جگانے آیا" والا رومانی ریکارڈ بھی ہے اور " آ نیا ترانہ گائیں " والا تعلیمی ریکارڈ بھی ہے "جہاں اب تیرے سوا کون میرا کرشن کنہیا " کا ریکارڈ بجا کر کرشن جی کے گن گائیں جاتے ہیں تو "الہی تو تو رب العالمین ہے " بجا کر دنیا کے پیدا کرنے والے کو یاد کیا جاتا ہے۔

جوہری توانائی میں یہ صلاحیت نہیں کہ وہ اس دنیا کو ختم کر سکے ۔ عورت کی زبان اپنے میں ساری توانائیاں اور صلاحیتیں رکھتی ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ عورت کو اپنی زبان پرقابو نہیں ۔ اگر یہ صحیح ہے تو آج دنیا کو جوہری توانائی سے زیادہ عورت کی زبان بندی کی طرف توجہ کرنی چاہئیے ۔ اور جگہوں پر معلوم نہیں عورت کی زبان کسطرح چلتی ہے ہم نے ہفتہ میں دو پروگرام رکھ کر تجربہ کیا تو معلوم ہوا کہ عورتوں نے خود "اپنی زبان بندی" کرلی ہے ۔ ورنہ کیا بات کہ ہم شکایت کریں ۔

ہمارے پاس خاتون مقرروں کی کمی ہے ۔
ہم کو خاتون افسانہ نگار نہیں ملتیں ۔
فیچر لکھنے والی خواتین توجہ نہیں کرتیں ۔

لیکن

اے ماؤ بہنو بیٹو دنیا کی عزت تم سے ہے

پروگرام کا تنوع

(آذر سنہ ۱۳۵۷ ف سے اب تک جو نئے اجزاء شریک کئے گئے ہیں ان پر ایک سرسری نظر)

(۱) " نیا حیدر آباد "

ہر جمعرات کو رات کے دس بجے سے ایک خاص نیم ڈرامائی اور نیم مغنائی پروگرام نشر کیا جا رہا ہے جسکا مقصد دکن والوں کو ان کی ذمہ داریاں بتا کر اپیل کرنا ہے کہ وہ نئی آزاد مقتدر مملکت کی تعمیر میں اپنے فرائض انجام دیں ۔

(۲) " سنی سنائی "

روز آنہ رات کے آٹھ بجے سے ان بے بنیاد افواہوں کی تردید کی جاتی ہے جو ملک میں گشت کرتی ہیں ۔ ان جھوٹے بیانات الزامات اور اطلاعوں کی حقیقت بے نقاب کی جاتی ہے جو دکن کے دشمن پھیلا کر یہاں کے امن کو متاثر کرنا چاہتے ہیں ۔ ساتھ ہی ہندو مسلم اتحاد اور بھائی چارہ کا خلوص دل کے ساتھ پرچار کیا جاتا ہے ۔

(۳) " منظور ہے گذارش احوال واقعی "

خواتین کے پروگرام میں مختصر نوشتوں کے ذریعہ خواتین کو توجہ دلائی جارہی ہے کہ وہ گھریلو انتظامات کی اس طرح نگرانی کریں کہ ملک کی دولت ضائع نہ جائے ۔ مثلاً اگر ہر گھر میں ایک ایک انچ لکڑی بیکار جلے تو سال بھر میں لاکھوں کروڑوں من لکڑی بیکار جلے گی جس سے مجموعی طور پر ملک کے لاکھوں روپے نذر آتش ہوں گے ۔

(۴) " ہمارا نعرہ "

روز آنہ رات کے آٹھ بج کر پانچ منٹ سے " ہمارا نعرہ " اہل دکن کے قومی جذبات کو استحکام بخش دیا ہے اور وہ ہمارے ساتھ نعرہ لگاتے ہیں ۔

" ہم ہیں وطن کے پاسبان "

یا

" ہم زندگی کے ساتھ ہیں ہم زندگی کے ساتھ "

یا

" آزاد ہیں آزاد ہیں آزاد رہیں گے "

(٥) "ہمارے یہی ہیں مہرباں کیسے کیسے"

ہر اتوار کو صبح پونے نو بجے سے ایک خاکہ کے ذریعہ سننے والوں کو بتایا جا رہا ہے کہ ہمکو کیسے کیسے مہربانوں سے سابقہ پڑتا ہے اور کیسے کیسے فنکار صدا کار غنا کار سازکار مقرر شاعر اور داستان گو ہم کو ریہرسل دینے کے لئے آتے ہیں اس پروگرام کا مقصد سننے والوں کو ہماری مشکلات سے واقف کرنے سے زیادہ یہ بتانا ہے کہ ہمارے ملک میں بہ خود غلط فنکار بھی ہیں ۔

(٦) "تعمیر دکن"

سننے والوں سے پوچھا جا رہا ہے کہ ان کے پاس تعمیر دکن کی کیا کیا اسکیمیں ہیں اور خواہش کی جارہی ہے کہ وہ اپنی اسکیمیں نشرگاہ آکر خود ہی سامعین کو سنائیں ۔

(٧) "انعامی مقابلہ"

ہر منگل کو پندرہ منٹ کا ایک تفریحی پروگرام سنئے جس سے حافظہ کا امتحان بھی ہوتا ہے اور صحیح حل معلوم ہونے پر انعام بھی ملتا ہے ۔

تبصرے

(٨) "اسپورٹس"

پندرہ دن میں ایک مرتبہ اسپورٹس پر پندرہ منٹ کا ایک تبصرہ ۔ ہورہا ہے اسپورٹس کے متعلق معلومات رکھنا ضروری ہے ۔ کھیل کود ہماری صحت کو ترقی دینے میں سب سے زیادہ مدد دیتے ہیں

(٩) "فلمستان"

فلم صرف تفریح کا ذریعہ نہیں ہے ۔ اچھے فلم سوسائٹی بناتے اور خراب فلم بنی ہوئی سوسائٹی کو دیمک کی طرح کھا جاتے ہیں ۔ ہم نے ہر پندرہ دن میں ایک مرتبہ فلموں پر تبصرہ رکھا ہے تاکہ آپ فلموں کے محاسن اور معایب جاننے لگیں ۔

(١٠) "ہفتہ وار اخباری تبصرہ"

ہر جمعہ کو صبح ساڑھے نو بجے سے اخباروں کے اہم اداریے اور اوراق پر تبصرہ نشر کیا جاتا ہے ۔ ہر شخص کی نظر سے تمام اخبار نہیں گزرتے اس لئے اگر ہفتہ میں ایک مرتبہ اس طرح جائزہ لیا جائے تو زیادہ سے زیادہ سامعین اہم امور پر مختلف رائیں معلوم کرسکتے ہیں ۔

(١١) "پچھلے ہفتہ کی خبریں"

ہر منگل کو بچوں کے پروگرام میں ایک ہفتہ کی اہم خبریں سنائی جاتی ہیں ان کو ان واقعات کی

معلوم ہوتی ہے اس لئے وہ بچپن ہی سے سیاسی معاشی معاشرتی دنیا سے متعارف ہو جاتے ہیں۔

(۲) "شعر اور اس کا مطلب"

بچوں کا پروگرام روزانہ ایک اچھے شعر سے شروع ہو رہا ہے۔ بچوں کو اس شعر کا بھی سنایا جاتا ہے۔ ایسے اشعار نشر کئے جار ہے ہیں جو بچوں کے کردار کو مستحکم اور کو سنوار سکیں۔ ان میں ترقی کرنے آگے بڑھنے اور مصائب کا مقابلہ کرنے کا حوصلہ ہو۔

) "نصیحت"

بچوں کا پروگرام روزانہ ایک اچھی نصیحت پر ختم ہو رہا ہے۔ بچوں سے رخصت ان کو روز کوئی ایسی بات سنائی جاتی ہے جو ان کو یاد رہے اور وہ اس پر عمل کریں تو ایک شہری اور انسان بن سکتے ہیں۔

) "ہمارا دیس"

" نیا حیدرآباد "، کی طرح بچوں کے پروگرام میں تعمیری پروگراموں کا ایک سلسلہ کیا گیا ہے۔ اس میں ان کو بھی بتایا جارہا ہے کہ ملک کے نئے تقاضوں کو یاد رکھکر بڑھنے کی کوشش کی جائے۔

) "تلنگی شہری پروگرام"

روزآنہ آدھے گھنٹہ تک تلنگی زبان میں شہریوں کے لئے پروگرام شروع کیا گیا ہے کا موجودہ وقت سے ساڑھے چھ بجے شام ہے۔

) "تلنگی دیہاتی پروگرام"

دیہاتی رقبہ کے سننے والوں کے لئے تلنگی میں دیہی نشر شروع کی گئی ہے جو روزانہ آدھے تک ساڑھے چھ سے سات بجے تک ہوتی ہے۔

) "مرہٹی میں خبریں"

مرہٹی میں ختم اسفندار تک پانچ منٹ کی خبریں نشر کی جاتی تھیں۔ پہلی فروردی سے دس منٹ کی خبریں کردی گئی ہیں۔

) "کنڑی میں خبریں"

مرہٹی کی طرح کنڑی مین خبروں کی نشر بھی سنہ ۱۳۵۷ ف کا اضافہ ہے۔ اس کا دوران دس منٹ کردیا گیا ہے۔

([illegible]) "اردو میں خبریں"

راتکے ساڑھے آٹھ بجے کی خبروں کے علاوہ شام میں پانچ بجے سے بھی اردو میں خبریں نشر کی جارہی ہیں جن کا دورانیہ پانچ منٹ ہوتا ہے ۔

(۲۰) "ضروری اطلاعیں"

روزانہ پانچ منٹ تک مہاجرین کے پیامات نشر کئے جارہے ہیں ۔ اب وقت بدل کر رات کے ۹ بجکر دس منٹ سے ان کی نشر مقرر کی گئی ہے ۔

ہمارے وسائل اب بھی محدود ہیں

عملہ قریب قریب پہلے کے برابر ہے

اسکے باوجود

ہم

نے

آذر ۔ دے ۔ بہمن ۔ اسفندار یعنی چار مہینوں کی قلیل مدت میں ایک دو نہیں بلکہ بیس نئے اجزائے پروگرام شریک کئے گئے ۔ اس طرح ہر ماہ اوسطاً پانچ نئے اجزاء کا اضافہ کیا گیا ہے ۔ ہم آپ سے داد نہیں چاہتے ۔ صرف یہ چاہتے ہیں کہ آئندہ اگر تنوع کی اس رفتار میں کمی ہو یاموجودہ رفتار آپ کو سست معلوم ہو تو آپ ہم سے خفا ہونے کی بجائے ہم سے ہمدردی کریں

شکریہ ـــ

چند غیر معمولی نشریات

(آذر - دے - بہمن - اسفندار سنہ ۱۳۵۷ف)

۱ - ہز اکسلنسی مولوی میر لائق علی صاحب صدر اعظم دولت آصفیہ کی پہلی تقریر جو ہز اکسلنسی نے جائزہ لینے کے بعد ۳ - دے کو نشرفرمائی -

۲ - ہز اکسلنسی کی دوسری تقریر ۴ - بہمن کو نشر ہوئی - ۴ - بہمن کو حضرت بندگان اقدس کی موٹر پر بم پھینکنے کی ناپاک کوشش کی گئی تھی -

۳ - ہز اکسلنسی کی تیسری تقریر جو عارضی حکومت کے قیام کے بعد نشر فرمائی گئی-

۴ - ۴ - بہمن کے ناپاک حادثہ بم کے سلسلے میں -

(الف) مختلف مکاتب خیال کے قایدین کی تقریریں ۴ - بہن کو نشر کی گئیں -

(ب) ۵ - بہمن سے مسلسل کئی دن تک روزانہ اہم تقریروں کے علاوہ مختلف اداروں اصحاب وغیرہ کے سیکڑوں بیانات اور پیامات نشر کئے گئے -

۵ - عزت مآب پنڈت جی راماچاری صاحب صدرالمہام زراعت سرکارعالی نےعوام کی ذمہ داریوں پر تقریر نشر فرمائی -

۶ - عزت مآب مولوی یامین زبیری صاحب صدرالمہام حکومت مقامی نے قیام امن پر تقریر نشرفرمائی -

۷ - ڈاکٹر سید حسین ہندوستانی سفیر مصر کی انگریزی تقریر -

۸ - شہادت کانفرنس کی بیرونی نشر-

۹ - ڈاکٹر سر ضیاء الدین احمد مرحوم پر ڈاکٹر یسین زبیری صاحب کی تقریر نشر کروائی گئی-

۱۰ - مولوی ظہیر احمد صاحب معتمد امور عامہ سرکار عالی نے دو غیر معمولی اور اہم تقریریں نشر فرمائیں-

۱۱ - خان بہادر نظام الدین صاحب جنرل مینجر ریلوے سرکار عالی کی تقریر "کرایوں میں اضافہ" سے متعلق نشر کی گئی۔

۱۲ - مولوی مرزا مقصود احمد خان صاحب چیف آرگنائزر مجلس قیام امن نے گاندھی جی کے برت کے مقاصد پر تقریر نشر فرمائی ۔

۱۳ - غذائی سوالات کے ماہرانہ جوابات مولوی حمید الدین احمد صاحب نے جو اسوقت نائب معتمد رسد اور مینجنگ ڈائرکٹر حیدرآباد کمرشیل کارپوریشن تھے نشر فرمائے

۱۴ - حضرت سیاب اکبر آبادی نے اپنا کلام نشرفرمایا ۔

۱۵ - یکم آذر کو ایک غیر معمولی مشاعرہ پیش کیا گیا ۔

۱۶ - جامعہ عثمانیہ کی ایک علمی کانفرنس کے چشم دید واقعات نوشتہ کے طور پر نشر کئے گئے ۔

اتوار یکم فروردی سنہ ۱۳۵۷ ف

یکم فروری سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — پہلی نشر

(اسٹاف ڈے)

۳۰ — قرأت کلام اللہ
قاری محمد عبد الباری

۳۵ — شریمدبھگوت گیتا کے اشلوک۔
پنڈت رام نواس شرما

۴۰ — "ہمارے بھی ہیں مہربان کیسے کیسے"
خاکہ نوشتہ محمد ثناء اللہ

— ایم۔ اے۔ روف
دادرا۔ رتیاں کدھر گنوائی رے
غزل۔ کبھی شاخ و سبزہ و برگ پر
کبھی غنچہ و گل و خار پر (جگر)

۱۵ — اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ امیر احمد خسرو۔ دو گیت۔
(۱) اک ایسا گیت سناؤ
(۲) نیا دھیرے دھیرے جانا

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — دوسری نشر

— اردو میں خبریں

— "ہم خدمت کرنے والے ہیں"
(کورس).

۱۰ — ایم۔ اے۔ روف۔ غزل۔

۲۰ — کنھیا لعل۔ بھجن
مورے نینوں میں رام رس چھائے

۵ - ۳۰ مرہٹی نشریات
"مرہٹی زبان اور نشریات"
نوشتہ اتم راؤ۔ ہمارا آرکسٹرا سنئے
"ہماری چند مشکلات" (باتچیت)
ہمارے مرہٹی ریکارڈ

۶ - - تلنگی نشریات (شہریوں کے لئے)
"نشریات دکن"، تقریر۔ بی کشن راؤ
ستار۔ جاشوا
ہمارا بنایا ہوا ریکارڈ
"ہمارا تلنگی پروگرام" (باتچیت)
تلنگی میں خبریں
بانسری۔ شنکر راؤ

۶ - ۳۰ تلنگی نشریات (دیہاتیوں کے لئے)

۷ - - "دکن ریڈیو اور ایرانی" تقریر
آقا فرخ شیرازی

۷ - ۵ "نشرگاہ حیدرآباد اور عربی"
تقریر۔ العسیری

۷ - ۱۰ "نشرگاہ حیدرآباد کا کنڑی پروگرام"
تقریر۔ مادھو راؤ۔

۷ - ۱۵ بچوں کے لئے
فیچر پروگرام جسے عبد الماجد نے
لکھا ہے

۷ - ۴۵ ذاکر علی۔ گیت۔ ہاپی پیہارے

۷ - ۵۰ خواجہ محمود بیگ۔ غزل

۸ - - "سنی سنائی"

۸ - ۵ "ہمارا نعرہ"، ہم ملک دکن کی
خدمت میں (کورس نمبر ۳۲) جسے
نشرگاہ کے تمام کارکن پیش کرینگے۔

۸ - ۱۰	" نشریات "، تقریر ـ حمید الدین احمد معتمد نشریات و اطلاعات سرکار عالی
۸ - ۲۰	تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰	اردو میں خبریں
۸ - ۴۰	انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰	مرہٹی میں خبریں
۹ - .	کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰	ضروری اطلاعیں
۹ - ۱۵	لکشمن راؤ ـ ایک راگ
۹ - ۲۵	شیخ داؤد ـ طبلہ
۹ - ۳۰	ایم ـ اے ـ روف ـ ٹھمری و غزل
۹ - ۴۵	" پروگرام "، تقریر سالم بن سعید (مہتمم نشرگاہ)
۹ - ۵۰	" نشرگاہ "، نظم ـ تحسین سروری
۹ - ۵۵	" ترسیل "، تقریر سید ہادی بلگرامی (انجینیر نشرگاہ)
۱۰ - .	ان لوگوں سے ملئے (مختصر تعارف)
۱۰ - ۱۵	" نشرگاہ "، خاکہ جسے نذیر احمد پیش کرینگے ـ
۱۰ - ۳۰	" ہماری محفل "
۱۰ - ۴۵	" گول میز کانفرنس "
۱۱ - .	ترانہ دکن

اشتہار کے لئیے

پیر ۲ ۔ فروردی سنہ ۱۳۵۷ ف

۲ ۔ فروری سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — پہلی نشر

۸ ـ ۳۰	” سریلے نغمے “ (ریکارڈ)
۸ ـ ۵۵	پی ۔ نارائن راؤ ۔ استادی گانا
۹ ـ ۱۰	حیدر علی ۔ غزل
۹ ـ ۱۵	اردو میں خبریں
۹ ـ ۲۰	حیدر علی ۔ غزل و گیت
۹ ـ ۳۰	ترانہ دکن

شام — دوسری نشر

۵ ـ ۰	اردو میں خبریں
۵ ـ ۵	پی ۔ نارائن راؤ ۔ استادی گانا
۵ ـ ۲۰	مسز چٹوپادھیا ۔ بنگالی گیت ۔
۵ ـ ۳۰	**کنڑی نشریات**
	ریکارڈ ۔ افسانہ ۔ وینکٹ آچاریہ ۔ ریکارڈ
۶ ـ ۰	**تلنگی نشریات** (شہریوں کے لئے)
	وائلن ” سائنس کی دنیا “ تقریر
	آر ۔ ست نارائن ۔ خبریں ۔ فلمی گانے (ریکارڈ)
۶ ـ ۳۰	**تلنگی نشریات** (دیہاتیوں کے لئے)
۷ ـ ۰	اسٹوڈیو آرکسٹرا ۔ ” بہار “
۷ ـ ۵	مسز چٹوپادھیا ۔ دو گیت
	(۱) چاند کو گلے سے لگائے بدروا
	(۲) دل کا درد نہ جانے
۷ ـ ۱۵	**بچوں کے لئے**
	اس شعر سے سبق لو
	چھوٹے بچوں کا پروگرام
	آج کی نصیحت
۷ ـ ۴۵	کنیز فاطمہ ۔ فلمی گیت
۸ ـ ۰	” سنی سنائی “
۸ ـ ۵	” ہمارا نعرہ “ (کورس نمبر ۳۳)
۸ ـ ۱۰	” حیدرآباد کا نظام زراعت “ تقریر میر اقبال علی خاں
۸ ـ ۲۰	تلنگی میں خبریں
۸ ـ ۳۰	اردو میں خبریں
۸ ـ ۴۰	انگریزی میں خبریں
۸ ـ ۵۰	مرہٹی میں خبریں
۹ ـ ۰	کنڑی میں خبریں
۹ ـ ۱۰	ضروری اطلاعیں
۹ ـ ۱۵	پی ۔ نارائن راؤ ۔ استادی اور عام پسند گانا
۹ ـ ۳۰	” پسند اپنی اپنی “ (فرمائشی ریکارڈ)
۱۱ ـ ۰	ترانہ دکن

ضروری اطلاع

خریدار صاحبان مراسلت کے وقت اپنا خریداری نمبر درج فرمائیں ۔

منگل ۳ - فروری ۱۳۵۷ ف

۳ - فروری سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ شریمدبھگوت گیتا کے اشلوک اورترجمہ
پنڈت رام نواس شرما

۸ - ۴۵ سادھوسنگھ - بھجن

۹ - ۰ منتخب ریکارڈ

۹ - ۱۵ اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ سادھوسنگھ - بھجن

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ شیلا بائی
خیال بھیم پلاس - اب توبڑی بیر (بلمپت)
گورے مکھا سو مورے (درت)

۵ - ۲۰ کنہیالعل - غزل

۵ - ۳۰ مرہٹی نشریات
آرکسٹرا "استاد کے فرائض"
تقریر - ڈاکٹر شنڈارکر - گانا -
"حیدرآباد - نوشتہ"

۶ - ۰ تلنگی نشریات (شہریوں کے لئے)
ریکارڈ "حیدرآباد میں ہنک کاری"
تقریر بی بی شرما - خبریں - گانا

۶ - ۳۰ تلنگی نشریات (دیہاتیوں کے لئے)

۷ - ۰ اعلان سنئے

۷ - ۱۰ بچوں کے لئے
اس شعر سے سبق لو
پچھلے ہفتہ کی خبریں
"کام کی باتیں"
(خان صاحب و میر صاحب)
"وطن سے چلاہے وطن کا سپاھی"
ریکارڈ
آج کی نصیحت

۷ - ۴۵ اعلان سنئے

۸ - ۰ "سنی سنائی"

۸ - ۵ "ھمارا نعرہ" (کورس نمبر ۴۴)

۸ - ۱۰ "ازدواج" تقریر - ڈاکٹرعبدالحی

۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ مرہٹی میں خبریں

۹ - ۰ کنڑی میں خبریں

۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۱۵ شیلا بائی - استادی گانا -
مارو بہاگ - رسیا ہو نہ جا (بلمپت)
جانا نہ مورے (درت)
بھاؤگیت -

۹ - ۳۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا - دو فلمی نغمے

۹ - ۴۵ خواتین کے لئے "دور رس پروگرام"

۱۰ - ۱۵ "انعامی مقابلہ"
(ریکارڈ سنکر خط لکھئے)

۱۰ - ۳۰ کنہیا لعل - غزل و گیت

۱۰ - ۵۰ شیلا بائی - عام پسند گانا

۱۱ - ۰ ترانہ دکن

چہارشنبہ ۴ ۔ فروردی سنہ ۱۳۵۷ ف

۴۔ فروری سنہ ۱۹۴۸ء

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰ "دل کی داستان" (ریکارڈ)

۹ - ۱۵ اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ پی ۔ نارائن راؤ ۔ استادی گانا

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — دوسری نشر

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ شوقین فنکاروں کو سنئے

۵ - ۳۰ فارسی نشریات

ریکارڈ "حیدرآباد میں میرے مشاہدات" تقریر ۔ آقا محمدباقریزدی

ریکارڈ ۔ ہفتہ وار اخباری تبصرہ ۔

ریکارڈ

۶ - ۰ تلنگی نشریات شہریوں کے لئے

ستار "ہمارے اضلاع" تقریر ۔ وی ۔ رام چند ر راؤ ۔ خبریں ۔ کورس

ریکارڈ

۶ - ۳۰ تلنگی نشریات دیہاتیوں کے لئے

۷ - ۰ اسپورٹس پر تبصرہ ۔ بھارت چند کھنہ

۷ - ۱۵ بچوں کے لئے

اس شعر سے سبق لو

"بلی کے کہنے والے" فیچر نوشتہ اویس احمد ادیب

آج کی نصیحت

۷ - ۴۵ پی ۔ نارائن راؤ ۔ استادی گانا ۔

۸ - ۰ "سنی سنائی"

۸ - ۵ ہمارا نعرہ (کورس نمبر ۳۰)

۸ - ۱۰ "اچھا زر" تقریر ۔ پروفیسر امتیاز حسین خاں

۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ مرہٹی میں خبریں

۹ - ۰ کنڑی میں خبریں

۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۱۵ "غزلیں" (ریکارڈ)

۹ - ۳۰ یوروپی موسیقی (ریکارڈ)

۹ - ۴۵ "فن نامہ نگاری" انگریزی تقریر کے ۔ سیتارامیا

۱۰ - ۰ یوروپی موسیقی (ریکارڈ)

۱۱ - ۰ ترانہ دکن

جمعرات ۵ ۔ فروری سنہ ۱۳۵۷ ف

۵ ۔ فروری سنہ ۱۹۴۸ ع

شام — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ ”لیل و نہار“ (ریکارڈ)

۹ - ۰ اسد علی خاں ۔ استادی گانا

۹ - ۱۵ اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ حبیب الدین ۔ غزل ۔
کیا چھپاتے کسی سے حال اپنا

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ نورجہاں بیگم ۔
دادرا ۔ پیارے رسیا بہاری
غزل ۔ آہٹ پہ کان در پہ نظر بار بار ہے

۵ - ۳۰ **مرہٹی نشریات**
ریکارڈ ”مرہٹی ادب“ تقریر
پروفیسر سی ۔ وی جوشی ۔ ریکارڈ

۶ - ۰ **تلنگی نشریات** شہریوں کے لئے
ریکارڈ ”بچوں کی نفسیات“ تقریر
سوریا نارائن مورتی ۔ خبریں ۔ گانا

۶ - ۳۰ **تلنگی نشریات** دیہاتیوں کے لئے

۷ - ۰ اسد علی خاں ۔ استادی گانا

۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**
اس شعر سے سبق لو
”نورس“ لڑکیوں کا پروگرام
آج کی نصیحت

۷ - ۴۵ نورجہاں بیگم ۔ گیت ۔
گیت ۔ کانٹ کی کلیوں کو
غزل ۔ آرزو درد بنے گی مجھے
معلوم نہ تھا (ناظم)

۸ - ۰ ”سنی سنائی“

۸ - ۵ ”ہمارا نعرہ“ (کورس نمبر ۳۶)

۸ - ۱۰ ”فضول خرچی“ تقریر سلیمان اریب

۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ مرہٹی میں خبریں

۹ - ۰ کنڑی میں خبریں

۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۱۵ حبیب الدین ۔ غزل ۔ کس کے دل میں
کھپ گئی کس کی نظر میں جچ گئی

۹ - ۲۰ اسد علی خاں ۔ گھونگٹ پٹ کھولو
(الاپ درباری کانڑا)

۹ - ۳۰ ”ریڈیو کی ڈاک“ ندیم

۹ - ۴۵ نورجہاں بیگم ۔ ٹھمری ۔ ایسوری
بیدردی بالم پنیاں بھرن ناہیں دے
غزل ۔ یہ بھیگی بھیگی راتیں
یہ دلربا فضائیں (نخشب)

”نیا حیدرآباد“ (سلسلہ نمبر ۹)

خاص پروگرام

۱۰ - ۳۰ اسٹوڈیو آرکسٹرا ۔ ”نغمۂ صحرا“

۱۰ - ۳۵ حبیب الدین ۔ غزل پھر ہجوم ہوس
عالم تنہائی ہے

۱۰ - ۴۵ نورجہاں بیگم ۔ دو گیت

۱۱ - ۰ ترانہ دکن

”نیا حیدرآباد“ امن اور اتحاد کا گہوارہ ہے

جمعہ ۶۔ فروردی سنہ ۱۳۵۷ ف

۶۔ فروری سنہ ۱۹۴۸ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰ قرأت کلام اللہ معہ تفسیر۔ قاری محمد عبدالباری

۸ - ۴۵ نعت ۔ محمود علی

۸ - ۵۵ محمد یسین اور ساتھی قوالی ۔ غزلیں۔ (۱)میں ھوں اس جینے سے بیزار مدینہ والے (۲)سب سے بڑھ کر یہ ارمان مرے ارمانوں میں

۹ - ۱۵ اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ محمد علی ۔ نعتیہ غزل ۔ اک رندھے اور مدحت سلطان مدینہ (جگر)

۹ - ۳۰ ہفتہ وار اخباری تبصرہ ۔ حبیب اللہ اوج

۹ - ۴۰ شنکرابائی ۔ دادرا ۔ بھیرویں ۔ جاجارے سیاں میں ناھیں بولوں غزل ۔ نہ زبان شکوہ کھلے کبھی نہ صدائے نالہ دراز ھو

خواتین کے لئے

۱۰ - ۰ ''تعلیم کے بعد،، تقریر ۔ سلطانہ عادل

۱۰ - ۱۰ نظم ۔ سعیدہ مظہر

۱۰ - ۱۵ ''خواتین اور آزادی،، تقریر ۔ بیگم حفیظ

۱۰ - ۲۵ آپ کا خط ملا ۔ شکریہ

۱۰ - ۳۰ تاجور سلطانہ ۔ عام پسند گانا

۱۰ - ۳۵ '' اپنی باتیں ،،

۱۱ - ۴۵ '' زینت '' فیچر نوشتہ سکندر توفیق

۱۰ - ۱۵ اپنی پسند کے ریکارڈ سنئے

۱۱ - ۳۰ ''منظور ہے گزارش احوال واقعی''

۱۱ - ۳۵ پھر اپنی پسند کے ریکارڈ سنئے

۱۲ - ۰ ترانہ دکن

شام — دوسری نشر

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ غلام صدیق خاں ۔ خیال پور یا پار نہ پایو

۵ - ۲۰ محمد علی ۔ کلام اقبال

۵ - ۳۰ **عربی نشریات**

ریکارڈ '' سیرۃ النبی صلعم،، تقریر ۔ حبیب مصطفے موسیقی ۔ عبداللہ بن سالم۔ ہفتہ واری اخباری تبصرہ ۔

۶ - ۰ **تلنگی نشریات** (شہریوں کے لئے)

کلاریونٹ ۔ '' سلاطین قطب شاھی'' اور تلنگی زبان،، تقریر ۔ درگا چلم خبریں ۔ دوگانے (ریکارڈ)

۶ - ۳۰ **تلنگی نشریات** (دیہاتیوں کے)

۷ - ۰ محمد یسین اور ساتھی ۔ قوالی ۔ رسول اللہ کی دل میں محبت لیکے آیا ہوں

۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**

اس شعر سے سبق لو
اپنی پسند کے ریکارڈ سنو
آج کی نصیحت

۷ - ۴۵ '' جھلکیاں ،،

۷ - ۵۵	محمد علی - نعتیہ غزل - اے با دصبا کملی والے سے جا کہیو پیغام مرا (اقبال)
۸ - ۰	”سنی سنائی،،
۸ - ۵	”سنائی ہمارا نعرہ،، (کورس نمبر)
۸ - ۱۰	”ہائے دلی،، تقریر آغا حیدر حسن
۸ - ۲۰	تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰	اردو میں خبریں
۸ - ۴۰	انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰	مرھٹی میں خبریں
۹ - ۰	کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰	ضروری اطلاعیں
۹ - ۱۵	شنکرا بائی - خیال پوربی - نیاموری پار کرو

”دور رس پروگرام،،

۹ - ۳۰	قرأت کلام اللہ - قاری محمد عبدالباری
۹ - ۴۰	محمد یسین اور ساتھی - غزلیں (۱) انہیں کیا کل کوئی پائے نہ پائے (۲) بے باک نگاھی کیا کرتے غیرت کو گوارا ہونہ سکا
۱۰ - ۰	ملے جلے ریکارڈ
۱۰ - ۱۵	شنکرا بائی - غزلیں (۱) عشق کی حد سے نکلتے پھر یہ منظر دیکھتے (جگر) (۲) دل ھی توھے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں (غالب)
۱۰ - ۳۰	محمد یسین اور ساتھی - قوالی
۱۰ - ۴۵	شنکرا بائی - ٹھمری - سانوریا مان جاؤ غزل - کسی کے ایک اشارے میں کسکو کیا نہ ملا (فانی)
۱۱ - ۰	ترانہ دکن

ہفتہ ۷۔ فروردی سنہ ۱۳۵۷ف

۷۔ فروری سنہ ۱۹۴۸ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰ " پریم کہانی ریکارڈ"
۹ - ۰ رئیسہ بائی آگرہ والی ۔ خیال بلاول
۹ - ۱۵ اردو میں خبریں
۹ - ۲۰ رئیسہ بائی ۔ غزل ۔ نہ کسی کی آنکھ کا نور ہوں نہ کسی کے دل کا قرار ہوں (ظفر)
۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — دوسری نشر

۵ - ۰ اردو میں خبریں
۵ - ۵ خواجہ محمود بیگ ۔ دادرا ۔ مورے نین لاگے اون ہی سے
غزل ۔ عشق کا ہاتھ سے پیان نہ جانے پائے (جگر)
۵ - ۲۵ رائینا ۔ کلاریونٹ
۵ - ۳۰ **کنڑی نشریات**
وائلن ۔ "صنعتیں اور سرکاری نگرانی" تقریر پانڈو رنگ آچاریہ ۔ ریکارڈ
۶ - ۰ **تلنگی نشریات** (شہریوں کے لئے)
ریکارڈ ۔ " حیدر آباد کے چند اہم تاریخی مقامات " تقریر ۔ اے ویرا بھدرا راؤ ۔ خبریں ۔ گانا
۶ - ۳۰ **تلنگی نشریات** (دیہاتیوں کے لئے)
۷ - ۰ خواجہ محمود بیگ غزلیں (۱) کس کس کو بیخودی میں سنائے گئے (والاشان حضرت شجیع)
۷ - ۵ محمد اسمعیل ۔ استادی گانا
۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**
اس شعر سے سبق لو
ریڈیو کلب کی خبریں
" جیون مدھر نہ باجے " گانا ۔ انور حسین
" ہم ایک ہیں " تقریر ۔ اکبرالدین صدیقی
" یہ پھولوں کی دنیا " (کورس)
کہانی ۔ معین برھان
ایک خاص گانا
نیا معمہ سنو
آج کی نصیحت
۷ - ۴۵ رئیسہ بائی ۔ خیال یمن ۔ پی ہروا تھاری نیک نجریا
۸ - ۰ " سنی سنائی "
۸ - ۵ " ہمارا نعرہ " (کورس نمبر ۳۸)
۸ - ۱۰ "ورثہ اور ماحول" تقریر محمد حنیف
۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰ اردو میں خبریں
۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰ مرہٹی میں خبریں
۹ - ۰ کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں
۹ - ۱۵ خواجہ محمود بیگ ۔ ٹھمری ۔ مرلی بجاوت شام

غزل ۔ خدا سے بھی دل پر دردمانگوں
چشم تر مانگوں (ضامن کنتوری)

۹ - ۳۵ امیر حسین خاں ۔ طبلہ سولو

۹ - ۵۵ " تحفہ اور بیتے دن " (ریکارڈ)

۱۰ - ۲۵ خواجہ محمود بیگ ۔ گیت
دل دامن کا متوالا ہے

۱۰ - ۳۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا ۔ استادی گت

۱۰ - ۴۵ رئیسہ بائی ۔ عام پسند گانے

۱۱ - ۰ ترانہ دکن

اتوار ۸ ۔ فروردی سنہ ۱۳۵۷ ف

۸ ۔ فروری سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ یشودا بائی ۔ استادی گانا

۸ - ۴۵ ”ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے،، (خاکہ)

۹ - ۰ یشودا بائی ۔ خیال جونپوری ۔ سنو نندیا

۹ - ۱۵ اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ ابراھیم خاں ۔ کتنا سندر ہے سنسار گیت

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ یشودا بائی ۔ ٹھمری ۔ اب لاگے مورے نین
غزل ۔ کب سے ہے ابتدا نہیں معلوم

۵ - ۲۰ محمد یعقوب ۔ دادرا ۔ موہے مرلی کی ٹیر سنا جا

۵ - ۳۰ **مرہٹی نشریات**

ریکارڈ ۔ تقریر ۔ آر ۔ ایم ۔ بھوساری ۔ گانا

۶ - ۰ **تلنگی نشریات (شہریوں کے لیئے)**

بانسری ۔ ”مارشل پلان،، تقریر ۔ پروفیسر ی ۔ وی ۔ رام نرسو ۔ خبریں
کرناٹک موسیقی (ریکارڈ)

۶ - ۳۰ **تلنگی نشریات (دیہاتیوں کے لیئے)**

۷ - ۰ یشودا بائی ۔ خیال پوروی ۔ بانا بن آیا (بلمپت)
یہ بنی رے موری شامی ڈوریا (درت)

۷ - ۱۵ **بچوں کے لیے**

اس شعر سے سبق لو
خطوں کے جواب
آج کی نصیحت

۷ - ۴۵ ملہار راؤ ۔ بھجن

۷ - ۵۵ ابراھیم خاں ۔ غزل

۸ - ۰ ”سنی سنائی،،

۸ - ۵ ”ہمارا نعرہ،، (کورس نمبر ۹ ۳)

۸ - ۱۰ ”تضیع اوقات،، تقریر محمد حسین خاں

۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ مرہٹی میں خبریں

۹ - ۰ کنڑی میں خبریں

۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۱۵ یشودا بائی ۔ خیال بہاگ ۔ کون ڈھنگ تورا (بلمپت)
راجن کے راجہ مہاراجہ (درت)

۹ - ۳۰ ریکارڈ

۹ - ۴۵ محمد یعقوب ۔ غزل ۔ (۱) جو نظر کامیاب ہوتی ہے (ماھز)
(۲) اقرار ظلم کرلیں اور پھر بھی مسکر آئیں (حزیں)

۱۰ - ۰ منتخب فلمی گانے (ریکارڈ)

١٠-٢٥ شنکرراؤ۔ستار

١٠-٤٠ یشودا بائی۔ ٹھمری شام گھونگھٹ پٹ کھولے

غزل ۔ هجوم تجلی سے مامور هوکر
(جگر)

١١-٠٠ ترانه دکن

پیر ۹ - فروردی سنہ ۱۳۵۷ف

۹ - فروری سنہ ۱۹۴۸ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰	''زندگی کا کارواں،، ریکارڈ
۹ - ۰	کملا بائی - خیال و بھاؤ گیت
۹ - ۱۵	اردو میں خبریں
۹ - ۲۰	منظور احمد - غزل - دفن جب خاك میں ہم سوختہ سامان ہونگے (مومن)
۹ - ۳۰	ترانہ کن

شام — دوسری نشر

۵ - ۰	اردو میں خبریں
۵ - ۵	کملا بائی - خیال ملتانی - اری گوکل گاؤں
۵ - ۱۵	ایم - ایچ - خاں - گیت - شیام نہ ابتک آئے سکھی ری آشا ڈوبی جائے غزل - تو ہے فردوس ہے فردوس محبت کی قسم
۵ - ۳۰	**کنڑی نشریات** فیچر پروگرام نوشتہ کے - نارائن
۶ - ۰	**تلنگی نشریات** (شہریوں کے لئے) عورتوں کے لئیے خاص پروگرام خبریں
۶ - ۳۰	**تلنگی پروگرام** (دیہاتیوں کے لئے)
۷ - ۰	ایم - ایچ خان - نظم - گیسوئے تابدار کو اوربھی تابدار کر (اقبال)
۷ - ۵	منظور احمد - مرےلب پر یہ کیوں بے ساختہ آج انکا نام آیا (ماھر)
۷ - ۱۵	**بچوں کے لئے** اس شعر سے سبق لو ننھوں کا پروگرام آج کی نصیحت
۷ - ۴۵	اسٹوڈیو آرکسٹرا
۷ - ۵۰	کملا بائی - بھاؤ گیت
۸ - ۰	''سنی سنائی،،
۸ - ۵	ھمارا نعرہ (کورس نمبر ۴۰)
۸ - ۱۰	''کردار اورایثار،، تقریر حسام الدین غوری
۸ - ۲۰	تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰	اردو میں خبریں
۸ - ۴۰	انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰	مرھٹی میں خبریں
۹ - ۰	کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰	ضروری اطلاعیں
۹ - ۱۵	غوث الدین - قانون
۹ - ۳۰	'' پسند اپنی اپنی ،، (فرمائشی ریکارڈ)
۱۱ - ۰	ترانہ دکن

سنگل ۱۰ ۔فروری سنہ ۱۳۵۷ف

۱۰۔ فروری سنہ ۱۹۴۸ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک اور ترجمہ
پنڈت رام نواس شرما
۸ - ۴۵ شیخ حسن بھجن - بن چلے رام رگھورائی
۹ - ۰ مشتری بائی آگرہ والی۔استادی گانا
۹ - ۱۵ اردو میں خبریں
۹ - ۲۰ شیخ حسن - بھجن - یہ من جنم
کھتے ہیں جسے کیوں ایک کھیل کہانی
۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں
۵ - ۵ مشتری بائی آگرہ والی ۔استادی گانا
۵ - ۲۰ سیداحمد ۔ غزل۔ کیا یاد نہیں تم کو وہ
راتیں جو کٹ گئیں آنکھوں آنکھوں میں
۵ - ۳۰ **مرھٹی نشریات**
ستار تقریر ۔ پروفیسر نارائن راؤ
گانا ۔ بابوراؤ جوشی
۶ - ۰ **تلنگی نشریات** (شہری پروگرام)
آرکسٹرا '' حیدرآباد میں صنعتی ترقی ''
تقریر ۔این راچندر راؤ ۔ خبریں
فلمی گانے (ریکارڈ)
۶ - ۳۰ **تلنگی نشریات** (دیہاتی پروگرام)
۷ - ۰ اعلان سنئے

۷ - ۱۰ **بچوں کے لئے**
اس شعر سے سبق لو
پچھلے ہفتہ کی خبریں
'' دوستی '' تقریر ۔ واجد
'' یہ دکن جنت ہماری '' نظم
کہانی ۔ مظاھر الدین مظاھر
'' نعمت '' تقریر عبدالکریم
نیا معمہ سنو
آج کی نصیحت
۷ - ۴۵ اعلان سنئے
۸ - ۰ '' سنی سنائی ''
۸ - ۵ '' ہمارا نعرہ '' (کورس نمبر ۱۴)
۸ - ۱۰ '' افسانہ '' ذوالفقار علی مرزا
۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰ اردو میں خبریں
۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰ مرھٹی میں خبریں
۹ - ۰ کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں
۹ - ۱۵ سید احمد ۔ غزلیں۔
(۱) تجھسے وہ ملا شوق سے اور
تو نے نہ جانا
(۲) اجازت ہو تو تیرا کھیل ہم
اے آسمان کھیلیں ۔
'' دوررس پروگرام ''
۹ - ۳۰ شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک ۔
پنڈت رام نواس شرما
۹ - ۴۰ باہو راؤ جوشی ۔ بھجن
۹ - ۴۵ **'' خواتین کے لئے دوررس پروگرام ''**

۱۰ - ۱۵ ''انعامی مقابلہ''(ریکارڈ سنکر خط لکھئے)

۱۰ - ۳۰ مشتری بائی - خیال کیدارا -
رات سہانی'

۱۰ - ۵۰ ''دلچسپ طرزیں''
(غزلوں کے منتخب ریکارڈ)

۱۱ - ۰ ترانہ دکن

چہارشنبہ ۱۱ ۔ فروردی سنہ ۱۳۵۷ ف

۱۱۔ فروری سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰	منتخب ریکارڈ
۹ - ۱۵	اردو میں خبریں
۹ - ۲۰	منتخب ریکارڈ
۹ - ۳۰	ترانہ دکن
۵ - ۰	اردو میں خبریں
۵ - ۵	مرزا ابرا ھیم بیگ ۔ ھلکا استادی گانا
۵ - ۱۵	سید حسین علی ۔ غزل ۔ ظاھرکی آنکھ سے نہ تماشا کرے کوئی (اقبال) گیت ۔ جاؤجی جاؤ جی دیکھینگے کہاں جاؤگے
۵ - ۳۰	**فارسی نشریات** ریکارڈ " پیام مشرق ،، تقریر علاء الدین شمس ۔ ریکارڈ ۔ ھفتہ وار اخباری تبصرہ
۶ - ۰	**تلنگی نشریات** (شہریوں کے لئے) ریکارڈ " سری ناتھ اور انکی شاعری،، تقریر کے ۔ نرسھوان شاستری خبریں ۔ سازی ریکارڈ
۶ - ۳۰	**تلنگی نشریات** (دیہاتیوں کے لئے)
۷ - ۰	" فلمستان " تبصرہ عرش حیدری

۷ - ۱۰ **بچوں کے لئے**

اس شعر سے سبق لو

" ھمارا دیس خاص پروگرام سلسلہ نمبر ۲)

آج کی نصیحت

۷ - ۴۵	مرزا ابراھیم بیگ ۔ ھلکا استادی گانا
۷ - ۵۵	سید حسین علی ۔ غزل ۔ ھم توڈبو کر کشتی کوخودھی پارلگائیں گے(ماھر)
۸ - ۰	" سنی سنائی ،،
۸ - ۵	" ھمارانعرہ "(کورس نمبر ۴۲)
۸ - ۱۰	" انفرادی آزادی ،، تقریر ڈاکٹر یوسف حسین خاں
۸ - ۲۰	تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰	اردو میں خبریں
۸ - ۴۰	انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰	مرھٹی میں خبریں
۹ - ۰	کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰	ضروری اطلاعیں
۹ - ۱۵	" دوگانے ،، (ریکارڈ)
۹ - ۳۰	یوروپی موسیقی (ریکارڈ)
۹ - ۴۵	"صحت اور غذا ،، انگریزی تقریر ۔ ڈاکٹر ایم ۔ بی ۔ داور
۱۰ - ۰	یوروپی موسیقی (ریکارڈ)
۱۱ - ۰	ترانہ دکن

جمعرات ۱۲ - فروری سنہ ۱۳۵۷ف

۱۲ - فروری سنہ ۱۹۴۸ع

صبح	پہلی نشر
۸ - ۳۰	منتخب استادی اور عام پسند گانے (ریکارڈ)
۹ - ۵	محمد حسین لاھور والے - غزل
۹ - ۱۵	اردو میں خبریں
۹ - ۲۰	محمد حسین لاھور والے - گیت
۹ - ۳۰	ترانہ دکن

شام	دوسری نشر
۵ - .	اردو میں خبریں
۵ - ۵	عبدالعزیز - غزلیں (۱) کرم کررہے ھیں مٹانے سے پہلے (والا شان حضرت شجیع) (۲) میخانہ ازل میں جہان خراب میں (اصغر گونڈوی)
۵ - ۲۰	یوسف شریف غزلیں (۱) دل کو مٹاکے داغ تمنا دیا مجھے (جگر) (۲) بیداد پسندی حد سے بڑھی تقدیر پہ شاکر رہ نہ سکے
۵ - ۳۰	**مرھٹی نشریات** ریکارڈ - '' نیا حیدر آباد ،، تقریر - کیشو راؤ اندا پورکر - ریکارڈ
۶ - .	**تلنگی نشریات** (شہریوں کے لئے) فیچر - خبریں - گانا
۶ - ۳۰	**تلنگی نشریات** (دیہاتیوں کے لئے)
۷ - .	شاھجہاں بائی - عام پسند گانا
۷ - ۱۵	**بچوں کے لئے** اس شعر سے سبق لو '' سب رس ،، لڑکوں کا پروگرام آج کی نصیحت
۷ - ۳۵	محمد حسین لاھوروالے - غزل - اس شان سے وہ آج پٹے امتحان چلے (جلیل)
۷ - ۵۵	یوسف شریف - گیت
۸ - .	''سنی سنائی ''
۸ - ۵	'' ھمارا نعرہ '' (کورس نمبر ۳۴)
۸ - ۱۰	''سورج کے کرشمے ،، تقریر غفار احمد
۸ - ۲۰	تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰	اردو میں خبریں
۸ - ۴۰	انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰	مرھٹی میں خبریں
۹ - .	کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰	ضروری اطلاعیں
۹ - ۱۵	استادی گانے (ریکارڈ)
۹ - ۳۰	'' ریڈیو کی ڈاک ،، ندیم
۹ - ۴۵	شاھجہاں بائی - عام پسند گانے
۱۰ - .	**''نیا حیدر آباد'' (سلسلہ نمبر ۱) خاص پروگرام**
۱۰ - ۳۰	عبدالعزیز - غزلیں - (۱) نہیں سنتا ستم ایجاد ھماری یارب (داغ) (۲) بس کہ دشوار ھے ھر کام کا آساں ھونا (غالب)
۱۰ - ۴۵	شاھجہاں بائی - اپنی پسند کے گانے
۱۱ - .	ترانہ دکن

۱۳ - فروردی سنہ ۱۳۵۷ ف

۱۳ - فروری سنہ ۱۹۴۸ ع

پہلی نشر

صبح	
۸ - ۳۰	قرأت کلام اللہ معہ تفسیر - قاری محمد عبدالباری
۸ - ۴۵	’’قیامت تک رہے آباد میخانہ محمد کا (نعت) - جمال الدین
۸ - ۵۵	ایم - شریف اور ساتھی - قصیدہ
۹ - ۱۵	اردو میں خبریں
۹ - ۲۰	محمد شریف خاں - نعتیہ گانے
۹ - ۳۰	’’ہفتہوار اخباری تبصرہ،، حبیب اللہ اوج
۹ - ۴۰	حبیب عبدالکریم - نعتیہ غزل
۹ - ۴۵	مکیش - سہیگل (ریکارڈ)
	خواتین کے لئے
۱۰ - ۰	’’ نئے حیدر آباد میں عورت کا مقام،، تقریر سعادت رضوی
۱۰ - ۱۰	نظم - شیل بالا
۱۰ - ۱۵	’’چہک داد ،، تقریر منیرہ کاؤس جی
۱۰ - ۲۵	آپ کا خط ملا - شکریہ
۱۰ - ۳۰	نعت - افضل زبیدہ
۱۰ - ۳۵	’’ اپنی باتیں ،،
۱۰ - ۴۵	’’ اتالیق ،، فیچر نوشتہ سلطان جاوید
۱۱ - ۱۵	اپنی پسند کے ریکارڈ سنئے
۱۱ - ۳۰	’’ منظور ہے گذارش احوال واقعی،،
۱۱ - ۳۵	پھر اپنی پسند کے ریکارڈ سنئے
۱۲ - ۰	ترانہ دکن

دوسری نشر

شام	
۵ - ۰	اردو میں خبریں
۵ - ۵	ایم - شریف اور ساتھی - نعتیہ کلام مدینہ کو جائے جو کوئی سوالی
۵ - ۲۰	امان اللہ خاں - خیال - جیت - تو رحیم تو کریم
۵ - ۳۰	**عربی نشریات**
	ریکارڈ -
	’’حیدر آباد،، - تقریر علی حسن
	موسیقی - عبداللہ بن عوض المجحم -
	ہفتہ وار اخباری تبصرہ
۶ - ۰	**تلنگی نشریات** (شہریوں کے لئے)
	گلاس ترنگ - ’’منتخب کلام،، درگیا - خبریں - ملے جلے گانے (ریکارڈ)
۶ - ۳۰	**تلنگی نشریات** (دیہاتیوں کے لئے)
۷ - ۰	مشتری بائی - بھرت پوری - گیت - نیا جانے کدھر کو جائے
	غزل- امید ان سے کیا تھی اور کر وہ کیا رہے ھیں
۷ - ۱۵	**بچوں کے لئے**
	اس شعر سے سبق لو
	اپنی پسند کے ریکارڈ سنو
	آج کی نصیحت
۷ - ۴۵	’’ جھلکیاں ،،
۷ - ۵۵	محمد شریف خاں - نعتیہ غزل
۸ - ۰	’’ سنی سنائی،،

۸ - ۵	" ہمارا نعرہ " (کورس نمبر ۴۴)
۸ - ۱۰	" حالات حاضرہ " تقریر علی اشرف
۸ - ۲۰	تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰	اردو میں خبریں
۸ - ۴۰	انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰	مرھٹی میں خبریں
۹ - ۰	کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰	ضروری اطلاعیں
۹ - ۱۵	حبیب عبد الکریم ۔ غزلیں
	(۱) نظر آج ان سے رہ گئی مل کے (فانی)
	(۲) جب خیال آپ کا نہیں ھوتا (بیخود)
۹ - ۲۵	امان اللہ خاں ۔ استادی گانا
۹ - ۴۰	مشتری بائی ۔ بھرت پوری ۔ غزلیں
۹ - ۵۵	ایم ۔ شریف اور ساتھی ۔ غزل ۔
	میں سناتا ھوں کرامت خواجہ اجمیر کی
۱۰ - ۱۵	اسٹوڈیو آرکسٹرا
۱۰ - ۲۵	فلمی گانے (ریکارڈ)
۱۰ - ۴۵	مشتری بائی بھرت پوری ۔ دو گیت
	(۱) پریت کی دنیا نیاری
	(۲) اس نرموھی پردیسی سے ھم
	پریت لگائے پچھتائے
۱۱ - ۰	ترانہ دکن

ہفتہ ۱۴۔ فروردی سنہ ۱۳۵۷ ف

۱۴۔ فروری سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰	منتخب ریکارڈ
۹ - ۱۵	اردو میں خبریں
۹ - ۲۰	منتخب ریکارڈ
۹ - ۳۰	ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰	اردو میں خبریں
۵ - ۵	خواجہ محمود بیگ ۔ دادرا ۔ چاہے تو مورا من لے لے غزل۔ ہم عشق میں مسرت و غم دیکھتے نہیں (شہزادہ والا شان حضرت شجیع)
۵ - ۲۵	معین قریشی ۔ غزل ۔ تسکین دل محزوں نہ ہوئی وہ سعی کرم فرما بھی گے
۵ - ۳۰	**کنڑی نشریات** بلبل ترنگ '' تہواروں کی قومی اہمیت،، تقریر ۔ ریکارڈ
۶ - ۰	**تلنگی نشریات** (شہریوں کے لئے) ریکارڈ '' تلنگی ادب کی نئی قدریں،، تقریر ایم ۔ تاتا چاری خبریں ۔ گانا
۶ - ۳۰	**تلنگی نشریات** دیہاتیوں کے لئے
۷ - ۰	زینت بیگم ۔ خیال پوریا ۔ موجے مانی رنگ کر رسیا
۷ - ۱۰	معین قریشی ۔ غزل ۔ لایا ہے دل پر کتنی خرابی
۷ - ۱۵	**بچوں کے لئے** اس شعر سے سبق لو ریڈیو کلب کی خبریں '' جگ میں چلے پون کی چال ،، ریکارڈ '' بسنت پنچمی ،، تقریر رامچندر راؤ بسنت ۔ عبد الواجد خاں کہانی ۔ اختر برہان تم اپنے وطن کے لئے کیا کرسکتے ہو،، تقریر عظمت '' البیلا مستانہ ،، ریکارڈ نیا معمہ سنو آج کی نصیحت
۷ - ۴۵	زینت بیگم ۔ دادرا ۔ بدل گئے نینوا سیاں نہیں آئے غزل ۔ دل اگر دام محبت میں گرفتار نہ ہو
۸ - ۰	'' سنی سنائی ،،
۸ - ۵	'' ہمارا نعرہ ،، (کورس نمبر ۴۰)
۸ - ۱۰	'' نئی کتابیں ،، تقریر سید عالم خوند میری
۸ - ۲۰	تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰	اردو میں خبریں
۸ - ۴۰	انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰	مرھٹی میں خبریں
۹ - ۰	کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰	ضروری اطلاعیں
۹ - ۱۵	خواجہ محمود بیگ ۔ ٹھمری ۔

کون گلی گئیو شام
غزل۔ بے ذوق نظر بزم تماشانہ رہے گی
(فانی)

۹ - ۳۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا

۹ - ۴۵ معین قریشی - غزلیں
(۱) مرنے کی دعائیں کیوں مانگوں
جینے کی تمنا کون کرے (جذبی)
(۲) وفا نہیں نہ سہی کم سے کم جفا
کرتے (شوکت)

۱۰ - ۰ "جگموھن اور ھنمنت کمار"(ریکارڈ)

۱۰ - ۲۵ خواجہ محمود بیگ - غزلیں
(۱) میں کسی اور سے کیوں شکوۂ
بیداد کروں (جلیل)
(۲) ہر شے مسافر ہر چیز راھی (اقبال)

۱۰ - ۴۰ زینت بیگم - بھجن - کلجگ ہے جب
سے آباد مایا نے جال بچھایا
گیت - من موہ لئے ایری سکھی
غزل - کاکل بدوش کون لب بام آگیا

۱۱ - ۰ ترانہ دکن

اتوار۔ ۱۵۔فروردی سنہ ۱۳۵۷ف

۱۵۔ فروری سنہ ۱۹۴۸ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ

۸ - ۴۵ ”ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے (خاکہ)

۹ - ۰ شفیع الزماں خاں ۔ خیال جونپوری

۹ - ۱۵ اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ شفیع الزماں خاں ۔ غزل ۔

خراب لذت دلدار یارہم بھی ہیں

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

شام — **دوسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ کرناٹک موسیقی

۶ - ۰ **مرہٹی نشریات**

”بسنت پنچمی ،، خاص پروگرام

۶ - ۰ **تلنگی نشریات** (شہریوں کے لئے)

”بسنت پنچمی ،، خاص پروگرام ۔

خبریں

کرناٹک موسیقی

۶ - ۳۰ **تلنگی نشریات** (دیہاتیوں کے لئے)

۷ - ۰ اعلان سنئے

۷ - ۱۵ **بچوں کے لئے**

اس شعر سے سبق لو

خطوں کے جواب

آج کی نصیحت

۷ - ۴۵ ریکارڈ

۸ - ۰ ”سنی سنائی ،،

۸ - ۵ ”ہمارا نعرہ ،، (کورس نمبر ۳۶

۸ - ۱۰ ”بسنت پنچمی ،، تقریر جانکی پرشاد

۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ مرہٹی میں خبریں

۹ - ۰ کنڑی میں خبریں

۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۱۵ کرناٹک موسیقی

۹ - ۴۰ شفیع الزماں خاں ۔ ٹھمری ۔

دل میں کسک رہی چوٹ

غزل ۔ پہچان پرے ناز تو پہچان جا (امیر

۱۰ - ۰ ڈرامہ

۱۰ - ۳۰ ”بسنت ہی بسنت ،، (ریکارڈ)

۱۱ - ۰ ترانہ دکن

یہ نشرگاہ اورنگ آباد ہے

(۳۱۹۰۱ میٹر اوسط طول موج ۹۴۰ کیلوسائیکل)

آج کے معاشی مسائل | قوموں کی زندگی میں معاشیات کا مسئلہ سب سے اہم ہے۔ غذا کسطرح حاصل کی جائے مادی وسائل اور قدرتی ذرائع سے کسطرح فائدہ اٹھایا جائے صنعت و حرفت کو ترقی دیکر ملک کو کس طرح نہ صرف خود کفیل بنایا جائے بلکہ کمزور اور پسماندہ اقوام کی دستگیری بھی کی جائے۔ یہ وہ مسائل ہیں جن پر انسانیت کی توجہ مرکوز ہے۔ '' آج کے معاشی مسائل '' پر ایک تقریر پروفیسر گنیش راؤ صاحب تھنے سے اتوار یکم فروردی سنہ ۱۳۵۷ ف (فروری سنہ ۴۸ع) کو ۸ - ۵۴ پر سنئیے۔

جدید غزل کا مقام | غزل کی ابتداء حسن و عشق کے جذبات کی ترجمانی سے ہوئی۔ اور اپنی لطافت و رنگینی کی وجہ سے مقبول خاص و عام ہوئی۔ مگر انقلاب زمانہ اور ارتقائے زندگی کے ساتھ ساتھ اس میں حیات انسانی کے بڑے بڑے مسائل داخل ہوگئے۔ اور اس کے ممکنات میں ایک خاص وسعت پیدا ہوگئی۔ آج کی غزل اپنی آفاقیت کے لحاظ سے حسن کاری کا بہترین نمونہ ہے۔ جدید غزل کے مقام پر ایک تقریر ۴۔ فروردی سنہ ۱۳۵۷ف (۴۔ فروری سنہ ۴۸ع) کو ۸ - ۵۴ پر ابرار احمد صاحب ذکی سے سنئیے۔

ہند کا عہد زرین | مغل شہنشاہ نہ صرف جاہ اور شوکت و حشم میں اوج گردوں سے چشمک زنی کرتے تھے بلکہ اوصاف حمیدہ اور انسانیت پروری سے دلوں پر بھی حکمرانی کرتے تھے۔ یہی انسان کی سچی عظمت کی پہچان ہے۔ ان کی روشن دماغی نے اتحاد و یگانگت اور رعایا پروری کی وہ چمن بندی کی کہ ہندوستان واقعی جنت نشان بن گیا ہے۔ ان کے مادی اور غیر مادی نقوش آج بھی ان کی عظمت کے نغمہ خواں ہیں — '' ہند کا عہد زرین ''— دور مغلیہ سلسلہ کی تقریر ۱۱۔ فروردی (۱۱ فروری سنہ ۱۹۴۸ع) کو ۸- ۵۴ پر عاقل علی خاں صاحب کی لکھی ہوئی سنئیے۔

یوم غالب | '' ہندوستان کی مقدس کتابیں دو ہی ہیں وید مقدس اور دیوان غالب '' ڈاکٹر عبدالرحمن بجنوری کے ان الفاظ میں مبالغہ ہو یا نہ ہو۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ غالب نے اپنی حسن کاری رموز کائنات اور نفسیات انسانی کے مفکرانہ بیان سے اردو ادب کو حضور انسانیت میں ادب جاوداں کا ہدیہ پیش کرنے کے قابل بنادیا۔

۱۵ - فروردی سنہ ۱۳۰۷ف مطابق ۱۵ - فروردی سنہ ۴۸ ع کو غالب کی یاد میں ایک خاص پروگرام پیش کیاجارہاہے - جس کی تفصیل یہ ہے -

۱ - غالب کی غزلیں - صدا خانہ کے فن کار (فقیر محمد اور عبدالرشید)
۲ - غالب کے متعلق مشاہیر کی رائے - اقتباسات
۳ - غالب کا اثر اردو شاعری پر تقریر پروفیسر غلام طیب صاحب -
۴ - '' غالب '' فیچر نوشتہ متین سروش
۵ - غالب کی صدا بند غزلیں -

اے ماؤ بہنو بیٹو | انسانیت کی تعمیر امن اور سکون کی فضاء پیدا کرنے میں عورت کا حصہ اتنا ہی اہم ہے جتنا کہ مرد کا - اپنی محبت رافت اور مروت سے عورت نے اکثر صلح و آشتی پیدا کی ہے اور مرد کی زندگی کو قوت عطا کی ہے - خواتین کے مسائل سے متعلق ہر جمعرات کو ۸ - ۱۰ سے خاص پروگرام نشر کیا جاتا ہے - اس پہلی نیم ماہی میں حسب ذیل خاص پروگرام سنئیے جمعرات ۵ - فروردی - اورنگ آباد گرل گائیڈز کا پروگرام -

جمعرات ۱۲ - فروردی ''آج کل '' معلوماتی پروگرام -

بچوں کا پروگرام | اس نیم ماہی میں بچوں کے حسب ذیل پروگرام نشر ہونگے -

جمعہ ۶ - فروردی - '' چہچہے '' ننھوں کا پروگرام -
جمعہ ۱۳ - فروردی - '' پھلواری '' بچوں کا پروگرام -

چلو چاؤڑی چلیں | دیہاتی بھائیوں کے لئے روزانہ ۷ - ۲۱ سے نشر ہوتا ہے -

نشرگاہ اورنگ آباد کے تفصیلی پروگرام

کے لئیے '' ندا '' کے خریدار بن جائیے جس کا سالانہ چندہ صرف ایک روپیہ مقرر ہے - جو نشرگاہ اورنگ آباد سے حاصل کیا جا سکتا ہے -

پندرہ روزہ رسالہ

نوا

۱۵(۱۵)۱۵

نشرگاہ حیدرآباد

رکزی
از دفتر مہتممی نشرگاہ حیدرآباد دکن ‎.BĀD (Dn.)

نو ائیہ

زیرنظر نیم ماہی کے قابل ذکر اجزا یہ ہیں

تقریریں

دلی — ہندوستان کی راجدھانی ، مغلیہ تاجداروں کا پایۂ تخت ، انگریز
الحکومت ، ہند و مسلم تہذیب کا دو آبہ ، علم کا گہوارہ ، اردو کا شہر ، حضرت
اءکا مدفن ، غالب کا وطن ، حکمت و سیاست کی تربیت گاہ ، گاندھی جی کی آخری
مردوں کی بستی بنی ہوئی ہے ۔ ہائے دلی — ....
کو آغا حیدر حسن صاحب دہلوی دلی کی دل موہنے والی زبان میں دلی کی سیر کرائیں گے ۔

کاں تاریخ حیدر آباد حضرت غفراں مکاں جیسے فیاض ، روادار اور صاحب دل
شہ فخر کرے گی ۔ آپ کی رعایا نوازی کی گونج ایوان حیدر آباد میں اب تک سنائی
۱۷ ۔ فروردی کو محمد سردار علی صاحب حضرت غفراں مکاں کی یاد تازہ کریں گے ۔

حیدر آباد اپنی طرز کی ایک اکیلی مملکت ہے جس نے فرقہ واریت کی
نے سے سنوارا ہے ۔ گاندھی جی کا ہندومسلم اتحاد کا مقدس پیغام اس مملکت
مملکت کی گدڑی کے دو لعل ہیں ۔ کون ہے جو ہندو مسلم اتحاد کے
... چاہتا ۔ ہر شہری اپنی دولت زندگی کی آخری پائی
... کو صدیق الزماں صاحب

BROADCASTING STATION, HYDERABAD

اقبال حسین

ہمارے ایک صدا کار

ایم شریف قوال اور ساتھی

جو نشرگاہ حیدرآباد سے قوالی نشر کرتے ہیں

دکن ریڈیو

۷۳۰ کیلو سائیکل

۴۱۱ میٹر

سالانہ چندہ
تین روپے سکہ عثمانیہ
بیرون ریاست
تین روپے سکہ کلدار
قیمت فی پرچہ ۲ آنہ

نشرگاہ حیدرآباد

جلد (۱۰) | ۱۶ تا ۲۹ - فروردی سنہ ۱۳۵۷ف مطابق ۱۶ تا ۲۹ - فروری سنہ ۱۹۴۸ع | شمارہ (۱۰)

فہرس

نوا میں اشتہارات کا نرخ نامہ

(ایک اشاعت کے نرخ)

(۱) اندرونی صفحے

پورا صفحہ	۵۰	روپئے
آدھا صفحہ	۳۰	,,
چوتھائی صفحہ	۱۸	,,
($\frac{1}{8}$) صفحہ	۱۰	,,

(۲) سر ورق کا اندرونی حصہ

پورا صفحہ	۷۰	,,
آدھا صفحہ	۴۰	,,

(۳) پچھلے آخری صفحہ کا اندرونی حصہ

پورا صفحہ	۶۰	روپئے
آدھا صفحہ	۳۵	,,
چو تھائی صفحہ	۲۰	,,

(۴) آخری صفحہ

نصف صفحہ کھڑا کالم	۶۰	,,
ربع صفحہ	۳۵	,,

زائد اشاعتوں کے رعایتی نرخ

۲ یا ۳ اشاعتوں پر ۵ فیصد کمی

۴ - ۵ یا ۶ اشاعتوں پر ۱۰ فیصد کمی

۷ یا ۸ اشاعتوں پر ۱۵ فیصد کمی

۹-۱۰-۱۱ یا ۱۲ اشاعتوں پر ۲۰ فیصد کمی

۱۳ - ۱۴ - ۱۵ یا ۱۶ اشاعتوں پر ۲۵ فیصد کمی

۱۷ - ۱۸ - ۱۹ یا ۲۰ اشاعتوں پر ۳۰ فیصد کمی

۲۱ - ۲۲ - ۲۳ یا ۲۴ اشاعتوں پر ۳۵ فیصد کمی

ایک اشاعت کی شرح سے جس قدر اشاعتوں کی جو اجرت قرار پائے گی اس میں اوپر کی شرح کے مطابق کمی کی جائے گی۔

صرف سالنامے کی اشاعت میں اشتہار دیا جائے تو ایک اشاعت والے نرخ پر (۲۰) فیصد زائد اجرت ہوگی۔

نوا ہر مہینے کی پہلی اور ۱۶ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ اشتہارات کے مسودے تاریخ اشاعت سے پندرہ دن پہلے مہتمم صاحب نشرگاہ حیدرآباد کے نام وصول ہونے چاہئیں۔

نو ائیہ

زیرنظر نیم ماہی کے قابل ذکر اجزا یہ ہیں

تقریریں

ہائے دلی | دلی — ہندوستان کی راجدھانی ، مغلیہ تاجداروں کا پایۂ تخت ، انگریز حکمرانوں کادارالحکومت ، ہند و مسلم تہذیب کا دو آبہ ، علم کا گہوارہ ، اردو کاشہر ، حضرت نظام الدین اولیاءکا مدفن ، غالب کا وطن ، حکمت و سیاست کی تربیت گاہ ، گاندھی جی کی آخری آرام گاہ ۔ دلی آج مردوں کی بستی بنی ہوئی ہے ۔ ہائے دلی —...............
۱۶ ۔ فروردی کو آغا حیدر حسن صاحب دھلوی دلی کی دل موھنے والی زبان میں دلی کی سیر کرائیں گے ۔

حضرت غفراں مکاں | تاریخ حیدر آباد حضرت غفراں مکاں جیسے فیاض ، روادار اور صاحب دل تاجدار پر ہمیشہ فخر کرے گی ۔ آپ کی رعایا نوازی کی گونج ایوان حیدر آباد میں اب تک سنائی دے رھی ہے ۔ ۱۷ ۔ فروردی کو محمد سردار علی صاحب حضرت غفراں مکاں کی یاد تازہ کریں گے ۔

آزاد حیدر آباد | حیدر آباد اپنی طرز کی ایک اکیلی مملکت ہے جس نے فرقہ واریت کی کا کلوں کو اتحاد کے شانے سے سنوارا ہے ۔ گاندھی جی کا ہندومسلم اتحاد کا مقدس پیغام اس مملکت کا مسلک ہے ۔ ہندو مسلمان مملکت کی گدڑی کے دو لعل ہیں ۔ کون ہے جو ہندو مسلم اتحاد کے اس بیت المقدس کو آزاد اور ترقی پذیر دیکھنا نہیں چاھتا ۔ ہر شہری اپنی دولت زندگی کی آخری پائی آزاد حیدر آباد کی جان عزیز پر نچھاور کرنے تیار کھڑا ہے ۔ ۱۸ ۔ فروردی کو صدیق الزماں صاحب آزاد حیدر آباد کو پیش کریں گے ۔

چند مشہور کیمیائی ایجادیں |

ہے عالم ایجاد میں جو صاحب ایجاد
ہر دور میں کرتا ہے طواف اس کا زمانہ

ترقی پذیر مملکتیں ایجاد کے محور پر گھومتی ہیں ۔ ایجاد نے چھوٹی مملکتوں کو بڑائی کی دستار پہنائی ۔ لیکن جس کسی نے ایجاد سے غفلت برتی اس سے دستار فضیلت چھین لی گئی ۔ ایجاد نہ ہو تو زندگی کا حسن پھیکا پڑجائے ۔ یہ عالم ایجاد تو لکیر کے فقیروں کا جانی دشمن ہے ۔ آئیے ۱۹ ۔ فروردی کو علاء الدین جلال صاحب سے چند مشہور کیمیائی ایجادیں سنیں ۔

حیدر آباد کا مستقبل حیدر آباد کا ماضی شاندار تھا ، حال روشن ہے اور مستقبل امیدوں سے بھر پور نظر آرہا ہے ۔ جب تک امن اور اتحاد زندہ ہے حیدر آباد کی نگری آباد رہے گی ۔ اس کو مٹانے والے خود مٹ کر رہیں گے ۔ آج کا حیدر آباد اس رجحان کا پتہ دے رہا ہے۔ مستقبل کا حیدر آباد تو عظیم تر ، بلند تر اور مستحکم تر ہوگا لیکن اس کی عظمت ، اس کی بلندی اور اس کے استحکام کا انحصار ہماری قربانیوں پر ہے۔ ۲۱ ۔ فروزدی کو مظفر حسین صاحب شمیم مستقبل کے حیدر آباد کو پیش کریں گے ۔

ہمارے اضلاع اضلاع شہروں کے رزاق ہیں ۔ ہمارے دیہات والے شہر والوں کو پالتے ہیں اب تک وہ ہماری نظروں سے اوجھل رہے لیکن اب وہ ہمارے منظور نظر ہیں۔ اگر ہم پسینے میں تر بہ تر ہونے والوں کی طرف متوجہ نہ ہوں تو یہ شہروالوں کی تاریخی غلطی ہوگی ۔ جولوگ ہمارے لئے خون پسینہ ایک کرتے ہیں کیا ہم ان کی بہبودی کے خاکے نہ تیار کریں؟ ۔ ۲۳ ۔ فروردی کو محمد اسحاق صاحب ہمارے اضلاع سے متعلق تقریر نشرفرمائیں گے ۔

تاریخ کے چند اہم انقلابات انقلاب دل و دماغ کے زاویوں کی تبدیلی کا نام ہے ۔ وہ انسانی ذہن کے چولوں کو بدل دیتا اور دل کے فولاد پر چڑھے ہوئے زنگ کو یک لخت دھودیتا ہے وہ زندگی کی آستین کے سانپوں کو کچل کر رکھ دیتا ہے۔ انقلاب ظالموں کے لئے دوزخ اور مظلوموں کے لئے جنت بن کر آتا ہے ۔ تاریخ کے کاتبوں نے انقلاب کو قلمبند کیا ہے ۔ آئیے اب ہم ۲۴ ۔ کو تاریخ کے ایک طالب علم ، پروفیسر مجید صدیقی سے تاریخ کے چند اہم انقلابات سنیں ۔

میرا سفر سفر ادھورے علم کی تکمیل ہے ۔ وہ بجھے ہوئے دلوں کی تازگی ہے۔ وہ انسان کی بے نور زندگی کا نور ہے ۔ سفرنہ ہوتو عربی عربی رہے اور عجمی عجمی ۔ نہ پرانی دنیا والے نئی دنیا والوں سے واقف ہونگے اور نہ نئی دنیا والے پرانی دنیا والوں سے ربط پیدا کرسکیں گے ۔ ۲۶ ۔ فروردی کو محمد محب اللہ صاحب اپنے سفر امریکہ کے تاثرات بیان کریں گے ۔

ساعت خواتین

آزادی کی راہ پر موجودہ زمانہ میں آزادی کی منزل تک پہنچنے کے لئے قریب ترین راستے نکل آئے ہیں ۔ حیدرآباد ، غلامی کے طوق سے گلو خلاصی حاصل کرکے۔ ہر جہتی آزادی ، کے لئے نئی روشنیوں کی رہنمائیوں میں ، آگے بڑھ رہا ہے ۔ اس جہد آزادی میں عورت بھی مرد کے دوش بدوش ہے ۔ عورتوں کی آزادی اور وطنی آزادی کے باہمی تعلق پر حبیبہ حبیب الرحمن تقریر نشر کرینگی تاریخ یاد رکھئے ۔ ۲۰ ۔ فروردی ۔

خانہ داری | خانہ داری کی اہمیت سے کسے انکار ہے - زمانہ کی ہر حالت میں گھریلو تنظیم کو مقدم گردانا گیا ہے - ۲۰ - فروردی کو صفیہ اقبال صاحبہ اس موضوع پر اپنی معلومات کا اظہار کرینگی -

نئی روشنی | بدلے ہوے حالات زمانہ میں ، عورت کا کیا مقام ہے - اسکی کیا مانگیں ہیں ، اسکی کیا مجبوریاں ہیں ، ۲۷ - فروردی کو منیرالنساء بیگم صاحبہ سے سنئے -

گھریلو سیاست | گھر سنسار ، ایک سلطنت کی طرح ہے جس پر عورت کی حکمرانی ہے - گھر کے جھمیلوں اور جھگڑوں کو خوش اسلوبی کےساتھ نمٹانا ، سیاست ھی کی تعریف میں داخل ہے - ۲۷ - فرودی کو سنئے مسز رابعہ برنی کیا کہتی ہیں -

فیچر و ڈراما

یہ راستے | راستے کئی قسم کے ہوتے ہیں - شہر کے ، گاؤں کے ، دیہات کے - لیکن ان راستوں کے علاوہ دماغ اور دل کے بھی راستے ہوتے ہیں اور ان ھی راستوں کے ذریعہ انسان اپنی زندگی کا راستہ خود طے کرلیتا ہے -

فیچر " یہ راستے ،، ۱۸ - فروردی سنہ ۱۳۰۷ف کو شام میں بچوں کے پروگرام میں پیش کیا جائیگا - جسے رضیہ ریاض نے لکھا ہے -

ھنی مون | مغربی ممالک میں " ھنی مون ،، کی رسم عام ہے - شادی کے بعد دولھادولھن آپس میں میل ملاپ زیادہ بڑھانے کےلئے کسی پر فضا اور موزوں مقام پر چلے جاتےہیں - ہمارے ہاں ، مشرق میں بھی یہ رسم زیادہ عام تو نہیں - پھر بھی ہے - مگر ۲۰ - فروردی سنہ ۱۳۰۷ف کو صبح میں دس بجکر پینتالیس منٹ پر جو فیچر " ھنی مون ،، پیش کیا جائیگا وہ اس سے بالکل مختلف ہے - سنئے - اس فیچر کو غوثیہ محب نے لکھا ہے -

خون نا حق | اول تو کسی کی جان لینا ھی حق نہیں - پھر بلا کسی جرم یا گناہ کے کسی کا خون کردینا " خون نا حق ،، ہے - امیر کے اس شعر پر :-

خون نا حق کہیں چھپتا ہے چھپائے سے امیر
کیوں مری لاش پہ بیٹھے ہیں وہ دامن ڈالے

اشفاق احمد صاحب قادری نے ایک فیچر " خون ناحق ،، مرتب کیا ہے - جو

۲۷ - فروردی سنه ۱۳۰۷ف کو صبح میں ۱۰ - ۴۵ بجے پیش کیا جائیگا۔

ڈرامہ | ۲۹ - فروردی سنه ۱۳۰۷ف کو رات میں ۱۰ بجے ایک ڈرامہ پیش کیا جائیگا۔

موسیقی

اس نیم ماہی میں موسیقی کے حسب ذیل اجزاء شریک ہیں -
استادی گانے - عام پسند گانے - قوالی - شوقین فن کاروں کی محفل - ریکارڈ یوروپی موسیقی -
ان پندرہ دنوں میں استادی موسیقی گانے والے حسب ذیل مرد فن کار شریک ہیں -

حبیب خان - مادھو راؤ - عبد الرشید خان
استادی موسیقی کے سلسلہ میں حسب ذیل خاتون فن کار قابل ذکر ہیں -
مانکی بائی - شاملا دیوی - شکنتلا بائی - شنکرا بائی

ہم اپنے پروگرام میں عام پسند موسیقی کا تناسب بالعموم زیادہ رکھتے ہیں - ہمارے پروگرام کو دیکھنے اور سننے کے بعد اس کا اندازہ کیا جاسکتا ہے - ٹھمری - غزل - دادرا - گیت بھجن وغیرہ عام پسند موسیقی میں شامل ہیں -

حسب ذیل خاتون فن کاروں سے عام پسند گانے سنئے -
نور جہاں بیگم - سوشیلا بائی - کملا دیوی - تارا بائی - زہرہ بائی -
۲۹ - کو مسز چٹوپا دھیا سے آپ بنگالی سنگیت اور گیت سنیں گے -
مرد فن کاروں میں قابل ذکر یہ ہیں -
شفیع الزمان خان - خواجہ محمود بیگ - محمد یعقوب - کشن لال - عارف رؤف کنہیالال سید احمد -

۱۸ - کو ۵ - ۰۵ - سے ۵ - ۳۰ تک مقامی شوقین فن کاروں کی محفل پیش کی جائیگی -

ریکارڈ | ریکارڈوں کا پروگرام چونکہ ہمارے سننے والوں کا پسندیدہ ایٹم ہے اس لئے لازمی طور پر ہم اپنی صباحی نشریات میں ریکارڈ پیش کرتے ہیں -
۲۰ - کو رات میں ۱۰ - ۱۵ سے ۱۰ - ۳۰ تک فلم " بھونرا " اور " پھول "
۲۱ - کو رات میں ۱۰ سے ۱۰ - ۱۵ تک فلمی نغموں کے ریکارڈ شریک ہیں -

۲۵ - کی رات میں ۹ - ۱۵ تا ۹ - ۳۰ فلم " بھائی جان " اور " بھابی " کے ریکارڈ پیش کئے جائیں گے -

۲۷ کو ۹ - ۵۰ تا ۰.۱۰ - ۱۰ منتخب فلمی گانے ۲۸ کو ۰.۱۰ - ۱۰.۱۵ تا ۱۰.۵۰ سہیگل - مکیش اور طلعت محمود اور ۲۹ کو ۱۰.۳۰ تا ۱۱ نور جہاں اور ثریا کے گائے ہوئے ریکارڈ پیش کئے جائیں گے -

ان پندرہ دنوں میں بھی پچھلی دفعہ کی طرح انعامی مقابلہ کے تحت ۱۰.۱۵ تا ۱۰.۳۰ ریکارڈ بجائے جائیں گے -

اسکے علاوہ ہر پیر کو ۹.۳۰ تا ۱۱ فرمائشی ریکارڈوں کا پروگرام نشر ہوتا ہے -
ہر جمعہ کو ۱۰.۱۵ اور ۱۰.۳۵ سے خواتین کے پسند کئے ہوئے ریکارڈ بجائے جاتے ہیں -
ہر چہارشنبہ کو ۹.۳۰ سے ۹.۴۵ اور ۱۰ سے ۱۱ تک یوروپی موسیقی کا پروگرام پیش ہوتا ہے -

قوالی | ۲۰ - ۲۲ اور ۲۷ فروردی کے پروگرام میں علی الترتیب علی بخش اور ساتھی اور سید حسین اور ساتھی اور نثار حسین خان اور ساتھی کی قوالی شریک ہے -

۲۲ - کو رات میں ۱۰.۳۵ تا ۱۱ قصیدہ بردہ شریف نشر ہوگا -
۲۹ - کو رات میں ۱۰ تا ۱۰.۳۰ غنائیہ پیش کیا جائے گا -

"دورس پروگرام"

۲۰ - اور ۲۴ کو رات کے ۹.۳۰ سے دور رس پروگرام نشر ہونگے - ۲۰ کا پروگرام تلاوت کلام پاک اور ۲۴ کا شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک سے شروع ہوگا -

تلنگی نشریات

جبری تعلیم | دنیا میں ترقی کرنے کے لئے انسان کے لئے پہلے تعلیم غیر ضروری تھی - بعد میں ضروری ہوئی اور اب جبری ہوگئی ہے - حکومتیں اور عوامی ادارے جبری تعلیم کا وظیفہ پڑھ رہی ہیں - ۱۶ - فروردی کو جے - سوریا پرکاش راؤ صاحب جبری تعلیم کی اہمیت بیان کرینگے -

کمرشیل کارپوریشن اور اسکے مسائل | کمرشیل کارپوریشن غذائی بحران کا سکون بنکر آیا - اب وہ غذائی اجناس کے منظم اور منصفانہ حصول اور تقسیم کا واحد ذریعہ بن چکا ہے - ۱۷ - فروردی کو ایم - ایس - ہنمنت راؤ صاحب آپ کے سامنے کمرشیل کارپوریشن کے مسائل پیش کرینگے -

سلاطین آصفیہ کی مذہبی رواداری | رواداری سلطنت آصفیہ کا طرۂ امتیاز ہے اور سلاطین آصفیہ نے رواداری کی شمع کو کبھی بجھنے نہ دیا - اس شمع کی بدولت آج حیدرآباد میں اجالا ہے - ۲۴ - فروردی کو سلاطین آصفیہ کی مذہبی رواداری پر تقریر ہوگی -

بچوں کا پروگرام	۱۹ - فروردی کو بچوں کے لئے پروگرام پیش کیا جائےگا ۔
فیچر	۲۷ - فروردی کو فیچر سنئے ۔

مرہٹی نشریات

گھریلو صنعتیں اور عورت ۲۲ - فروردی کو نشر ہونے والے عورتوں کے پروگرام میں گھریلو صنعتوں کی ترقی میں عورتوں کی ذمہ داری بتائے جائےگی ۔

ماں باپ کی نافرمانی ایک زمین دار کے لڑکے نے اپنے باپ کے حکم کی خلاف ورزی کیوں کی اور اس کا کسانوں کی زندگی پر کیا اثر پڑا ۔ اس کی تفصیلات ۲۶ - فروردی کے فیچر میں سنئے ۔

کنڑی نشریات

چانداور سورج گرہن چاندگرہن اور سورج گرہن مظاہر قدرت کی رنگینیوں کو پیش کرتے ہیں ۔ ہندو دیو مالا کی رو سے ان کے متعلق کئی قصے مشہور ہیں ۔ ۱۶ - فروردی کو پدم نابھ صاحب چاندگرہن اور سورج گرہن کے اسباب پر روشنی ڈالیں گے ۔

نئی کتابیں اچھی کتابیں انسان کی لافانی ساتھی ہیں ۔ وہ زندگی کی ہر منزل پر انسانی وجدان کو بلندی بخشتی ہیں ۔

راما راؤ صاحب سے ۲۱ - فروردی کو چند نئی کتابوں پر تقریر سنئے ۔

غذائی مسئلہ کا حل غذا انسانی حیات کا ذریعہ ہے ۔ قدرت نے غذا میں وہ ساری چیزیں رکھی ہیں جو انسانی نموے کے لئے ناگزیر ہیں ۔ ۲۳ - فروردی کو غذائی مسئلہ کے حل پر گوویند آچاریہ صاحب تقریر کریں گے ۔

زندگی جینے کے ڈھنگ سیکھنا ایک فن ہے جو اس حقیقت کو پا جائے وہی کامیاب انسان کہلاتا ہے ۲۸ - فروردی کو پنڈت اننت آچاریہ جینے کے ڈھنگ بتائیں گے ۔

عربی نشریات

حضرت آصفجاہ اول نواب قمر الدین علی خاں آصفجاہ اول نے حیدر آباد کو بسایا اور اسکے

لئیے وہ سب کچھ کیا جو ایک سلطنت کے قیام و بقا کے لئیے ہو سکتا تھا - ۲۷ - فروردی کو عبداللہ بن عمر صاحب با معروف - حضرت آصفجاہ اول کے تاریخی کارنامے پیش کرینگے -

فارسی نشریات

حیدرآباد اور ایران کے تعلقات	آقا مرزا علی صاحب ۱۸ - فروردی کو حیدرآباد اور ایران کے ثقافتی تعلقات بتائیں گے -
حیدرآبادیوں کی حب الوطنی	ہرملک کے باشندے اپنے ملک سے محبت رکھتے ہیں اور جو فطرتاً ہر ملک کے باشندے میں ہونا لازمی ہے - حیدر آباد کے رہنے والے بلا لحاظ مذہب و

ملت اپنے ملک سے بیحد محبت رکھتے ہیں - ۲۰ - فروردی کو آقا احمد آیۃ اللہی صاحب حیدرآبادیوں کی حب الوطنی پر تفصیلی روشنی ڈالیں گے -

بچوں کا پروگرام

عزیز بچو — ۱۶ - فروردی سنہ ۵۷ف سے ۲۹ - فروردی تک کے پروگرام میں ہم نے تمہارے لئیے ایسی تقریریں، کہانیاں اور ایسے پروگرام رکھے ہیں جو تمہاری دلچسپی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ تمہاری معلومات کو بھی بڑھائیں گے - دکن دیس سب کو پیارا ہے اور تم دکن دیس کے پیارے - اپنے وطن اور اپنے ملک کی بہاروں میں اضافہ کرنا تمہارا فرض - اپنے فرض کو پہچاننے کے لئیے ہمارا پروگرام سنو اور اس پر عمل کرو -

خانصاحب میر صاحب	تمہیں ۱۷ - فروردی کو خانصاحب اور میر صاحب کام کی باتیں بتائینگے -
نورس	۱۹ - فروردی کو لڑکیوں کے لئیے نورس پروگرام ہوگا -
سب رس	۲۶ - فروردی کو "سب رس" پروگرام ہوگا -
ہمارا دیس	۲۰ - فروردی کو تمہارے لئیے خاص پروگرام "ہمارا دیس" پیش

کیا جائے گا یہ سلسلے کا تیسرا پروگرام ہے -

تقریریں

حیدرآباد اور بچے	۲۱ - فروردی کو مسلم ضیائی صاحب "حیدر آباد اور بچے" پر تقریر

کریں گے -

صفائی اور صحت	صفائی صحت کے لئیے ضروری ہے اور صحت تمہارے لئیے لازمی تاکہ تم

لئیے حیدرآباد کو بنانے اور سنوارنے میں اپنا تن من دھن لگا سکو ۲۳ - فروردی کو عبدالماجد

صاحب مقال کی تقریر سنو۔

بڑے آدمی | ۲۳ - فروردی کو عثمان شریف صاحب سے بڑے آدمی کا حال سنو - بڑے آدمیوں کی زندگی چھوٹوں کے لئیے کتنی سبق رکھتی ہے — سنو اور بڑے بننے کی کوشش کرو۔

تمہیں کیا سوچنا ہے | ۲۸ - فروردی کو امجد یوسف زئی تمہیں بتائیں گے کہ تمہیں کیا سوچنا چاہئیے۔

ہم اور ہمارا مدرسہ | تمہارے لئیے مدرسہ کیا ہے اور تم مدرسہ کے لئیے کیا ہو ۲۸ - فروردی کو طاہر عبدالباسط سے تقریر سنو۔

ان سب کے علاوہ اس پندرہ روزہ پروگرام میں تمہارے لئیے اچھی اچھی نظمیں اچھی کہانیاں گانے اور ریکارڈ شریک کئیے گئیے ہیں۔

دوپہر کی نشریات

ہمارے سننے والوں کو یہ سن کر خوشی ہوگی کہ ہم نے ان کے مسلسل اصرار پر دوپہر کی نشریات شروع کی ہیں - ۹ - فروردی کو ایک بجے سے دو بجے تک آپ یہ نشریات سنیں گے جو ریکارڈوں اورخبروں پرمشتمل ہوں گی۔ یہ نشریات تفریح کی تفریح اورتعلیم کی تعلیم ہیں - آئیے کچھ دیر آپ بھی لطف اٹھائیے اور تھوڑی دیر میں ملک ملک کی مختصر خبریں سنئیے - ایک اچھی عادت ہوگی - خود بھی سنئیے اور دوسروں کو بھی سننے کے لئیے کہئیے اور ہاں اگر وقت ملے تو ہم کو کچھ مشورے بھی دیجئیے - یہ پروگرام آپ کی خواہش پر پیش کیا جا رہا ہے - یاد رکھئیے یہ آپ کا اپنا پروگرام ہے - اب ہماری نشریات کی تعداد اور اوقات وغیرہ یہ ہوں گے -

پہلی نشر صبح ۸½ سے ۹½ تک - ایک گھنٹہ

دوسری نشر دوپہر ۱ سے ۲ تک - ایک گھنٹہ

تیسری نشر شام ۵ سے ۱۱ تک - چھ گھنٹے

پروگرام تین مرتبہ نشر کا دوران ۸ گھنٹے

”نیا حیدر آباد،،

ہماری نشرگاہ پچھلے دو ماہ سے خاص پروگرام ” نیا حیدرآباد ،، ہر جمعرات کو ۱۰ سے ساڑھے دس بجے تک پیش کیا جا رہا ہے - بڑی خوشی کی بات ہے کہ ہمارے اس خاص پروگرام کو ملک کے ہر حصے میں بہت پسند کیا جارہا ہے اسی لئیے ہم نے خاص پروگرام ” نیا حیدرآباد ،، کے سلسلہ میں ایک انعامی مقابلہ مقرر کیا ہے جس میں ہر ادیب حصہ لے سکتا ہے البتہ

اس میں نشرگاہ کا کوئی کارکن شریک نہ ہوسکے گا ۔ اس پروگرام کے لکھنے والوں کو خیال رکھنا چاھئے کہ یہ آدھے گھنٹے کا پروگرام نیم ڈراماٹی ۔ نیم غنائی اور نیم تقریری اجزاء پر مشتمل ہے۔ پروگرام کے موضوع اور اسکے پھیلاؤ میں حیدرآباد کے جغرافیائی تاریخی اور تمدنی حالات کو پیش نظر رکھنا ضروری ھے ۔ اصلاحی انداز ھونا لازمی ھے ۔ فرقہ واریت سیاسی اور مذھبی الجھنوں سے احترازکیا جائے ۔ اس مقابلہ کےلئے تمام مسودات کا پہلی سے پندرہ فروردی تک وصول ھو جانا ضروری ھے ۔ مسودات کی جانچ ایک مجلس حکم کریگی جس میں اکثریت باھر کے لوگوں کی ھے اور مجلس کا ایک رکن نشرگاہ کا کوئی کارکن ھوگا مسودے فلسکیپ سائز کے صحفہ پر ایک طرف لکھے جائیں اور دائیں جانب تقریباً تین انچ کا حاشیہ ھر ورق پر چھوڑا جائے ۔ دو سطروں کا درمیانی فاصلہ کافی ھو مسودہ خوشخط یا ٹائپ کیا ھو اور اس میں کوئی کانٹ چھانٹ نہ کی جائے ۔

پہلا انعام ۷۰ روپے ۔ دوسرا انعام ۶۰ روپے اور تیسرا انعام ۴۰ روپےرکھا گیا ھے ۔ جانچ کرنے والی مجلس جن امور پر خاص طور سے توجہ کریگی وہ یہ ھیں ۔

۱ ۔ مسودہ کا موضوع اور اس کا پھیلاؤ ۔

۲ ۔ زبان اور مکالموں کی سلاست ۔

۳ ۔ ڈراماٹی ۔ غنائی اور تقریری اجزاء کا توازن ۔

۴ ۔ پروڈکشن یعنی پیشکشی کے نقطہ نگاہ سے مسودہ کی جاذبیت اور اھمیت ۔

۵ ۔ حیدرآباد کے جغرافیائی تاریخی اور تمدنی حالات کے پیش نظر نئے حیدرآباد کی تعمیر کی اسکیم جو قابل قبول بھی ھو اور قابل عمل بھی ۔

۶ ۔ مسودہ کا دوران آدھا گھنٹہ ۔

اب مقابلہ کی شرائط سنئے ۔

(۱) تمام مسودے یکم سے پندرہ فروردی تک نشرگاہ وصول ھو جائیں ۔ یکم سے پہلے اور پندرہ کے بعد کے مسودات شریک مقابلہ نہیں ھونگے ۔

(۲) لفافے پر انعامی مقابلہ ''نیا حیدرآباد،، لکھنا ضروری ھے اور مسودے کی تین نقلیں بھیجنا لازمی امر ھے ۔ اگر تین کاپیاں نہ آئیں تو مسودہ شریک مقابلہ نہوسکے گا ۔

(۳) انعام پانے والے مسودے دائمی طور پر محکمہ نشریات کی ملک ھونگے اور انکے تراجم کا حق بھی محکمہ کو رھیگا ۔

(۴) نشر شدہ مسودات قابل قبول نہ ھونگے ۔

(۵) مجلس کا فیصلہ قطعی ھوگا اور اس پر نظر ثانی نہیں کی جائیگی ۔

...ت کی اگر ضرورت ہوئی تو قواعد کے مطابق اُن کا معاوضہ
... کا کوئی معاوضہ ادا نہ ہوگا۔

آپ ہی ہیں ۔ آپ میں اگر یہ جذبہ ہے ــــ اور ہمکو یقین ہے کہ ضرور ہے ــــ تو

جلد

"نیا حیدرآباد"

کا

مسودہ

روانہ فرمائیے ۔

تعمیر دکن

ہمیں کامل یقین ہے کہ آپ دکن کی تعمیر کے لئے بے چین ہیں ۔ انسان جو محسوس کرتا ہے زبان سے ادا بھی کرنا چاہتا ہے اسی لئے ہم نے سننے والوں کا ایک خاص پروگرام ہر چہارشنبہ کو شام کے پونے آٹھ بجے سے رکھا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ سامعین نشرگاہ تشریف لاکر تعمیر دکن کی اسکیم خود نشر کریں ۔ اگر آپ اپنا نام اور پورا پتہ بھیجتے ہوئے تعمیر دکن کی اسکیم نشر کرنے پر رضا مندی ظاہر کریں تو ہم آپ کو مطلع کریں گے کہ آپ کس دن نشر کرسکیں گے ۔

دکن آپ کا دیس اور تعمیر کا کام ہے ۔ ہمیں خط لکھئے ہم آپ کو بتائیں گے کہ آپ کس دن تعمیر دکن کی اسکیم نشر کر کے اپنی قومی خدمت انجام دے سکتے ہیں ۔ زمانہ کسی کا انتظار نہیں کرتا ۔ نشر کی لہریں کسی کے لئے رکتی نہیں ۔ آپ اگر ہچکچاہٹیں تکلف کریں تو زمانہ آگے بڑھ جائیگا اور لہروں پر دوسروں کا قبضہ ہوجائے گا ۔ اسلئے جلد خط لکھئے ۔

طالب علموں کے لئے

علم سے دماغ میں روشنی اور ملک میں دولت پیدا ہوتی ہے ۔ طالب علم کی دولت دماغ اور ملک کی ایک دولت طالب علم ہیں ۔ ہم نے ہر منگل کو شام کے پونے آٹھ بجے سے ۔

طالب علموں کےلئے پندرہ منٹ کا ایک پروگرام رکھا ہے ۔

عزیز طالب علمو !

پڑھو لکھو کھیلو کودو سیکھو سمجھو

اور

سنو

طالب علموں کا پروگرام

ہر منگل

کو

رات کے پونے آٹھ بجے سے آٹھ بجے تک

ریکارڈوں کا انعامی مقابلہ

فروردی سنہ ۱۳۰۷ف فروری سنہ ۱۹۴۸ع کے دوسرے منگل سے ریکارڈوں کا ایک انعامی مقابلہ مقرر کیا گیا ہے ۔ ہر منگل کو رات کےسوا دس سے ساڑھے دس بجے تک چند گریموفون ریکارڈ بجائے جائیں گے ۔ ریکارڈ غور سے سنکر بتائیے کہ فن کارکون ہیں ۔ اور انہوں نے گانے کی کونسی قسم پیش کی ہے۔ دونوں تفصیلات فوراً لکھ بھیجئے ۔ جس لفافہ پر ریکارڈوں کا انعامی مقابلہ لکھا نہوگا اسکو شریک مقابلہ نہ کیا جائیگا ۔ جب ایسے تمام خط جمع ہو جائیں گے تو وہ ایک غیر اردو دان کو کھولنے کے لئے دئے جائیں گے ۔ پہلے جو دو صحیح حل نکلیں گے ۔ ان کے لکھنے والوں کو دس دس روپیوں کے دو انعام دئے جائیں گے ۔

یاد رکھئے

لفافہ پر ”ریکارڈوں کا انعامی مقابلہ“ لکھا جانا ضروری ہے

(۶) انعام نہ پانے والے مسودات کی اگر ضرورت ہوئی تو قواعد کے مطابق ان کا معاوضہ ادا کرکے انہیں نشر کیا جائیگا انعام پانے والے مسودات کی نشر کا کوئی معاوضہ ادا نہ ہوگا۔

"نیا حیدرآباد"

بنانے والے

آپ ہی ہیں ۔ آپ میں اگر یہ جذبہ ہے ــــ اور ہمکو یقین ہے کہ ضرور ہے ــــ تو

جلد

"نیا حیدرآباد"

کا

مسودہ

روانہ فرمائیے ۔

تعمیر دکن

ہمیں کامل یقین ہے کہ آپ دکن کی تعمیر کے لئے بے چین ہیں ۔ انسان جو محسوس کرتا ہے زبان سے ادا بھی کرنا چاہتا ہے اسی لئے ہم نے سننے والوں کا ایک خاص پروگرام ہر چہارشنبہ کو شام کے پونے آٹھ بجے سے رکھا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ سامعین نشرگاہ تشریف لاکر تعمیر دکن کی اسکیم خود نشر کریں ۔ اگر آپ اپنا نام اور پورا پتہ بھیجتے ہوئے تعمیر دکن کی اسکیم نشر کرنے پر رضا مندی ظاہر کریں تو ہم آپ کو مطلع کریں گے کہ آپ کس دن نشر کرسکیں گے ۔

دکن آپ کا دیس اور تعمیر کا کام ہے ۔ ہمیں خط لکھئے ہم آپ کو بتائیں گے کہ آپ کس دن تعمیر دکن کی اسکیم نشر کر کے اپنی قومی خدمت انجام دے سکتے ہیں ۔ زمانہ کسی کا انتظار نہیں کرتا ۔ نشر کی لہریں کسی کے لئے رکتی نہیں ۔ آپ اگر ہچکچا ئیں تکلف کریں تو زمانہ آگے بڑھ جائیگا اور لہروں پر دوسروں کا قبضہ ہوجائے گا ۔ اسلئے جلد خط لکھئے ۔

طالب علموں کے لئے

علم سے دماغ میں روشنی اور ملک میں دولت پیدا ہوتی ہے ۔ طالب علم کی دولت دماغ اور ملک کی ایک دولت طالب علم ہیں ۔ ہم نے ہر منگل کو شام کے [illegible] ہے ۔

طالب علموں کے لئے پندرہ منٹ کا ایک پروگرام رکھا ہے ۔
عزیز طالب علمو !

پڑھو لکھو کھیلو کودو سیکھو سمجھو
اور
سنو
طالب علموں کا پروگرام
ہر منگل
کو
رات کے پونے آٹھ بجے سے آٹھ بجے تک

ریکارڈوں کا انعامی مقابلہ

فروردی سنہ ۱۳۰۷ ف فروری سنہ ۱۹۴۸ ع کے دوسرے منگل سے ریکارڈوں کا ایک انعامی مقابلہ مقرر کیا گیا ہے ۔ ہر منگل کو رات کے سوا دس سے ساڑھے دس بجے تک چند گریموفون ریکارڈ بجائے جائیں گے ۔ ریکارڈ غور سے سنکر بتائیے کہ فن کار کون ہیں ۔ اور انہوں نے گانے کی کونسی قسم پیش کی ہے۔ دونوں تفصیلات فوراً لکھ بھیجئے ۔ جس لفافہ پر ریکارڈوں کا انعامی مقابلہ لکھا نہوگا اسکو شریک مقابلہ نہ کیا جائیگا ۔ جب ایسے تمام خط جمع ہو جائیں گے تو وہ ایک غیر اردو دان کو کھولنے کے لئے دئے جائیں گے ۔ پہلے جو دو صحیح حل نکلیں گے ۔ ان کے لکھنے والوں کو دس دس روپیوں کے دو انعام دئے جائیں گے ۔

یاد رکھئے

لفافہ پر ” ریکارڈوں کا انعامی مقابلہ ،، لکھا جانا ضروری ہے

(نشرگاہ اورنگ آباد)

اعلیٰ حضرت بندگان اقدس سلطان العلوم شہر یار دکن و برار کی تقریب سالگرہ ھمایوں
حیثیت " قومی عید " ۱۱ - تیر سنہ ۱۳۵۷ف مطابق ۱۱ مئی سنہ ۱۹۴۸ع کو منائی جانے والی ھے۔
ں مبارک موقع پر نشرگاہ اورنگ آباد نے " نشری نظم نویسی " کے لئے ایک انعامی مقابلے کا
نظام کیا ھے ۔

ان عنوانات پر طبع آزمائی کی جاسکتی ھے :—

(۱) دکن کی قومی عید
(۲) دور عثمانی
(۳) نیا حیدرآباد
(۴) ھم آھنگی (یعنی فرقہ وارانہ میل ملاپ)
(۵) دکنی قومیت
(۶) امن اور انسانیت

مقابلے کے لئے شرطیں یہ ھیں :—

(۱) اشعار کی تعداد اکیس سے زیادہ اور گیارہ سے کم نہ ہو
(۲) نظمیں ۱۱ - خورداد سنہ ۱۳۵۷ف مطابق ۱۱ -اپریل تک مہتمم صاحب نشرگاہ اورنگ آباد کو وصول ھو جائیں ۔
(۳) ایک سے زیادہ عنوانات پر طبع آزمائی کی جاسکتی ھے ۔
(۴) مسودے کی چار نقلیں بھیجی جائیں اور لفافے پر " انعامی مقابلہ نظم " ضرور لکھا جائے ۔
(۵) انعام پانے والی منظومات دائمی طور پر نشرگاہ اورنگ آباد کی ملک ھوں گی ۔
(۶) پہلا انعام سو روپے ، دوسرا ساٹھ روپے اور تیسرا چالیس روپے ھے ۔
(۷) مقابلے کے لئے مہتمم نشرگاہ اورنگ آباد کا فیصلہ آخری اور قطعی ھوگا ۔
(۸) غیر حیدرآبادی شعراء بھی مقابلہ میں حصہ لے سکتے ھیں ۔

مزید تفصیلات نشرگاہ اورنگ آباد سے حاصل کی جاسکتی ھیں ۔

"تعمیرات کا نقطہ نظر"

عزت مآب مولوی محمد عبدالرؤف صاحب صدر المہام تعمیرات کی تقریر جو ۲۷۔ اسفندار سنہ ۱۳۵۷ف کو نشر ہو چکی ہے۔

قومی مرفعہ حالی اور ملک کے بسنے والوں کے لئے پرامن اور خوش حال زندگی کے وسائل پیدا کرنا اصل میں مملکت کے تمام شعبوں کی کوشش ہوا کرتی ہے لیکن تمام شعبہ جات مملکت میں جس محکمہ کے لئے سب سے زیادہ بار خزانہ پر پڑتا ہے وہ تعمیرات ہی کا محکمہ ہے لیکن یہ بار بارگراں نہیں ہوتا جب اس کی افادیت اور قومی تعمیر میں محکمہ تعمیرات کی کوششیں اور اسکے نتائج پر نظر ڈالی جائے۔ ایک اچھی سلطنت کی تعریف اگر یہ کی جائے کہ ملک میں امن و امان قایم کرنا اور ملک کے ہر فرد کو عسرت اور تنگی سے نکال کر سکھ اور چین کی زندگی عطا کرنا اس کا مقصود ہوتا ہے اور یہی آزادی کا پھل بھی ہے تو معاشی ذرائع کی فراوانی ملک کے امن کی بھی ضامن ہوا کرتی ہے اس خوش حالی کو بڑھانے اورعسرت و تنگدستی کو اوربدحالی کو دور کرنے میں اگر کوئی محکمہ سب سے زیادہ حصہ لیتا رہا ہے تو وہ محکمہ تعمیرات ہی ہے۔

سلطنت آصفیہ کی جغرافیائی اور ارضیاتی نوعیت پہاڑوں اور تیز رفتار ندیوں کی بہتات موسم کی کیفیات پر نظر ڈالی جائے تو بہت آسانی سے اس کا پتہ چلتا ہے کہ ما قبل تاریخ زمانہ سے آبپاشی کے ذرائع کو کیوں اہمیت دی گئی اور اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے بند باندھکر پانی کو جمع کرنے کے طریقے کو کیوں اختیار کیا گیا۔ ملک میں نا معلوم زمانہ سے تالابوں کی تعمیر بڑی تعداد میں ہوتی رہی۔ اگر صرف انہیں تالابوں کا شمار کیا جائے جو پچاس ایکر سے زیادہ آراضی کو سیراب کرتے ہیں تو ان کی تعداد ہمارے ملک میں پچیس ہزار سے کم نہیں پائی جاتی ہے۔ اس سے کم رقبہ جات کی سیرابی کے لئے جو تالاب بنے ہیں وہ بھی اس سے زیادہ ہی ہیں۔ باؤلیوں سے سیرابی کا قدیم ترین طریقہ آج بھی اوسی انداز سے جاری ہے۔ اگر کسی نے دو ڈھائی ہزار سال پہلے کی باولیوں کے متعلق تحقیقات کی ہو اور اس کا آج کے طریقہ آب براری کا مقابلہ کیا ہو تو وہ اس طویل زمانہ میں بھی کوئی فرق نہیں پائیگا۔

سائینس اور انجینیری کی ترقی نے تالابوں کی تعمیر میں جو انقلاب پیدا کیا وہ یقیناً عظیم انقلاب ہے زمانہ قدیم میں بھی تالابوں کے تعلق سے تعمیرکاری میں حیرت کن ترقی کا پتہ چلتا ہے چنانچہ رامپا ۔ لکھنا ورم گھنپور ۔ پاکھال ۔ سنگا بھوپالم ۔ شنکرم ۔ یہ عظیم الشان تالاب اس کی

نظم نویسی کا انعامی مقابلہ

(نشر گاہ اورنگ آباد)

اعلیٰ حضرت بندگان اقدس سلطان العلوم شہر یار دکن و برار کی تقریب سالگرہ ہمایونی بہ حیثیت " قومی عید " ۱۱ - تیر سنہ ۱۳۵۷ف مطابق ۱۱ مئی سنہ ۱۹۴۸ع کو منائی جانے والی ہے۔ اس مبارک موقع پر نشرگاہ اورنگ آباد نے " نشری نظم نویسی " کے لئے ایک انعامی مقابلے کا انتظام کیا ہے ۔

ان عنوانات پر طبع آزمائی کی جاسکتی ہے :-

(۱) دکن کی قومی عید

(۲) دور عثمانی

(۳) نیا حیدرآباد

(۴) ہم آہنگی (یعنی فرقہ وارانہ میل ملاپ)

(۵) دکنی قومیت

(۶) امن اور انسانیت

مقابلے کے لئے شرطیں یہ ہیں :-

(۱) اشعار کی تعداد اکیس سے زیادہ اور گیارہ سے کم نہ ہو

(۲) نظمیں ۱۱ - خورداد سنہ ۱۳۵۷ف مطابق ۱۱ - اپریل تک مہتمم صاحب نشرگاہ اورنگ آباد کو وصول ہو جائیں ۔

(۳) ایک سے زیادہ عنوانات پر طبع آزمائی کی جاسکتی ہے ۔

(۴) مسودے کی چار نقلیں بھیجی جائیں اور لفافے پر " انعامی مقابلہ نظم " ضرور لکھا جائے ۔

ایک اشاعت کی شرح سے جس قدر اشاعتوں کی جو اجرت قرار پائے گی اس میں اوپر کی شرح کے مطابق کمی کی جائے گی۔

صرف سالنامے کی اشاعت میں اشتہار دیا جائے تو ایک اشاعت والے نرخ پر (۲۰) فیصد زائد اجرت ہو گی۔

نوا ہر مہینے کی پہلی اور ۱۶ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ اشتہارات کے مسودے تاریخ اشاعت سے پندرہ دن پہلے مہتمم صاحب نشرگاہ حیدرآباد کے نام وصول ہونے چاہئیں۔

نو ائیہ

زیرنظر نیم ماہی کے قابل ذکر اجزا یہ ہیں

تقریریں

دمدار ستارہ | ہم نے بڑی بوڑھی عورتوں سے سنا ہے کہ دمدار ستارہ کسی بڑے آدمی کی جان پر بھاری ہوتا ہے اور شاید اسی لئے اس کا نمو دار ہونا منحوس تصور کیا جاتا ہے ۔چنانچہ وہ کہتی ہیں کہ ایک دفعہ جب دمدار ستارہ نکلا تو وہ شہنشاہ برطانیہ کی جان لے کے ٹلا ۔ اب کی دفعہ گاندھی جی کی جان پر بن آئی ۔لیکن سائنس کی نظر میں دمدار ستارہ کی کیا اہمیت ہے یکم اردی بہشت کو عبد الرحمن خان صاحب سے سنئے ۔

کیا تیسری جنگ ہوگی؟ | آج کی جنگ ہر شخص کے لئے پیام موت سے کچھ کم نہیں اس لئے ہر شخص جنگ کے نام سے کانپ رہا ہے چانچہ دنیا والے جیتے جی اس دوزخ میں ڈھکیلے جانے سے بچنے کی پیہم کوششیں کر رہے ہیں ۔ ان کی ساری فکری اور عملی توانائیاں نہ صرف جنگ کو روکنے میں صرف ہو رہی ہیں بلکہ دیر پا امن قائم رکھنے کی بھی تدبیریں ہو رہی ہیں لیکن ان تدبیروں کو ناکام کرنے والے مفادات اپنے کام کر رہے ہیں ۔ ۲ ۔ اردی بہشت کو ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم بتائیں گے کہ کیا تیسری جنگ ہوگی ؟

حیدرآباد اور سائنسی تحقیقات | سائنسی تحقیقات ترقی کی بنیاد ہے جس کسی ملک نے اس جانب توجہ کی زمانہ نے اس کے سر پر ترقی کا تاج رکھا ۔ ترقی کے تاجداروں میں امریکہ برطانیہ ، جرمنی اور روس قابل ذکر ہیں ۔ آج کا حیدرآباد بھی جامعہ عثمانیہ کی بدولت سائنسی شعور کا پتہ دے رہا ہے خدا کرے وہ دن جلد آئے ۔ جبکہ حیدرآباد سائنس کا بڑا تجربہ خانہ ، سائنس کا گھر بلکہ سائنس آباد بن جائے ۔ ۵ ۔ اردی بہشت کو ڈاکٹر رضی الدین صدیقی حیدرآباد اور سائنسی تحقیقات سے متعلق تقریر نشر فرمائینگے ۔

میری شاعری | ہمارا سماج اندھا اور گونگا ہے اور نذیر دھقانی اندھے کی بینائی اور گونگے کی زبان ہے ۔ دھقانی گونگوں کا ترجمان ہے بے زبانوں کی زبان بے کسوں اور بے بسوں کا

کس بل ہے اور سسکتی زندگی کی ڈھارس ہے جب وہ شعر گنگناتا ہے تو بے ڈھب سماجی عرش کے کنگورے ہل جاتے ہیں ۔ وہ جب نظم کہتا ہے تو اس کا مقصد بد نظم سماج کی تنظیم ہوتا ہے دھقانی آپ بیتی اور جگ بیتی سناتا ہے ۔ اس کے ہر شعر میں ایک پیتا ایک چیخ ایک آہ اور ایک کراہ ہوتی ہے ۔ وہ کھری کھری باتیں کھوٹی دنیا کو سناتا ہے چاہے اس کو بھلی لگیں یا بری ۔ اس کا دیوان قرآن تو نہیں لیکن قرآن کی طرح وہ بھی کج کلا ھوں کی کجی کو سیدھا کرنا چاھتا ہے ۔ ۷ ۔ اردی بہشت کو نذیر دھقانی صاحب اپنی شاعری کا جائزہ لیں گے ۔

طلباء اور سیاست | سیاست کے سر پٹ گھوڑے پر سواری کرنا شہ سواروں کا کام ہے ۔ اس کو لگام دینا طلباء کے بس کی بات نہیں طلباء کو صرف دور سے یہ گھوڑ دوڑ دیکھنی چاھئے ۔ لیکن ایک عمر کو پہنچ کر وہ بھی سیاست کے تیز رفتار گھوڑے پر زین کس سکتے ھیں ۔ اس وقت وہ میدان جنگ میں گر بھی جائیں تو شہ سوار کہلائیں گے ۔ ۱۰ ۔ اردی بہشت کو سید شاہ بلیغ الدین صاحب طلباء اور سیاست پر تقریر فرمائیں گے ۔

ھمارا سماج | سماج کا موجودہ نظام ایک بڑھیا کا لنگڑاتا ھوا پاؤں ہے ۔ اس کے اس لنگ کو دور کرنے کے لئے بڑے بڑے علاج کرنے ھیں زمانہ خراج کے نشتر کی طرح تیز زمانہ اس کا علاج کرے گا ۔ ۱۳ ۔ اردی بہشت کو حسام الدین صاحب غوری ھمارے سماج کو پیش کرینگے ۔

ساعت خواتین

اپنے پرائے | زندگی اپنوں اور پرائیوں کے ھجوم میں سکھ اور دکھ کے آنسو اور مسکراھٹوں کا سواد کرتی ہے کبھی اپنے پرائیوں سے زیادہ بیری ھوجاتی ہے اور کبھی پرائے اپنوں سے زیادہ پیارے ھو جاتے ھیں ۔ قمر سیدہ صاحبہ سے اپنے پرائیوں کا ذکر سنئے ۔

عورت مرد کی نظر میں | عورت مرد کا رشتہ ازلی اور ابدی ہے ۔ عورت کا مطمع نظر کبھی مرد کی آنکھوں میں کھب کر دل میں جگہ پاتا تھا ۔ اور اب بھی وہ اپنی خود مختار حیثیت میں مرد کی رضاجوئی کو مقدم گردانتی ہے اس کی فطری کمزوریوں کو ہر وقت ایک سہارا چاھئے ۔ اور مرد کیا وہ ایسے مایوس کرتا ہے کیا وہ اس سہارے کا صلہ چاھتا ہے ۔ صغرا بیگم امیر علی خاں سے عورت کی مجبوریوں اور مرد کی ستم ظرفیوں کا حال سنئے ۔

سماجی اصلاح | سماجی اصلاح ترقی کی خواھشمند ہر خاتون کا فرض ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ سماج کے گھناؤنے پہلو ھی ھماری ساری کوششوں پر پردہ ڈال دیتی ھیں ۔ ایک صحت بخش سماج ھی ترقی کی روح کو کثافتوں سے پاک کرنا انسانیت پر لازم ہے بیگم ڈاکٹر منور علی ان مساعی پر

روشنی ڈالینگی جو حیدر آبادی خواتین نے سماجی اصلاح کے باب میں جاری رکھے ہوئی ہیں۔

وقت کی آواز | وقت ہر زمانہ میں ۔ اپنی للکار سناتا ہوا گزرجاتا ہے ۔ جنہوں نے اس کی آواز کو سنا اور اس کی رہنمائی میں اپنے بڑھتے قدموں کو سیدھی راہ پر ڈال لیا ، وہی منزل کا مرانی تک جا پہنچے جنہوں نے سنی ان سنی کردی ۔ وہ بھٹک گئے ۔ اس وقت وقت کا کیا مطالبہ ہے گوش بر آواز! ۔ بشیرالنسا بیگم صاحبہ کی تقریر کا عنوان ہے وقت کی آواز۔

فیچر و ڈرامہ

روزگار | آج کل روزگار ملنا بہت دشوار ہے کسی کو اپنی ذاتی محنت سے مل جاتا ہے تو کسی کو اپنے استاد کے زور سے اور کسی کو اپنی بیوی کے توسط سے روزگار مل ہی جاتا ہے ۔ اور پھر ایک بے کار آدمی کو جب روزگار ملتا ہے تو اوس کی خوشیوں کا حال نہ پوچھئے ۱۰ ۔ اردی بہشت سنہ ۱۳۵۷ف کو صبح میں ۱۰-۵۰ بجے فیچر ''روزگار '' پیش کیا جائے گا جسے خواجہ احمد صاحب نے لکھا ہے ۔

یہ کیڑے | ۱۰ ۔ اردی بہشت سنہ ۱۳۵۷ف کو بچوں کے پروگرام میں معلوماتی فیچر '' یہ کیڑے '' پیش کیا جائے گا جس میں بے دماغ مگر باخبر کیڑوں سے متعلق معلومات بہم پہنچائی گئی ہیں ۔ یہ فیچر جناب اویس احمد صاحب ادیب نے مرتب کیا ہے۔

تقدیر | تقدیر اپنے ہاتھ سے بنائی اور بگاڑی جاسکتی ہے لیکن بعض کہتے ہیں کہ تقدیر کا لکھا پورا ہوکر رہتا ہے ۔ ۱۲ ۔ اردی بہشت کو صبح میں فیچر '' تقدیر '' سنئے جسے شہناز حامد صاحبہ نے مرتب کیا ہے۔

ڈرامہ— | ۷ ۔ اردی بہشت سنہ ۱۳۵۷ف کو رات میں ایک ڈرامہ پیش کیاجائے گا

موسیقی

یکم تا ۱۵ ۔ اردی بہشت سنہ ۱۳۵۷ف کے پروگرام میں موسیقی کے حسب ذیل اجزاء شریک ہیں استادی گانے ۔ عام پسند گانے ۔ قوالی ۔ ریکارڈ ۔ پروگرام ۔

استادی گانا گانے والے یہ مرد فن کار قابل ذکر ہیں ۔

عبدالصمد خاں ۔ مادھو راؤ ۔ قربان حسین آگرہ والے ۔ باپوراؤ ۔ استاد اسد علی خاں ۔ رحمت حسین آگرہ والے ۔ ریاض الدین خاں۔

متذکرہ ذیل فن کاروں کو ان تاریخوں میں سنئے ۔

عبدالصمد خاں ۴ ۔ اردی بہشت   مادھو راؤ ۵ ۔ اردی بہشت

قربان حسین آگرہ والے ۷ - اردی بہشت   باپوراؤ ۱۱ - اردی بہشت
رحمت حسین آگرہ والے ۱۲ - اردی بہشت   ریاض الدین خاں ۱۳ - اردی بہشت
اسد علی خاں ۱۵ - اردی بہشت

استادی موسیقی گانے والی حسب خاتون فن کار قابل ذکر ہیں -

رئیسہ بائی - مانکی بائی - یشودا بائی شیلا بائی - کملا بائی -

عام پسند گانے والے مرد اور خاتون فن کاروں میں حسب ذیل قابل ذکر ہیں -

سرسوتی بائی - عزیز الرحمن - زاھد علی - کنیز فاطمہ - نور جہاں بیگم - شنکرا بائی - خواجہ محمود بیگ - مشتری بائی - بھرت پوری - رئیسہ بائی - سید احمد - محمد یعقوب - شاملا دیوی یشودا بائی جالنہ والے - شبیر حسین - امراؤتی والے - مہتاب بائی -

ریکارڈ

ہم اپنے پروگراموں میں اپنے سننے والوں کی پسند کو خاص طور پر ملحوظ رکھتے ہیں ریکارڈوں کا ایٹم چونکہ پسندیدہ ایٹم ہے اس لئے صباحی نشریات اور دوپہر کی نشریات میں ہم اپنے سننے والوں کی تفریح کی خاطر ریکارڈ بجاتے ہیں - اس کے علاوہ تیسری نشر کے پروگرام میں بھی خاص خاص عنوانات کے تحت ریکارڈ پیش کرتے ہیں - ہر پیر کو فرمایشی ریکارڈ اور ہر جمعہ کو صرف خواتین کی پسند کے ریکارڈ بجائے جاتے ہیں -

پچھلی دفعہ کی طرح اس مرتبہ بھی ہم نے ہر منگل کو ۱۰-۵۰ تا ۱۰-۳۰ انعامی مقابلہ کے نام سے ریکارڈوں کا ایٹم شریک کیا ہے ہمارے سننے والے اس ایٹم کو سنیں اور لکھ بھیجیں کہ یہ ریکارڈ کس کے گائے ہوئے ہیں اور راگ کی کونسی قسم ہے - صحیح حل بھیجنے والے سامع کو انعام دیا جائے گا -

۴ کو ۱۰-۳۰ تا ۱۱، ۵ کو ۱۰ تا ۱۰-۶، کو ۱۰-۳۰ تا ۱۱، ۷ کو ۱۰-۳۰ تا ۱۱، ۹ کو ۱۰-۴۵ تا ۱۱، ۱۰ کو ۹-۵۰ تا ۱۰-۳۰، ۱۲ کو ۱۰-۳۰ تا ۴۵-۴، ۱۳ کو ۱۰-۳۰ تا ۴-۵ اور ۱۴ کو ۱۰-۵۰ تا ۱۱، سب منتخب ریکارڈ شریک پروگرام ہیں -

ہر جمعہ کو ۱۱ - ۱۵ سے خواتین کی پسند کے ریکارڈ بجائے جاتے ہیں -

۵ کو ظہور علی اور ساتھی اور ۱۲ - کو محبوب بخش اور ساتھی کی قوالی سنئے -

۹ - تاریخ کو بوجہ مہاشیوراتری ۵ - ۵ تا ۵ - ۳۰ ساعت شام کو کرناٹک موسیقی کا پروگرام شریک ہے -

ہر چہارشنبہ کو ۹ - ۳۰ تا ۱۰ شب پوری پروگرام پیش کیا جاتا ہے -

تلنگی نشریات

یکم اردی بہشت کو " حیدر آباد کے زرعی مسائل پر وی ۔ وی رمنا راؤ صاحب تقریر نشر کرینگے ۔

۲ ۔ اردی بہشت کو کو جی سریا پرکاش راؤ صاحب سے " حیدر آباد میں جبری تعلیم " پر تقریر سنئے ۔

۳ ,, ,, کو ایم ۔ ایس ھنمنت راؤ صاحب "ہمارا موازنہ " کے عنوان پر تقریر کرینگے ۔

۹ ,, ,, کو یس ۔ وینکٹ راؤ صاحب سے افسانہ سنئے ۔
۱۲ ,, ,, کو عورتوں کے لئیے پروگرام پیش کیا جائے گا ۔
۱۳ ,, ,, کو درگیا صاحب اپنا منتخب کلام سنائیں گے ۔
۱۵ ,, ,, کو فیچر پروگرام ھوگا ۔

مرھی نشریات

ممالک محروسہ سرکارعالی میں زراعت کو کس طرح ترقی دیجاتی ہے کیشو راؤ صاحب اندا پور کر ۴ ۔ اردی بہشت کو اپنی تقریر میں بتائینگے ۔

تاریخی تحقیقات سے متعلق ۱۴ ۔ اردی بہشت کو آر ۔ ایم ۔ جوشی صاحب سے تقریر سنئے ۔

"تندرستی ہزار نعمت ہے " یہ مقولہ آج تک قوموں اور افراد پر صادق آتا ہے ۔ صحت پر مسٹر دیشپانڈے صاحب ۹ ۔ اردی بہشت کو تقریر نشر کرینگے ۔

کنڑی نشریات

پہلی اردی بہشت کو " ہندوستانی قبائل " کے عنوان پر نرسھوان آچاریہ صاحب تقریر کرینگے ۔

حیدرآباد کی ترقی کے بارے میں رام راؤ صاحب پٹواری سے ۶ اردی بہشت کو تقریر سنئے ۔
ہندوستان میں عورت کا کیا مقام ہے اسکی تفصیلات ۱۲ ۔ اردی بہشت کو کے ۔ نارائن راؤ صاحب کی لکھی ہوئی ایک بات چیت سنئے ۔

۱۵ ۔ اردی بہشت کو وٹھل راؤ صاحب بیمہ کی اہمیت بتائینگے ۔

فارسی نشریات

حیدرآباد کا نظم و ضبط ضرب المثل ہے ۔ اسکی تفصیلات آقا محمد علی صاحب کربلائی سے ۳ ۔ اردی بہشت کو سنئے ۔

حیدرآباد میں تعلیم کی ترقی کے عنوان پر ۱۰ ۔ اردی بہشت کو قاری کلیم اللہ صاحب سے تقریر سنئے ۔

عربی نشریات

دنیا جب سے آباد ہوئی اسی وقت سے جنگ و جدال کا سلسلہ چلا آرہا ہے ۔ مختلف زمانوں میں مختلف قسم کے ہتیار استعمال کئے گئے ۔ جوں جوں زمانہ ترقی کرتا گیا انسان کو فنا کرنے کے لئے نت نئے آلات بھی ایجاد ہوتے رہے ۔ جدید آلات جنگ پر ۔ ۵ ۔ اردی بہشت کو حبیب مصطفے صاحب سے تقریر سنئے ۔

اعلی حضرت سلطان العلوم کے روشن زمانہ میں کیا کیا ترقیاں ہوئیں کیا جامعہ عثمانیہ کا قیام تعلیمی ترقیاں مدارس کی توسیع شفاخانوں کی تعمیر اسکی شاہد نہیں کہ تھوڑی سی مدت میں حیدرآباد کیا سے کیا ہوگیا ۔ " العفرازابھر " کے عنوان پر شیخ عبد اللہ با معروف صاحب تقریر کرئینگے ۔

بچوں کا پروگرام

عزیز بچو ۔ قوموں کی زندگی میں بچے اپنا ایک اہم مقام رکھتے ہیں کیونکہ ملک اور قوم کے مستقبل کے یہی معمار ہوتے ہیں ۔ تم سے وطن کو بڑی بڑی امیدیں ہیں ۔ اپنی زندگی کے ایک ایک لمحہ میں ایک اچھی بات سونچو ۔ ایک اچھا کام کرو ۔ ہم تمہارے لئے ایسے ہی پروگرام پیش کرتے ہیں جس سے تمہاری زندگی کی ایک ایک گھڑی تمہارے وطن کے کام آسکے ۔

پہلی اردی بہشت سے تمہارے پروگرام کا وقت سات سے ساڑھے سات کردیا گیا ہے ۔

ان پندرہ دنوں میں تمہارے لئے یہ خاص پروگرام رکھتے ہیں ۔

دکن دیس پیارا | ہر منگل کو تم ایک کورس سنوگے ۔ " دکن دیس پیارا " جو زندگی کے جوش اور وطن کی محبت سے بھرا ہوا ایک گیت ہوگا ۔

ہمارا دیس | ۱۰ ۔ اردی بہشت کو " ہمارا دیس " پیش کیا جائے گا ۔ یہ سلسلے کا چوتھا پروگرام ہے ۔

کام کی باتیں	منگل ۲ - اردی بہشت کو خان صاحب اور میر صاحب سے کام کی باتیں

سنو - یہ پروگرام تفریحی بھی ہے اور کام کی باتوں سے بھرا ہوا بھی -

تقریریں	٦ - اردی بہشت کو شوکت رفیع تمہیں بتائیں گے کہ بزرگوں کا ادب کیا ہے

تم بچے ہو - لیکن تمہارے بھی کچھ مشغلے ھیں - اچھے بچوں کے کیا مشغلے ہونے چاہیں -
۹ - اردی بہشت کو منور علی بیگ سے سنو -

یہ دکن یہ گیتوں کا جہان - یہ امن اور سکون کی دنیا ہمارے لئے جنت ہے
۱۱ - اردی بہشت کو طاهر عبد الباسط کی تقریر سنو -

کہانیاں	قصے کہانیاں دلچسپی کی چیز ہوتی ھیں - لیکن کیا برا ہے ایک تم ایسی

کہانیاں سنو جو تمہارے لئے دلچسپ بھی ہوں اور کام کی بھی - سلطانہ - نسیم فاطمہ - رضیہ عارفی سے ایسی کہانیاں سنو -

گانے	ان پندرہ دنوں میں عزیز الدین - نسیم اور آفتاب سے گانے سنو - ٦-اردی بہشت

کو تمہیں فلمی کچھڑی سنائی جائے گی - ان کے علاوہ تمہارے لئے یہ خاص پروگرام پیش کئے جائیں -؟؟؟؟

۱ اور ۹ اردی بہشت کو نورس ہوگا -
۲ اور ۱۱ - اردی بہشت کو سب رس ہوگا -

ہماری نشریات

(سلسلہ نمبر تین)

تقریریں

نشریات کے غیر غنائی اجزا میں خبروں اور تقریروں کی اہمیت سب سے زیادہ ہے۔ یہ عام طور پر تسلیم کیا جاتا ہے کہ سننے والے زیادہ دلچسپی کانوں میں لیتے ہیں مگر دنیا میں ایک نشرگاہ بھی ایسی نہوگی جو تقریریں نشر نہ کرتی ہو۔ اسکی بڑی وجہ یہ ہے کہ نشریات کو تفریح کے ساتھ ساتھ تعلیم کا آلہ بھی تصور کیا گیا ہے اور یہ صحیح ہے۔ حل طلب مسئلہ یہ رہتا ہے کہ کیا " تعلیم یافتہ "، کو بھی ریڈیو کے ذریعہ تعلیم دی جاسکتی ہے ؟

پہلے یہ دیکھنا ہوگا کہ کیا کسی منزل پر پہنچ کر تعلیم مکمل کہلا جاسکتی ہے — زمانہ اتنی تیزی کے ساتھ کروٹیں بدلتا رہتا ہے کہ آج جو اپنی تعلیم مکمل کرچکے ہیں کل نئے نظریوں نئے تقاضوں اور نئے حالات کے پیدا ہو جانے کی وجہ سے زمانہ سے پیچھے ہو جاتے ہیں۔ زمانہ کا ساتھ دینے کےلئے ضروری ہے کہ وہ نئے نظرئیے جانیں نئے تقاضے پہچانیں اور نئے حالات کا جائزہ لیں۔ اس ضرورت کو تسلیم کرنے کے معنی یہ ہیں کہ جس تعلیم کو مکمل سمجھا جا رہا تھا وہ نا مکمل بن گئی۔ دوسرے لفظوں میں جاننے پہچاننے سمجھنے اور سیکھنے کا زمانہ آتا ہی رہتا ہے۔ علم کی دیوی ہمیشہ عالم شباب میں رہتی ہے۔

غرض یہ چکر ختم ہی نہوگا اور پھر اس سے کون انکار کرسکتا ہے کہ تمام علوم و فنون پر قدرت حاصل نہیں کی جاسکتی۔ ایک عمر ایک علم کی تکمیل نہیں کراسکتی تو دنیا میں ہزاروں علوم و فنون ہیں۔ رہے وہ لوگ جو " تعلیم یافتہ "، کی صف میں نہیں ہیں تو ان کو تو ہر لمحہ تعلیم حاصل ہی کرنی پڑے گی کیونکہ وہ شروع ہی سے بے بہرہ رہتے ہیں۔ تعلیم دو قسم کی ہوسکتی ہے ایک وہ جو مدرسوں، کالجوں اور جامعات میں دی جاتی ہے۔ دوسری وہ جو رسالوں اخباروں، کتابوں، کتابچوں، فلموں، تھیٹروں، ناٹکوں، معاشرتی، جلسوں مباحثوں اور نشریات کے ذریعہ ملتی ہے۔ چاہے اسکو صاف صاف لفظوں میں تعلیم کہا جائے یا نظر فریب لفظوں میں " معلومات "، کہا جائے مفہوم ایک ہی ہے۔

تقریروں سے معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ اس سے انکار کرنا نشریات پر ظلم کرنا بلکہ نشریات کے ایک اعلی مقصد کی نفی کرنے کے مماثل ہے۔

نمایاں فرق | ہم اس مقصد کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں کہ آپ نشری تقریر کی ضرورت کو بھی تسلیم کرتے ہیں اور آپ کو اس سے بھی انکار نہیں کہ نشری تقریر سامعین کی معلومات میں اضافہ کرکے ایک قسم کی تعلیم قرار دی جا رہی ہے ۔

تقریریں عام مقامات پر بھی کی جاتی ہیں اور نشرگاھوں میں بھی ۔ ان دونوں میں زمین آسمان کا فرق ھوتا ہے ۔ عام مقامات یعنی پلیٹ فارم کی تقریروں کی خصوصیات یہ ھوتی ہیں ۔

(۱) مقرر حاضرین کو دکھائی دیتا ہے اور حاضرین مقرر کو دیکھ سکتے ہیں ۔

(۲) مقرر الفاظ اور خیالات کے علاوہ اپنی حرکات و سکنات کے ذریعہ بھی مافی الضمیر کو ادا کرسکتا ہے ۔

(۳) مقرر حاضرین کے رد عمل کا ہر لمحہ مطالعہ کرسکتا ہے ۔

(۴) مقرر تقریر کے دوران کو اس رد عمل کی روشنی میں گھٹا بڑھاسکتا ہے۔

(۵) عین تقریر کے وقت نئے اور زیادہ موثر نکات سجھائی دیں تو اوسی لمحہ ان پر خیال آرائی کرکے تقریز کو اور زیادہ دلکش بناسکتا ہے۔

ریڈیو کی تقریر اسٹوڈیو یعنی صدا خانہ کی خاموش فضاء میں کی جاتی ہے ۔ نہ مقرر سامعین کو دیکھ سکتا ہے اور نہ انکی تعداد کا اسکو کوئی اندازہ ھوسکتا ہے ۔ اسکی تقریر نشرگاہ سے پچاس گز کے فاصلہ پر کوئی بھی نہ سن رہا ہو مگر ھوسکتا ہے کہ ایک ہزار میل کے فاصلہ پر بہت سے لوگ سن رہے ھوں ۔ نشری مقرر خیالات کو صرف الفاظ سے ادا کرسکتا ہے اسکے پاس کوئی اور ذریعہ نہیں ھوتا ۔ سامعین دکھائی نہیں دیتے اس لئے کہ انکی تعداد معلوم ھوتی ہے نہ ان کا رد عمل ۔ وہ ایک بند کمرہ میں بیٹھا مسلسل بولتا رہتا ہے ۔ صرف اپنی کہے جاتا ہے کسی کی سنتا نہیں ۔

وقت کی پابندی ایک اہم عنصر ہے ۔ نشر کے دوران میں آدھے گھنٹہ کی کمی بیشی بھی قابل قبول نہیں ھوتی ۔ نشری مقرر ایسا نہیں کرسکتا کہ تقریر پسند کی جا رہی ہو تو اور کچھ دیر بولے ۔ یا نا پسند کی جارہی ہو تو فوراً ختم کردے ۔

نشری تقریر میں اسکی بھی گنجائش نہیں رہتی کہ دوران نشر میں کوئی نیا خیال یاد آجائے تو اوسے بھی شریک تقریر کرلے ۔

پلیٹ فارم کی تقریریں عام طور پر فی البدیہہ ھوتی ہیں ۔ اگر زبان سے غلط خیال یا غلط الفاظ نکل جائیں تو اوسی وقت انکی اصلاح کردی جاسکتی ہے ۔ ریڈیو کی تقریر پہلے سے لکھی اور پڑھی ھوئی ھوتی ہے ۔

شکوار سمجھوتہ | اور پروگراموں کی طرح تقریروں کا انتظام بھی کئی ہفتے پہلے کیا جاتا ہے۔
کہ مقرر کو سوچنے اور گھر میں مشق کرنے کا کافی موقعہ رہے۔ مقرر سامعین اور ارباب نشر
پسند الگ الگ ہوتی ہے ۔ ان تینوں میں سے کسی کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ۔

(الف) مقرر انھی عنوانوں پر بولنا چاہے گا جو اوس کے دائرۂ علم میں آتے ہیں ۔
(ب) سامعین یا تو ایسی معلومات حاصل کرنا چاہیں گے جو انہیں معلوم نہیں ہیں یا جن
، انکو دلچسپی ہے ۔
(ج) ارباب نشر ایسے عنوانات پر تقریریں مقرر کرینگے جو ان کے دماغ میں سمائیں ۔
ر ان تینوں میں کوئی خوشگوار سمجھوتہ نہو تو پروگرام کامیاب اور دلکش نہیں ھوسکتا ۔

ہم نے سمجھوتہ کی جو صورت نکالی ہے وہ یہ ہے ہم کہ اپنے مقرروں سے ان کی پسند کے
وان تحریر کے ذریعہ یا گفتگو کے دوران میں مانگتے رہتے ہیں ۔ ان خاص مقرروں کی تقریریں
ر کرتے وقت انکی پسند کے عنوانات کو سامنے رکھتے ہیں ۔

ہم سامعین کی پسند کا مطالعہ ”ندیم ،، کے نام آئے ہوئے خطوں سے کرتے رہتے
ں ۔ اسکے علاوہ ملک کے عام رجحانات ملک اور قوم کی ضروریات ہمارے پیش نظر رہتی ہیں ۔

ارباب نشر چونکہ سامعین اور مقررین سے ربط رکھتے ہیں اسلئے وہ دوسروں کے مقابلہ میں
دہ آسانی کے ساتھ اون موضوعات کا پتہ چلاسکتے ہیں جن پر تقریریں نشر کرائی جائیں تو
معین کی ضرورتیں بھی پوری ہوں گی اور دلچسپی بھی قائم رہیگی ۔ ارباب نشر بیشتر اوقات
ے اور سامعین کے دماغ سے سوچ کر عنوانات کا انتخاب کرتے ہیں ۔ وہ آمر نہیں بلکہ خادم
طرح غور کرتے ہیں ۔

ان تینوں عناصر کو ایک جگہ کرکے ایسا خاکہ مرتب کیا جاتا ہے جو قابل قبول بھی
. اور قابل عمل بھی ۔ ہم نے آذر سے ختم اردی بہشت سنہ ۱۳۵۷ف تک چھ ماہ کے لئے جن
ضوعات پر تقریریں مقررہ تعداد میں نشر کرانے کا تصفیہ کیا ہے وہ یہ ہیں ۔

ششماہی خاکہ عنوان	تعداد	عنوان	تعداد	عنوان	تعداد
سائنس	٦	طب وصحت	١٨	عمرانیات	١٨
سیاسیات	١٨	زراعت	٦	معاشیات	٢٤
ادب	١٨	صنعت	٦	حیدرآباد	١٨
حالات حاضرہ	١٢	تفریحی	٢٢	تعلیم	١٢

اس سال کی پہلی ششماہی میں ہم نے سلسلہ کی تقریریں رکھنے کی بجائے سلسلہ کے دوسرے
۔گرام رکھے ہیں جیسے ۔

(۱) نیا حیدرآباد (۲) ہمارا نعرہ (۳) سنی سنائی (۴) تعمیر دکن (۵) منظور ہے گزارش احوال واقعی (۶) ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے (۷) ہمارا دیس (۸) اسپورٹس پر تبصرہ (۹) قلمستان (۱۰) اخباری تبصرۂ (۱۱) جھلکیاں (۱۲) آج کا شعر اور نصیحت وغیرہ ۔

ہمارا طریقۂ کار | ہم سب سے پہلے اپنے ششاہی خاکہ کے عام موضوعات سے ذیلی عنوانات کا انتخاب کرتے ہیں ۔ اس انتخاب کے بعد ہم اس کےلئے مقرر کا انتخاب کرتے ہیں ۔ جیسا کہ اس سے پہلے کہا جاچکا ہے مقرروں سے انکی پسند کے موضوعات بھی حاصل کئے جاتے ہیں ۔ مقرروں کے بھیجے ہوئے عنوانات اور ششاہی خاکہ سے حاصل کئے ہوئے عنوانات میں ہم آہنگی پیدا کرکے ایک ہفتہ کی تقریریں چنی جاتی ہیں ۔

ہم اس کا دعوی نہیں کرسکتے کہ ہر موضوع پر اسکے ماہر کی تقریر نشر کرانے میں، ہمیشہ ہمکو کامیابی ہوئی ہے یا ہوسکتی ہے ۔ اول تو یہ دیکھنا ہوگا کہ کون کس کا ماہر ہے، دوسرے وہ ماہر ہماری مقرر کی ہوئی تاریخ پر تقریر نشر کریگا بھی یا نہیں ؟ کیا ہم مقرر کی پسند کی تاریخ پر اسکی تقریر نشر کرائیں تو وہ ہمارے ششاہی خاکہ اور پروگرام کی مصلحتوں کے مطابق ہوگی یا نہیں ؟

سب کی سب ماہرانہ تقریریں ہوسکتی ہیں اس کا ہم دعوی اسلئے نہیں کرسکتے کہ تقریر لکھنا مقرر کا کام ہے ۔ ہم مقرر کے محتسب نہیں ہوتے ، مقرر ہمارا مہمان ہوتا ہے ''گفتنی،، اور '' ناگفتنی ،، میں فرق کرنے کی اولین ذمہ داری مقرر کی ہوتی ہے ۔ البتہ اگر تقریر میں ایسے اجزاء شریک ہوں جو قابل اعتراض یا ناقابل نشر ہوں تو ہم مقرر کو اسطرف متوجہ کرتے ہیں ۔

دوسری صف اون مقرروں کی ہے جو اپنے مسودے ہماری کسی دعوت کے بغیر ہمارے پاس روانہ کرتے ہیں ۔ وہ بھی ہمارے مہمان ہوتے ہیں ۔ اون سے ہماری گزارش یہ ہے کہ وہ ہم کو اپنے ششاہی خاکہ کی تعمیل کرنے دیں ۔ ہم کسی تقریر کو اوس وقت تک شریک نہیں کرسکتے جب تک کہ اس عنوان کا نمبر خاکہ کے مطابق نہ آئے ۔ ارباب نشر کو اس کا کامل احساس ہے کہ ہفتوں تاریخ نشر کا انتظار کرنا کس قدر کٹھن ہے مگر ہفتوں پہلے پروگراموں کا انتظام نہ کیا جائے تو اس سے جو الجھنیں پیدا ہوتی ہیں اور پروگراموں کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے وہ ناقابل برداشت حد تک کٹھن ہے ۔

تیسری صف میں ایسے بیرونی مقرر آتے ہیں جو حیدرآباد دو چار روز کےلئے آگئے ہوں اور ہم ان کی ممتاز شخصیت کے پیش نظر اونکی تقریریں نشر کرائیں ۔

تقریر کی چوتھی قسم وہ ہے جسکا موضوع کسی اہم واقعہ سے تعلق رکھتا ہے مثلاً کسی غیر معمولی ہستی کا انتقال ہوگیا اور اس پر تقریر کرادی گئی وغیرہ ۔

ہمارے ملک میں ایک عام رجحان یہ پایا جا رہا ہے کہ جبتک نشرگاہ سے دعوت نشر نہ آئے اوس وقت تک اپنی آمادگی کا اظہار نہ کیا جائے ۔ اگر کوئی مقرر دیانت داری کے ساتھ یہ محسوس کرتا ہے کہ اسکی تقریر سامعین کی معلومات میں اضافہ کرے گی تو اسکا قومی فرض ہے کہ وہ ارباب نشر کو لکھے کہ وہ تقریر نشر کرنا چاہتا ہے ۔

نشرگاہ والے مختلف طریقوں سے نئے مقرروں کی تلاش میں لگے رہتے ہیں اسکے باوجود یہ جسمانی طور پر ممکن نہیں کہ نشرگاہ والے تمام ادیبوں اور مقرروں سے اچھی طرح واقف رہیں۔ اگر انہوں نے دعوت نہ دی ہو تو آپ دعوت کا انتظار کیوں کرتے ہیں ۔ نشرگاہ ایک عوامی ادارہ ہے ۔ اس پر ہر موزوں مقرر کا حق ہے ۔

ہم ملک کے تمام مقرروں سے اپیل کرتے ہیں کہ
اگر آپ کی صلاحیتوں کا ہمیں علم نہوسکا ہو تو ہمیں واقف کرائیے
اگر آپ اپنی تقریر سے پروگرام کی جاذبیت میں اضافہ کرسکتے ہیں تو اپنے خیالات سے آگاہ کیجئے ۔

چند عام باتیں | مسودہ نگار کو ان باتوں کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہئے ۔

(۱) تقریر کے لئے ایسا موضوع منتخب کیا جائے جس سے زیادہ سے زیادہ سننے والوں کو فائدہ ہو اور تقریر شروع سے آخر تک دلچسپ رہ سکے ۔
(۲) تقریر کی زبان نہایت آسان ہو۔
(۳) مسودہ نگار کو کم سے کم لفظوں میں زیادہ سے زیادہ خیالات ظاہر کرنے چاہیئں۔
(۴) مسودہ صاف خط میں لکھا جائے یا ٹائپ کروا کے بھیجا جائے ۔
(۵) مسودہ بھیجنے سے پہلے کئی بار تقریر پڑھ کر اسکے دوران کا اندازہ لگا لیا جائے ۔
(۶) مقرر کو وقت نشر سے کم از کم آدھا گھنٹہ پہلے نشرگاہ آ جانا چاہئے ۔
(۷) تقریر کا دوران دس منٹ کا ہونا چاہئے ۔
(۸) آواز کی رفتار کا اندازہ پہلے ہی سے کیا جانا چاہئے تا کہ تقریر وقت پر ختم ہو۔

ہمارے چند ممتاز مقرر

۱ - ابن علی صاحب
۲ - ابوظفر عبدالواحد صاحب
۳ - آغا حیدر حسن صاحب
۴ - ابراھیم جلیس صاحب
۵ - آفتاب حسن صاحب
۶ - انجم صہبائی صاحب
۷ - پروفیسر امتیاز حسین خاں صاحب
۸ - ڈاکٹر انور اقبال قریشی
۹ - بھارت چند صاحب کھنہ
۱۰ - مس پدمجا نائیڈو
۱۱ - مسز پریم لتا گپتا
۱۲ - جانکی پرشاد صاحب
۱۳ - جی - ایس بھان صاحب
۱۴ - حاجی غلام محمد صاحب
۱۵ - حبیب اللہ صاحب اوج
۱۶ - حسام الدین صاحب غوری
۱۷ - خواجہ حمید الدین صاحب شاھد
۱۸ - ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب
۱۹ - خوشحال سنگھہ صاحب
۲۰ - خواجہ محمد سعید صاحب
۲۱ - ڈاکٹر رحیم اللہ صاحب
۲۲ - ڈاکٹر رضی الدین صاحب صدیقی
۲۳ - سکندر علی صاحب وجد
۲۴ - سجاد ظہیر صاحب
۲۵ - سعیدہ مظہر صاحبہ
۲۶ - سکینہ بیگم صاحبہ
۲۷ - سجاد مرزا صاحب
۲۸ - ڈاکٹر سید محیٰ الدین قادری زور
۲۹ - سید محمد ھادی صاحب
۳۰ - سید علی اکبر صاحب
۳۱ - شہر یار کاؤس جی صاحب
۳۲ - شاھد صدیقی صاحب
۳۳ - عبدالرحمن خان صاحب
۳۴ - عبدالمجید صاحب صدیقی
۳۵ - پروفیسر عبدالقادر صاحب
۳۶ - علی اختر صاحب
۳۷ - عمر مہاجر صاحب
۳۸ - عزیز احمد صاحب
۳۹ - غلام دستگیر رشید صاحب
۴۰ - محمد فضل الرحمن صاحب
۴۱ - ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب
۴۲ - مظفر حسین شمیم صاحب
۴۳ - ڈاکٹر مظفر الدین صاحب قریشی
۴۴ - ڈاکٹر منور علی صاحب
۴۵ - پروفیسر منظور حسین صاحب شور
۴۶ - مرزا شکور بیگ صاحب
۴۷ - مناظر الحسن صاحب گیلانی
۴۸ - نذیر دھقانی صاحب
۴۹ - ڈاکٹر یوسف حسین خاں صاحب
۵۰ - مہندر راج صاحب سکسینہ

گاندھی جی

کون جانتا تھا کہ جمعہ جنوری کو ہندوستان کا ماھتاب گہنا جائے گا جبکہ ٹھنڈی نورانی کرنیں ساری انسانیت کو امن و شانتی کا پیغام دے رھی تھیں ۔ جب دنیا نے عد کے مبلغ کو تشدد کے ھاتھوں ختم ھونے کی یہ اطلاع سنی تو اس کے خرمن ھوش پر بجلی سی گرۃ محسن کشی اس سے بڑھ کر بھی ھوسکتی ھے کہ جس کھویا نے قوم کی ڈوبتی کشتی کو غلا بھنور سے نکال کر آزادی کے ساحل تک پہنچایا اس کو موت کے گھاٹ اتار دیا جائے ؟

جب ھم نے غروب آفتاب کے وقت دلی سے دل ھلا دینے والی یہ خبر سنی تو ھ کے دل درد میں ڈوب گئے ۔ نشر گاہ حیدرآباد مغموم دلوں کی آواز بن گئی ۔ ھم نے ”گاندھی کے احترام میں پہلی مرتبہ پانچ منٹ تک خاموشی اختیار کی یہ اطلاع آگ کی طرح پھیلی او رھنماؤں اور عہدہ داروں نے نشرگاہ آن کر اپنے تاثرات کا اظہار کیا ۔ ۳۰ ۔ جنوری سے یکم فر تک نشرگاہ حیدرآباد نے گاندھی جی سے متعلق پروگرام پیش کئے ۔

۳۰ ۔ جنوری کی رات کو عزت مآب پنگل ونیکٹ رامارایڈی صاحب نائب صدر اعظم دولت نے گاندھی جی کی موت پر اپنے تاثر کا اظہار فرمایا پھر عزت مآب جے ۔ وی جوشی صاحب صدر صنعت و تجارت نے اپنا پیام نشر فرمایا ۔ ان کے بعد صدیق دکن مولوی قاسم رضوی صاحب مملکتی مجلس اتحاد المسلمین عزت مآب مولوی یامین زبیری صاحب صدر المہام حکومت مۃ لیبر اور عزت مآب مولوی عبد الرؤف صاحب صدر المہام تعمیرات نے اپنے بیانات نشر فرم دوسرے قابل ذکر اصحاب میں بیرسٹر اکبر علی خان صاحب رمنک لال صاحب یا رکن مجلس مقننہ بیرسٹر سری کرشن صاحب ریورنڈ پیج ۔ ریورانڈمارکو ۔ مولوی ابوالخیر صاحب معتمد مجلس اتحاد المسلمین اور شیام سندر صاحب صدر انجمن پست کردہ اقوام اور واسدیو سا صاحب شامل ھیں یکم فروردی کو ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم نے گاندھی جی سے متعلق نشر فرمائی ۔ اسی رات ” دھرتی کا لال “ کے عنوان سے محمد ثناء اللہ صاحب کا لکھا ھوا پروگرام پیش کیا گیا ۔

۳۱ ۔ فروردی سنہ ۱۳۵۷ ف کو نشر گاہ حیدرآباد نے پنڈت جواھر لال نہرو وزیر ہندوستان ۔ سر دار پٹیل کی تقریریں آل انڈیا ریڈیو سے ریلے کیں ۔

یکم فروردی کو مسز سروجنی نائیڈو گورنر یو پی اور آچاریہ کرپلانی کی اصل نشری تقـ کے ریکارڈ تیار کرکے نشر کئے گئے ۔

۲ - فروردی کو گاندھی جی کے انتقال پر نظام کالج میں نواب اکبر یار جنگ بہادر کی صدارت میں جو تعزیتی جلسہ ترتیب دیا گیا تھا جس میں مولوی قاسم رضوی صاحب صدر مملکتی مجلس اتحاد المسلمین بی کشن راؤ اور دیگر ممتاز قائدین شریک تھے اس جلسہ کی کارروائی راست نشر کی گئی۔

۶ - فروردی کو لیڈی حیدری کلب کی جانب سے گاندھی جی کے تعزیتی جلسے کی کارروائی راست نشر کی گئی۔

۳ - فروردی سنہ ۱۳۵۷ف کو رات کے پروگرام میں ہم نے گاندھی جی کے سوگ میں خواتین کے لئے رات میں خاص پروگرام پیش کیا جس میں گاندھی جی کے پسندیدہ بھجنوں کے علاوہ ارمیلا دیوی کی نظم اور سوشیلا دیوی کی تقریر بھی شریک تھی۔

ہندوستان کے اس محسن اعظم کی المناک وفات پر بعض ممتاز خواتین کے پیامات نشر کئے بیگم حفیظ کے تاثرات یہ ہیں۔

" گاندھی جی بلاشبہ ایک عظیم ہستی تھے - بقول علامہ اقبال؂ ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا - وہ "شہید اتحاد" تھے۔

مسزز پریم لتا گپتا نے اپنے دکھ کو یوں ظاہر کیا - "

"سارے ہندوستان پراندھیرا چھا گیا - راشٹرپتی اٹھ گئے اب ہمارا فرض ہے کہ ہم ان کے بتائے ہوئے راستے پر چلیں -

بیگم حسین علی خاں نے کہا -

" گاندھی جی" کی المناک موت ایک سانحہ عظیم ہے - ان کی روح کوخوش کرنے کے لئے ہمیں باھمی جھگڑوں کو ختم کرنا چاہئے "-

مس لیلا منی نائیڈو نے یہ بیان دیا -

" مہا تما گاندھی ایک انسان تھے لیکن انہوں نے اوتاروں کی طرح بنی نوع انسان کی خدمت کی - ان کی موت نے ایک قوم کو زندگی عطا کی ہے دعا ہے کہ اس درخشان شخصیت کی یاد دلوں کے تاریک ترین گوشوں کو اجالا دے -

" گاندھی جی کے کھلے ہوئے دونوں ہاتھوں کی پناہ پر اختلاف مٹ جاتا ہے وہ ہم میں نہیں رہے لیکن ہم کو یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ وہ ہمیں چھوڑ گئے وہ امر ہیں - ان کی تعلیمات امر "-

بچوں کے پروگرام میں بھی گاندھی جی سے متعلق بات چیت اور خاص پروگرام نشر کئے گئے تلنگی، کنڑی ، فارسی ، اور عربی نشریات میں بھی گاندھی جی سے متعلق خاص پروگرام پیش کئے - اعلی حضرت بندگان اقدس کے فرمان مبارک کی تعمیل میں گاندھی جی کے سوگ یعنی تمام سرکاری دفتروں اور مدرسوں کو تعطیل رہی -

ذیل میں چند ممتاز رہنماؤں اور عہدہ داروں کے تعزیتی پیامات پیش کئے جاتے ہیں جو گاندھی جی کی وفات پر نشر کئے گئے -

---

پیام عزت مآب نائب صدر آعظم آنریبل پنگل ونکٹ راما ریڈی

آج صدراعظم بہادرکی عدم موجودگی میں میں آپ کو مخاطب کر رہا ہوں آج شام میں جو سانحہ واقع ہوا ہے اس سے ہر شخص کا دل بلا لحاظ مذہب و ملت یا فرقہ از حد مغموم ہے حیدرآباد میں جو صدیوں سے ہندو مسلم اتحاد کا گھوارا رہا ہے مہاتما گاندھی کے انتقال پر جو اس فرقہ وارانہ منافرت کے زمانہ میں اس اعلی مقصد کے سب سے بڑے حامی اور علمبردار تھے غیر معمولی رنج اور افسوس کا اظہار کیا جا رہا ہے - اس سانحہ میں ہم سب کے لئے ایک بہت بڑا سبق ہے اور وہ یہ ہے کہ فرقہ وارانہ جذبات کو ابھارنا کسقدر خطرناک نتائج پیدا کرسکتا ہے کہ خود ان کے ابھارنے والے بعد میں ان پر قابو نہیں پاسکتے اور نتیجہ میں ایک ایسا بہیانہ فعل اس شخص کے خلاف سرزد ہوجاتا ہے جو امن شانتی اور محبت کا پیغمبر رہا ہے اس سلسلہ میں ہندوستان کے ہرایک باشندہ کو اپنے حالات اور خیالات کا جائزہ لینا چاہئے اور غور کرنا چاہئے کہ ان کے خیالات میں فرقہ وارانہ منافرت کا زہر کس قدر اثر کرگیا ہے - اور اس کو فی الفور نکال پھینکنا چاہئے انسانیت رواداری باعزت مفاہمت اور مساویانہ برتاو میں ہندوستان کی آزادی برقرار رہ سکتی ہے دہشت ناک افعال اور فرقہ وارانہ منافرت بڑی سے بڑی فوجی قوت کے باوجود کسی ملک کا امن برقرار نہیں رکھ سکتے -

آخر میں مہاتما گاندھی کی آتما کو شانتی اور ویکنٹھ پالتی کرنے کے لئے بھگوان سے پرارتھنا کرتے ہوئے کل بتاریخ ۳۱ - اسفندار کو تعطیل کا اعلان کرتا ہوں -

پیام آنریبل عبد الرؤف صاحب
صدر المہام تعمیرات

گاندھی جی کے ارتحال کی خبر نے ہندوستان کے ہر فرد کے دل میں بلالحاظ مذہب و ملت ایک غم کی لہر دوڑادی ہندو مسلم اتحاد کا علمبردار اتحاد کے پیغام کو سناتا ہوا اور اتحاد کی تمنا دل میں لئے ہوئے چل بسا۔

نہ صرف ہندوستان بلکہ سارے عالم کے لئے اس عظیم المرتبت شخصیت کی جدائی ہم سب کے ملال کا باعث ہے۔

پیام آنریبل مولوی یامین زبیری صاحب
صدر المہام حکومت مقامی

اہمسا اور عدم تشدد کے سب سے بڑے رہنما گاندھی جی کی موت کی خبر ملک کے گوشہ گوشہ میں آناً فاناً پھیل گئی۔ یہ واقعہ جسقدر مذموم اور افسوسناک ہے اسی قدر حیرت انگیز بھی ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس قابل نفرت اقدام کے محرکات کا پتہ لگانا چنداں مشکل نہیں ہے۔ ابھی چند دن قبل گاندھی جی جس وقت ہندوستان کی بسنے والی مختلف قوموں کو درندگی خونریزی سفاکی اور ہلاکت سے بچانے کے لئے اپنی جان کی بازی لگادی تھی تو بعض گوشوں سے یہ آواز اٹھنے لگی کہ گاندھی جی کو اب سیاست سے کنارہ کشی اختیار کرلینی چاہئے۔ اور بعض ذمہ دار افراد نے یہ تک کہہ دیا کہ ہم نے گاندھی جی کے برت کو اپنی مرضی سے ختم نہیں کروایا ہے۔

کچھ دنوں کی بات ہے کہ ایک بار بم کے ذریعہ گاندھی جی کے ضروری وجود کو مٹانے کی کوشش کی گئی تھی وقت کی بات تھی کہ یہ کوشش ناکام رہ گئی۔ لیکن اس دفعہ بدنصیبی سے امن دشمن اپنی مساعی میں کامیاب ہوگئے۔

اس واقعہ سے اس رجحان اور ذہنیت کا پتہ چلتا ہے جو اس وقت ہندوستان کے امن دشمن عناصر پر چھائی ہوئی ہے اور جسنے اہمسا اور عدم تشدد کی اس سر زمین کو سارے عالم میں رسوا کر رکھا ہے۔

مین نے بار ہا کہا ہے اور اب بھی یہی کہونگا کہ ہماری سیاسی گتھیاں کبھی اس انداز سے سلجھائی نہیں جاسکتیں ۔ اور نہ یہ انداز فکر و عمل کسی قوم کو اسکی منزل مقصود تک پہنچاسکتا ہے
آخر میں ان کروڑوں افراد کو تعزیت ادا کرتا ہوں جن کو گاندھی جی کی موت نے روحانی اخلاق اور معنوی حیثیت سے یتیم بنا دیا ہے اور اپیل کرتا ہوں کہ گاندھی جی نے اپنی عظیم الشان زندگی میں امن ۔ ہمدردی غم خواری اور محبت کا جو پیام دیا تھا اسکو عام کرنے کا تہیہ کرلیں اس وقت بلا استثناء ہر ہندوستانی کا یہ فرض ہے کہ وہ عہد کرے کہ اب اپنی زندگی عالمگیر محبت اخوت اور نوع انسانی کی خدمت گزاری کے لئے وقف کردے گا ۔ صرف اسی طرح گاندھی جی کی پر عظمت اور غیر فانی زندگی کا مقصد پورا ہوسکتا ہے ۔

پیام مولوی قاسم رضوی صاحب
صدر مجلس اتحادالمسلمین

گاندھی جی کا انتقال صرف ہندوستان کے لئے نہیں بلکہ ساری دنیا کے لئے ایک سانحہ عظیم ہے ۔ ایسی شخصیتیں کسی ملک کی میراث نہیں ہوا کرتیں بلکہ عالمی ہوتی ہیں ۔گاندھی جی کی خدمات ایسی تھیں کہ انکے ہم مذہب انکو مہاتما سمجھتے اور دوسرے سب ان کی عظمت کرتے ۔

ہندوستان جیسے مختلف مذاہب و ملل رکھنے والے ملک کے لئے گاندھی جی کی ہستی زنجیر کی درمیانی کڑی تھی ۔ ملک کی بدنصیبی کہ آج وہ توڑ ڈالی گئی ۔ اشخاص مرجاتے ہیں مگر ان کا پیغام زندہ رہتا ہے ۔ میں ہندوستان کے تمام باشندوں سے متوقع ہوں کہ اگر ان کے دل میں گاندھی جی کی قدر و منزلت تھی تو وہ گاندھی جی کے پیغام کو ہمیشہ زندہ رکھیں گے ۔ ورنہ ہندوستان تباہ و برباد ہوجائے گا ۔

میں مسلمانان دکن سے متوقع ہوں کہ وہ اظہار غم کے لئے اپنے معمولی کاروبار دفاتر و مدارس بند رکھیں گے ۔

پیام شیام سندر صاحب قائد پست کردہ اقوام

دل غم سے بھر آرہا ہے میں کچھ کہنے کے قابل نہیں روز انہ جس کے متعلق کہتے کہتے زبان نہیں تھکتی تھی ۔ آج وہی زبان ساتھ دینے سے عاجز ہے ۔ جسنے نراشا کی دنیا کو آشا

دنیا بنائی ۔ جسنے شکست کو فتح کا راستہ دکھایا ۔ جسنے ہندوستان کی غلامی کو آزادی کی زندگی عطا کی وہی آج ہم سے جدا ہے جوں ہی دنیا نے یہ خبر سنی سوگوار ہوگئی وہ ہستی اٹھ گئی جو ہر وقت ہندوستان کے ہر خطرے میں شمع راہ بن کر ہمیں راہ دکھاتی تھی میں مرنے اور جینے کے فلسفے سے علیحدہ ہوکر اتنا کہہ سکتا ہوں کہ ہر گھڑی انسان پیدا ہوتے اور مرتے ہیں ۔ مرنا کوئی مشکل امر نہیں ہے پیدا ہونا کوئی بڑا کام نہیں لیکن اوروں کی زندگی کے لئے آپ قربان ہو جانا انسانیت کی سب سے بڑی فتح ہے۔ مہاتما گاندھی نے آج یہ فتح حاصل کی۔ مہاتما کی کوشش انتھک اور خیالات بے پایاں تھے۔ مہاتما نے جو فیصلہ کیا اس کو اپنی زندگی کا مقصد قرار دیا وہ اس مقصد کو حاصل کرنے کےلئے کبھی دریغ نہ کرتے ہر وقت جان کی بازی لگا دینے ہر وقت برت اور ہر گھڑی مصیبت جیھلنے تیار ہوتے ۔ مہاتما نے نہ صرف ہریجنوں کے لئے برت رکھا نہ صرف غریبوں کی سیوا کے لئے مرن برت رکھا اور نہ صرف ہندو مسلم اتحاد کے لئے مرن برت رکھا بلکہ اپنے آخری برت میں مہاتما نے صداقت کی حفاظت کی خاطر اور ظلم و زیادتی کو روکنے کےلئے مندروں کے خلاف مسجدوں کی حفاظت کےلئے بھی مرن برت رکھا ۔ وہ ہم سے آج جسمانی حیثیت سے جدا ہوچکے لیکن ان کی روح تمام دنیا میں کار فرما رہیگی ۔ جاگتی دنیا تک وہ یونہی اثر انداز رہینگے ۔ جیسا کہ سری کرشن کی گیتا ۔ گوتم کے اپدیش زندہ ہیں ۔ مہاتما کی آواز پوری دنیا کی آواز بن کر ایک پیار اور اہمسا کا پرچار کرے گی ۔ اپنی قوم کے ہاتھوں میں ہتیار مہاتما کےلئے ناقابل برداشت تھے۔ اوز انھوں نے اپنے آخری دن ان ہتیاروں کو قوم سے چھین لیا ۔ اہمسا کا سبق دیکر تشدد کو شکست دی مہاتما نے آج کامل فتح حاصل کی اہمسا نے آج تشدد کو شکست دی ۔ مہاتما کا خون بھارت ماتا کے دامن پر ہمیشہ دمکتے رہےگا اور یاد دلاتا رہےگا کہ دنیا کی ایک بڑی شخصیت جس نے ظلم کے پنجے کو عدم تشدد کے ذریعہ موڑ دیا تھا وہی بالاخر ظلم کا شکار ہوئی۔

مرزا شکور بیگ

گاندھی جی

پیغام اتحاد سنا کر چلے گئے
بنیاد دشمنی کی ہلا کر چلے گئے

سب پچھلی باتیں یاد دلا کر چلے گئے
اک آگ سی دلوں میں لگا کر چلے گئے

پتوں میں تھا خلوص تو پھولوں میں تھی وفا
ایسی بہار سب کو دکھا کر چلے گئے

انسانیت کے نام پہ خود اپنی جان دی
جاتے ہوئے بھی سب کو ملا کر چلے گئے

دنیا میں آج ہے صف ماتم بچھی ہوئی
نشتر سی اپنی یاد بنا کر چلے گئے

اب موت ہی مٹائے تو شائد یہ مٹ سکیں
ایسے نقوش دل پر بٹھا کر چلے گئے

تا عمر بھر سرور کا آتا رہے مزا
الفت کے خوب جام پلا کر چلے گئے

ہر رونگٹا ہے محو فغاں اس لئے کہ وہ
غم خانہ حیات میں آ کر چلے گئے

ہو چین ان کی روح کو پروردگار جو
گہرائیوں میں دل کو سما کر چلے گئے

مرزا مجھے یہ ہوتا ہے محسوس ہر گھڑی
جیسے وہ میری روح پہ چھا کر چلے گئے

کنول پرشاد کنول

۳۰ - جنوری کی خونی شام

کیسا ہے آج سارے زمانے میں انتشار
ہر برگ و گل اداس چمن سارے سوگوار

آنکھوں میں اب ستاروں کی وہ شوخیاں نہیں
صحن چمن میں آج وہ رنگینیاں نہیں

کاٹے سے کھا رہے ہیں ہمیں آج بام ودر
اور حسرتوں کا راج ہے سارے جہان پر

آنکھوں سے ٹوٹتے ہی نہیں آنسوؤں کے تار
کیوں منہہ کو آرہا ہے کلیجہ یوں بار بار

انسانیت کی نفس پہ عالم ہے اشکبار
بر باد ہائے ہو گیا فطرت کا شاہکار

وہ شانتی کا دوت سچائی کا دیوتا
آیا تھا جگ میں لے کے جو اوتار پریم کا

الفت کے طور جسنے جہاں کو سنائے تھے
نغموں سے پریم کے بجھے دیپک جلائے تھے

جس نے سدا حیات کے پرچم اڑائے تھے
کتنی ہی بار موت کے چھکے چھڑائے تھے

چرخہ چلا کے اس نے وہ جادو جگائے تھے
دشمن کو باندھ لیتا تھا دھاگوں میں سوت کے

وہ جو گیا تو نیند سی نغموں کو آگئی
اک خامشی سی موت کی دنیا پہ چھا گئی

دو گولیوں نے لوٹ لی دولت جہاں کی آج
اس پاک خون میں بہہ گئی قوم و وطن کی لاج

یہ کیا ہوا اک آن میں دنیا بدل گئی
سورج کو دو پہر میں سیاہی نگل گئی

شعلہ جو اک جہان کو جلنا سکھا گیا
تاریکیوں میں آج وہ کیوں کر سما گیا

صدیوں رہے گا غم میں وطن جس کے سوگوار
آج اٹھ گیا وہ ہند کا بے تاج شہر یار

پیر یکم اردی بہشت سنہ ۱۳۵۷ ف

یکم مارچ سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ

۹ - ۰ سرسوتی بائی غزلیں
(۱) کسی غریب کی دنیامٹائی جاتی ہے
(۲) میں ستم رسیدۂ عشق ہوں مجھے یوں نظر سے گرا نہ دے

۹ - ۱۵ اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ عزیز الرحمن - غزل - خرد کے پاس خبر کے سوا کچھ اور نہیں
گیت - پریم ہے جیون کی اک بھول

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

دوپہر — دوسری نشر

۱ - ۰ منتخب ریکارڈ

۱ - ۴۵ اردو میں خبریں

۱ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۱ - ۵۵ ریکارڈ اور اعلان سنئیے

۲ - ترانہ دکن

شام — تیسری نشر

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ سرسوتی بائی - دو گیت
(۱) پنچھی باورا چاند سے پیت لگائے
(۲) پریتم مکھ دیکھلا جا

۵ - ۲۰ عزیز الرحمن غزل - چاھتا ہوں انجمن آرائیاں

۵ - ۳۰ **کنڑی نشریات**
وائلن "ہندوستانی قبائل"، تقریر نرسھوا ن آچاریہ - ریکارڈ

۶ - ۰ **تلنگی نشریات (شہریوں کے لئے)**
آرکسٹرا "حیدر آباد کے زرعی مسائل"، تقریر بی - وی رمنا راؤ - ریکارڈ - خبریں

۶ - ۳۰ **تلنگی نشریات (دیہاتیوں کے لئے)**

۷ - ۰ **بچوں کے لئے**
اس شعر سے سبق لو - چھوٹے بچوں کا پروگرام - آج کی نصیحت

۷ - ۳۰ سرسوتی بائی - گیت
کاھے من بیچین سجن

۷ - ۳۵ عزیز الرحمن غزل - جب تمہارا خیال ہوتا ہے

۷ - ۴۵ سرسوتی بائی - ٹھمری -
نیر بھرن کیسے جاؤں
غزل - سوز دل اے دل بے تاب کہاں سے لاؤں

۸ - ۰ "سنی سنائی"

۸ - ۵ ہمارا نعرہ (کورس نمبر ۵۸)

۸ - ۱۰ "دمدار ستارہ"، تقریر - عبدالرحمن خاں

۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ مرھٹی میں خبریں

۹ - ۰ کنڑی میں خبریں

۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۱۵ "بین اور ستار"، (ریکارڈ)

۹ - ۳۰ "پسند اپنی اپنی"، (فرمائشی ریکارڈ)

۱۱ - ۰ ترانہ دکن

منگل ۲۔ اردی بہشت ۱۳۵۷ ف

۲۔ مارچ سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — **پہلی نشر**

وقت	پروگرام
۸ - ۳۰	شریمد بھگوت گیتا کے اشلوک اور ترجمہ ۔ پنڈت رام نواس شرما
۸ - ۴۵	سادھو سنگھ ۔ بھجن (۱) موھن مرلی بجا کر کدھر کو گیا (۲) عمریا دھوکہ میں کھوئے دیو
۹ - ۰	جو تیکا رائے ۔ بھجن (ریکارڈ)
۹ - ۱۵	اردو میں خبریں
۹ - ۲۰	فلمی بھجن (ریکارڈ)
۹ - ۳۰	ترانہ دکن

دوپہر — **دوسری نشر**

وقت	پروگرام
۱ - ۰	منتخب ریکارڈ
۱ - ۴۵	اردو میں خبریں
۱ - ۵۰	تلنگی میں خبریں
۱ - ۵۵	ریکارڈ اور اعلان سنئیے
۲ - ۰	ترانہ دکن

شام — **تیسری نشر**

وقت	پروگرام
۵ - ۰	اردو میں خبریں
۵ - ۵	شیلا بائی ۔ خیال بھیم پلاس ۔ اب تو بری بیر بھئی
۵ - ۲۰	زاھد علی ۔ غزل ۔ کسی کے ایک اشارے میں کس کو کیا نہ ملا(فانی) گیت ۔ تم نے آگ لگادی من میں
۵ - ۳۰	**مرھٹی نشریات** بالکشن راؤ ۔ مرھٹی پد ۔ ''کتابی تبصرہ،، تقریر پروفیسر ماڑھے کر ۔ بالکشن راؤ ۔ بھاؤ گیت ۔
۶ - ۰	**تلنگی نشریات** (شہر یوں کے لئے) گانا ''حیدرآباد میں جبری تعلیم،، تقریر جے سوریا پرکاش راؤ ۔ گانا خبریں
۶ - ۳۰	**تلنگی نشریات** (دیہاتیوں کے لئے)
۷ - ۰	**بچوں کے لئے** اس شعر سے سبق لو ۔ پچھلے ہفتہ کی خبریں ۔ کام کی باتیں(خانصاحب و میرصاحب) ۔ گانا ۔ کہانی ۔ آج کی نصیحت
۷ - ۳۰	اعلان سنئیے
۷ - ۴۵	طالب علموں کے لئیے
۸ - ۰	'' سنی سنائی ،،
۸ - ۵	ھمارا نعرہ (کورس نمبر ۹)
۸ - ۱۰	''کیا تیسری جنگ ھوگی،، تقریر ۔ ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم
۸ - ۲۰	تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰	اردو میں خبریں
۸ - ۴۰	انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰	مرھٹی میں خبریں
۹ - ۰	کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰	ضروری اطلاعیں

۹-۰۰ زاهد علی - غزل - اگر کی ترک مئے هم نے تو من جانے پہ کیا گزری گیت - جب تم هی نہیں اپنے	۱۰-۳۰ زاهد علی - غزل - هم عشق میں مسرت و غم دیکھتے نہیں (شہزادہ والا شان حضرت شجیع)
۹-۳۰ شیلا بائی - خیال بہاگ - کون ڈھنگ تورا	گیت - کس کو سنائیں من کی بات
۹-۴۵ "خواتین کے لئے دور رس پروگرام"	۱۰-۴۵ شیلا بائی - بھجن اور بھاؤ گیت
۱۰-۱۵ "انعامی مقابلہ" (ریکارڈ سنکر خط لکھئیے)	۱۱-۰۰ ترانہ دکن

ریڈیو کی نئی زبان اور اشارے

ایک انگریز ایک امریکی نشرگاہ پہنچا تو اسٹوڈیو کے ایک کارکن نے اسکو اور اسکے رهبر کو مخاطب کرکے انگریزی میں کچھ کہا جسکا لفظی ترجمہ یہ ھے -

" آپ دونوں صاحبان مچھلی دانوں (Fish fowl) کی طرف جائیں - میں وهیں ملوں گا - هم ابھی حرکت قلب بند هونے کا انتظام شروع کرنے والے هیں - پریوں کے دینی باپ اور اسکاوٹ ماسٹر کا انتظار ھے "۔

اسی انگریز کا بیان ھے کہ اوپر کی گفتگو کا صحیح ترجمہ یہ ھے "۔

" آپ دونوں صاحبان اسی کھڑکی کی طرف جائیں جہاں سے شیشے میں ریہرسل دیکھ سکتے هیں۔ میں وهیں ملوں گا - هم ابھی ریہرسل کا انتظام شروع کرنے والے هیں پروگرام پیش کرنے والوں کا انتظار ھے " -

اسی طرح بعض دوسرے الفاظ کے امریکی متبادل بھی دلچسپی کی خاطر ملاحظہ کیجئے۔

(۱) آرکسٹرا کنڈاکٹر - سوا

(۲) مائی کروفون چالو ھے - مائکروفون گرم ھے -

(۳) مائی کروفون بند ھے - مائکروفون مردہ ھے -

آخری مگر سب سے پر لطف بات یہ ھے کہ ایک امریکی اسٹوڈیومیں پروگرام شروع هونے کا وقت آگیا تھا - دو ایک سکنڈ میں وہ اسٹوڈیو چالو هو جانے والا تھا - ایک عہدہ دار نے گانے والے کی طرف گھور کر دیکھنا شروع کیا اور اپنی ناک پکڑلی - گانے والے نے خیال کیا کہ وہ عہدہ دار اپنی ناک پکڑ کر گانے والے کی هتک کررها ھے - چونکہ دو ایک سکنڈ بعد اسٹوڈیو چالو هوگیا اس لئے اسنے گانا تو نشر کردیا مگر اس کو بہت برا معلوم هوا -

پروگرام کے بعد جب اوس نے دوسروں سے شکایت کی کہ فلاں شخص نے اسکی اس طرح هتک کی تو انہوں نے اس گانے والے کو سمجھایا کہ ناک پکڑنے سے اسکی هتک مقصود نہیں تھی بلکہ یہ ایک قسم کا اشارہ ھے کہ دو ایک سکنڈ میں نشر شروع هونے والی ھے -

چہارشنبہ ۳۔ اردی بہشت سنہ ۱۳۵۷ ف

۳۔ مارچ سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ استادی عام پسند اور فلمی گانے (ریکارڈ)
۹ - ۱۵ اردو میں خبریں
۹ - ۲۰ منتخب ساز (ریکارڈ)
۹ - ۳۰ ترانۂ دکن

دوپہر — **دوسری نشر**

۱ - ۰ منتخب ریکارڈ
۱ - ۴۵ اردو میں خبریں
۱ - ۵۰ تلنگی میں خبریں
۱ - ۵۵ ریکارڈ اور اعلان سنئے
۲ - ۰ ترانہ دکن

شام — **تیسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں
۵ - ۵ لکشمن راؤ۔ بھجن۔
گردھریا رنگ لائی سکھی ری
غزل۔ مری آہ رنگ دکھا گئی
مرے نالے کام یہ کر گئے (معین)
۵ - ۲۰ کنیز فاطمہ۔ دو گیت۔
(۱) سجنی پردیسی بلم پردیسی
(۲) آجا آجا او جانے والے
۵ - ۳۰ **فارسی نشریات**
ریکارڈ " حیدرآباد کا نظم و ضبط "
تقریر۔ آقا محمد علی کربلائی۔ ریکارڈ
ہفتہ وار اخباری تبصرہ۔

۶ - ۰ **تلنگی نشریات** (شہریوں کے لئے)
ستار " ہماراموازنہ " تقریر
ایم-یس- ھنمنت راؤ ریکارڈ۔ خبریں
۶ - ۳۰ **تلنگی پروگرام** (دیہاتیوں کے لئے)
۷ - ۰ **بچوں کے لئے**
اس شعر سے سبق لو
" ہمارا دیس " (سلسلہ)
خاص پروگرام
آج کی نصیحت
۷ - ۳۰ اسپورٹس (تبصرہ) بھارت چند کھنہ
۷ - ۴۵ " تعمیر دکن " (سننے والوں کا خاص پروگرام)
۸ - ۰ " سنی سنائی "
۸ - ۵ ہمارا نعرہ (کورس نمبر ۶۰)
۸ - ۱۰ " ہائے دلی " تقریر آغا حیدر حسن
۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰ اردو میں خبریں
۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰ مرہٹی میں خبریں
۹ - ۰ کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں
۹ - ۱۵ گیت (منتخب ریکارڈ)
۹ - ۳۰ یوروپی موسیقی (ریکارڈ)
۹ - ۴۵ " تعلیم اور نظام نو " انگریزی تقریر ڈاکٹر شنڈارکر
۱۰ - ۰ یوروپی موسیقی (ریکارڈ)
۱۱ - ۰ ترانہ دکن

جمعرات ۴ ۔ اردی بہشت سنہ ۱۳۵۷ ف

۴ ۔ مارچ سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰	منتخب ریکارڈ
۸ - ۵۰	عبد الصمد خاں ۔ استادی گانا
۹ - ۵	نور جہاں بیگم ۔ گیت ۔ سونا ہے آنکھوں کا مندر
۹ - ۱۵	اردو میں خبریں
۹ - ۲۰	نور جہاں بیگم ۔غزل ۔ یاد کر وہ دور گل اے آفت جاں یاد کر
۹ - ۳۰	ترانہ دکن

دوپہر — دوسری نشر

۱ - ۰	منتخب ریکارڈ
۱ - ۴۵	اردو میں خبریں
۱ - ۵۰	تلنگی میں خبریں
۱ - ۵۵	ریکارڈ اور اعلان سنئے
۲ - ۰	ترانہ دکن

شام — تیسری نشر

۵ - ۰	اردو میں خبریں
۵ - ۵	عبد الصمد خاں ۔ خیال پوریا دھناسری ۔ چنڈرا جگ وا (بلمپت) ڈیلیا جھنکار (درت)
۵ - ۲۰	کنھیا لال ۔ ٹھمری ۔ سیجیا اکیلی دکھ دے
۵ - ۳۰	مرہٹی نشریات ریکارڈ " بالک عروسہ میں زرعی ترقی تقریر کیشوراؤ ناداپور کر ۔ ریکارڈ
۶ - ۰	تلنگی نشریات (شہریوں کے لئے) گانا " نیا حیدرآباد " (سلسلہ) تقریر کے سیتا رامیا ۔ گانا ۔ خبریں
۶ - ۳۰	تلنگی نشریات (دیہاتیوں کے لئے)
۷ - ۰	بچوں کے لئے اس شعر سے سبق لو " نورس " (لڑکیوں کا پروگرام) آج کی نصیحت
۷ - ۳۰	نور جہاں بیگم ۔ دادرا ۔ لاگیں موری انکھیاں غزل۔ چین جی بھرکے تہ چرخ ستم گر نہ ملا
۷ - ۴۵	کنھیا لال ۔ ٹھمری ۔سیاں بدیس گئے غزل ۔ پہلی سی آپکی وہ طبیعت نہیں رہی (جامی)
۸ - ۰	" سنی سنائی "
۸ - ۵	ہمارا نعرہ (کورس نمبر ۱)
۸ - ۱۰	" فلسطین اور بین الاقوامی سیاست " تقریر اکبرعلی موسوی
۸ - ۲۰	تلنگی میں خبریں
۸ - ۳۰	اردو میں خبریں
۸ - ۴۰	انگریزی میں خبریں
۸ - ۵۰	مرہٹی میں خبریں
۹ - ۰	کنڑی میں خبریں
۹ - ۱۰	ضروری اطلاعیں

۹ - ۱۵	اسٹوڈیو آرکسٹرا
۹ - ۲۰	عبد الصمد خان ۔ خیال ماروا بھاگ
	رسیا ہو نہ جانی (بلمپت)
	تپت مورےمن کی کون بجھائے (درت)
۹ - ۳۰	'' ریڈیو کی ڈاک ،، ندیم
۹ - ۴۵	نورجہاں بیگم ۔گیت ۔
	(۱) گاؤں کی گلیوں کو ویراں کر گئے
	(۲) اوسلو نے پیا
۱۰ - ۰	''نیا حیدرآباد (سلسلہ نمبر ۳۱)
	خاص پروگرام
۱۰ - ۳۰	منتخب ریکارڈ
۱۱ - ۰	ترانہ دکن

چندہ کی نشریات

یوٹر فٹ میں فروری ۱۹۱۹ میں لاسلکی ٹیلی فونی کا پہلا پبلک نظارہ کیا گیا ۔ نومبر سنہ ۱۹۱۹ع سے (۱۰۰۰) میٹر پر ہفتہ وار ولندیزی پروگرام کی نشر شروع کی گئی جس کا مقصد یہ تھا کہ عوام اور شوقین حضرات ریڈیو خریدنے اور سننے لگیں ۔

سنہ ۱۹۲۲ع سے باقاعدہ نشریات ہونے لگیں ۔ ابتدائی کمیٹی نشریات کے اخراجات برداشت کرنے کے قابل نہ تھی اسنے اعلان کردیا کہ وہ نشر کا سلسلہ روک دیگئی ۔ بہت سے شوقینوں نے جمع ہو کر ایک انجمن بنائی جسکے سالانہ چندہ سے نشریات کے اخراجات ادا کئے جانے لگے ۔

سنہ ۱۹۲۵ع میں ایسی چار انجمنیں قائم ہوگئیں جنکے نام یہ ہیں ۔

(۱) جنرل سوسائٹی فار ریڈیو براڈ کاسٹنگ (AVRO)

(۲) ورکرس ریڈیو سوسائٹی ۔ (VARA)

(۳) رومن کتھیولک سوسائٹی (KRO)

(۴) پراٹسٹنٹ سوسائٹی ۔ (NCRV)

یہ چاروں انجمنیں اپنے اراکین کے ذوق کے پیش نظر پروگرام نشر کرتی ہیں ایک انجمن کو دوسری کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے کا حق نہیں ۔ ولندیزی حکومت کی طرف سے اسکی نگرانی کرنے کے لئے ایک سرکاری کمیشن مقرر ہے جسکو اختیار حاصل ہے کہ کوئی نشرگاہ قواعد کی خلاف ورزی کر رہی ہو تو اسکو بند کردے ۔ پچھلی بڑی جنگ سے پہلے چاروں انجمنوں کے علیحدہ علیحدہ ٹرانسمیٹر اور کافی مستحکم مالیہ تھا اب تو اور ترقی ہوئی ہوگی ۔

جمعہ ۵ اردی بہشت سنہ ۱۳۵۷ ف

۵ مارچ سنہ ۱۹۴۸ ع

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰ قرات کلام اللہ مع تفسیر - قاری محمد عبدالباری

۸ - ۴۵ نعت - قاری ریاست علی

۸ - ۵۵ ظہور علی اور ساتھی - خمسہ - کیا پوچھتے ہو مائل انوارنبی ہوں
غزل - ادب کروکہ شہ بے نظیر آتے ہیں

۹ - ۱۵ اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ مادھو راؤ - خیال - بھیرویں - بالموا مورےسیاں

۹ - ۳۰ ”ہفتہوار اخباری تبصرہ“ حبیب اللہ اوج

۹ - ۴۰ شنکرا بائی - ٹھمری - باجو بند کھل جائے
غزل - گیسوئے تابدار کو اور بھی تابدار کر

خواتین کے لئے

۱۰ - ۰ ”اپنے پرائے“ تقریر سیدہ مہر

۱۰ - ۱۰ شنکرابائی - غزل - کچھ تم کو خبر ہے ہم کیا کیا اے گردش دوران بھول گئے (مجاز)

۱۰ - ۱۵ ”عورت مرد کی نظر میں“ - تقریر صغرا بیگم امیر علی خان

۱۰ - ۲۵ آپ کا خط ملا - شکریہ

۱۰ - ۳۰ چندرا دیوی - طبلہ

۱۰ - ۳۵ ”اپنی باتیں“

۱۰ - ۴۵ ”روزگار“ فیچر نوشتہ خواجہ احمد فخر

۱۱ - ۱۵ اپنی پسند کے ریکارڈ سنئیے

۱۱ - ۳۰ ”منظور ہے گذارش احوال واقعی

۱۱ - ۳۵ اپنی پسند کے اور ریکارڈ سنئیے

۱۲ - ۰ ترانہ دکن

دوپہر — دوسری نشر

۱ - ۰ منتخب ریکارڈ

۱ - ۴۵ اردو میں خبریں

۱ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۱ - ۵۵ ریکارڈ اور اعلان سنئیے

۲ - ۰ ترانہ دکن

شام — تیسری نشر

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ مادھو راؤ - خیال ملتانی - ایری گوکل گاؤں

۵ - ۱۵ ظہور علی اورساتھی - خمسہ - ستم ہو مناسب تسلیم چاہتے ہیں

۵ - ۳۰ **عربی نشریات**
ریکارڈ - ”جدید جنگی اسلحہ“ تقریر حبیب مصطفےٰ - مسرور بن مبروک
گانا - ہفتہ واری اخباری تبصرہ

۶ - ۰ **تلنگی نشریات (شہریوں کے لئے)**
کلاریونٹ ”تلنگانہ“ تقریر
بی - یس سٹی - ریکارڈ - خبریں

۶ - ۳۰ **تلنگی نشریات (دیہاتیوں کے لئیے)**

۷ - [illegible] **بچوں کے لئے**
اس شعر سے سبق لو
اپنی پسند کے ریکارڈ سنو
آج کی نصیحت

۷ - ۳۰ ظہور علی اور ساتھی - غزلیں
(۱) اے شعلہ جوالا جب سے لو تجھے لگائے بیٹھے ھیں
(۲) زمانے میں ھر شئے نے دی یہ گواھی

۷ - ۴۵ جھلکیاں

۷ - ۵۵ کلاریونٹ - رائنا

۸ - ۰ ” سنی سنائی “

۸ - ۵ ھمارا نعرہ (کورس نمبر ۶۲)

۸ - ۱۰ ” حیدر آباد اور سائنسی تحقیقات “
تقریر ڈاکٹر رضی الدین صدیقی

۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ مرھٹی میں خبریں

۹ - ۰ کنڑی میں خبریں

۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۱۵ شنکرابائی - غزلیں (۱) دل مایوس کو اے عہد کرم شاد نہ کر
(۲) دو روز میں شباب کا عالم گزر گیا

۹ - ۳۰ **دورس پروگرام**
- قرات کلام اللہ - قاری محمد عبدالباری

۹ - ۴۰ ظہور علی اور ساتھی - غزلیں
(۱) تم ھی نہ بسو دل میں تو کون کھے یہ بستی ھے
(۲) کیا دل کش منظر ھوتا ھے کیا دل کش راتیں ھوتی ھیں

۱۰ - ۱۰ شنکرابائی - غزل - رحمت پہ تیری میرے گناھوں کو ناز ھے
خمسہ - غم عاشقی ھے فغاں کو بکو ھے

۱۰ - ۳۰ غنائیہ

۱۱ - ۰ ترانہ دکن

ھوائی حادثہ کی نشر

۱۹۳۹ ع کے ابتدائی دنوں میں امپریل ایر ویز سمنذری ھوائی جہاز کیوے لیر (Cavalier) کو حادثہ پیش آیا - ھفتہ ۲۱ - جنوری ۱۹۳۹ ع کو ھوائی جہاز کیوے لیر نے ایس - او - ایس یعنی امدادی پیام ترسیل کیا - عین اسی وقت نیشنل براڈ کاسٹنگ کمپنی کی نشرگاھیں پروگرام ختم کرکے بند ھونے والی تھیں - جیسے ھی ارباب نشر کو امدادی پیام ملا ساری نشرگاھیں کام کرتی رھیں اور بیرون امریکہ کے لاکھوں سننے والوں کو اس حادثہ کے متعلق معلومات فراھم کیں — ”زندگی نام ھے بس کام کئے جانے کا “

ہفتہ ۶ - اردی بہشت سنہ ۱۳۵۷ ف

۶ - مارچ سنہ ۱۹۴۸ء

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ

۹ - ۰ رئیسہ بائی - خیال البا بلاول - دیا گھان گئے

۹ - ۱۵ اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ رئیسہ بائی - غزل - ہاں یاد کرا ہے وہ سحر صبا کی عنایتیں

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

دوپہر — **دوسری نشر**

۱ - ۰ منتخب ریکارڈ

۱ - ۴۵ اردو میں خبریں

۱ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۱ - ۵۵ ریکارڈ اور اعلان سنئے

۲ - ۰ ترانہ دکن

شام — **تیسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ خواجہ محمود بیگ دادرا - سجن نا ھیں آئے میکا برھا ستائے
غزل - ھم تو جاتے تھے اٹھا درد جگر بیٹھ گئے (ضامن کنتوری)

۵ - ۲۰ عطاء الرحمن - گیت - ساجن دیس ھمارا دور

۵ - ۳۰ **کنڑی نشریات**
آرکسٹرا - ''ترقی پسند حیدر آباد،، تقریر رام راؤ پٹواری - ریکارڈ

۶ - **تلنگی نشریات (شہریوں کے لئے)**
گانا ''دیہاتی کونسل،، تقریر وینکٹیشور راؤ،، گانا - خبریں

۶ - ۳۰ **تلنگی نشریات** (دیہاتیوں کے لئے)

۷ - ۰ **بچوں کے لئے**
اس شعر سے سبق لو
ریڈیو کلب کی خبریں
ریکارڈ
تقریر
نظم
آج کی نصیحت

۷ - ۳۰ خواجہ محمود بیگ - غزلیں -
(۱) عہد رفتہ نے رولا یا رولئے (شعری بھوپالی)
(۲) بے تاب ھے بے خواب ھے معلوم نہیں کیوں (جگر)

۷ - ۴۵ رئیسہ بائی - خیال پوریا دھنا سری میں نا بولوں
غزل - ادائیں سنبھالے نگاھیں چرائے

۸ - ۰ '' سنی سنائی ،،

۸ - ۵ ھمارا نعرہ (کورس نمبر ۶۳)

۸ - ۱۰ ''نیا حیدرآباد،، تقریر حسن الدین

۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ مرھٹی میں خبریں

۹ - ۰ کنڑی میں خبریں

۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۱۵ رئیسہ بائی - خیال اور غزل

۹ - ۳۵ اسٹوڈیو آرکسٹرا

۹ - ۴۰ خواجہ محمود بیگ - گیت گھوم رہے ہیں ستارے (میراجی) غزل - مخمور بنادے مجھے سرشار بنادے (ماھر)

۱۰ - ۰۵ رئیسہ بائی - دادرا کاھے سارے نینان بان غزل مینے جہاں محبت پہ چھائے جاتے ھیں

۱۱ - ۰ ترانہ دکن

اسکا چستان ھوا پر

برٹش براڈ کاسٹنگ کمپنی کے زیر ھدایت اسکا چستانی نشریات ۲۰۲ باتھ اسٹریٹ گلاسگو میں ۶ مارچ سنہ ۱۹۲۳ کو شروع ھوئیں - مسٹر کیمرن دس واٹ کا تجرباتی ٹرانسمیٹر چلایا کرتے تھے - ان کو بی - بی - سی کا انجینیر بنا دیا گیا - مسٹر ھربٹ کیرو تھرس پہلے اسٹیشن ڈائرکٹر (مہتمم نشرگاہ) ھوئے - مس کیتھلین گارش کیڈن مسٹر پٹرسن اور مسٹر منگوڈیوار بھی عملہ میں شریک ھو گئے -

۲۰۲ باتھ اسٹریٹ کا اسٹوڈیو ابتدائی زمانہ میں آرکسٹرا کی نشر کے وقت کلکتہ کا کال کوٹھری بن جاتا تھا کیونکہ وہ بہت چھوٹا تھا -

۲ مئی ۱۹۲۳ع سے ساعت خواتین شروع کیا گیا ابتدائی سے اسٹیشن آرکسٹرا موجود تھا اپریل سنہ ۱۹۲۴ تک ساز کاروں کی تعداد ۱۷ ھوگئی - ۱۹۲۸ تک یہ بڑھ کر ۲۷ ھوگئے اولین بیرونی نشر (O.B.) مئی ۱۹۲۳ع میں ایک آپیرا سے ھوئی - پہلا ڈرامہ " Rob Roy ' ۳۱ - اگسٹ ۱۹۲۳ کو نشر ھوا -

انگلستان اور اسکاچستان میں اس مسئلہ پر اب بھی نزاع ھے کہ مدارسی نشر پہلے اسکاچستان نے شروع کی یا انگلستان نے - چونکہ اب تک قطعی تصفیہ نہ ھو سکا اس لئے دونوں کو چاھئے کہ وہ اس اعزاز کو تقسیم کرلیں - اس حد تک یقین ھے کہ انگلستان میں مدارس کی باضابطہ ترسیل شروع ھونے سے پہلے اسکا چستان میں اپریل ۱۹۲۴ع میں تجرباتی نشر ھو رھی تھی - اسکاچستان مدارس کے لئے ۹ مئی ۱۹۲۴ع سے باضابطہ نشر شروع کردی گئی - اسکا چستان کی بعض نشرگاھوں کی افتتاح کی تاریخیں یہ ھیں -

ابرڈین — ۱۰ - اکتوبر سنہ ۱۹۲۳

ایڈنبرا — یکم مئی ۱۹۲۴

ڈنڈی — ۱۲ - نومبر ۱۹۲۴

اتوار ۷۔ اردی بہشت سنہ ۱۳۵۷ف

۷۔ مارچ سنہ ۱۹۴۸ء

صبح — پہلی نشر

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ

۸ - ۴۵ ''ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے،، (خاکہ)

۹ - ۰ قربان حسین آگرہ والے۔
بھیرویں۔گجری گنوار نار

۹ - ۱۵ اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ سید احمد۔ غزل۔ اجازت ہو تو تیرا
کھیل ہم اے آسماں کھیلیں

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

دوپہر — دوسری نشر

۱ - ۰ منتخب ریکارڈ

۱ - ۴۵ اردو میں خبریں

۱ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۱ - ۵۵ ریکارڈ اور اعلان سنئے

۲ - ۰ ترانہ دکن

شام — تیسری نشر

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ زینت بیگم۔ ٹھمری۔
ان بن تا ہی ہرت چین
غزل۔ نیاز میرا غرور تیرا مرا جنون
اور شباب تیرا

۵ - ۲۰ سید احمد۔ گیت جیون ایک رسیلا گیت

۵ - ۳۰ **مرہٹی نشریات**
وٹھل راؤ۔ مرہٹی پد ''سنت کا ادب،،
تقریر تنڈا پور کر۔ وٹھل راؤ۔
بھاؤ گیت

۶ - ۰ **تلنگی نشریات (شہریوں کے لئے)**
وائلن ''چند مشہور سائنس داں،،
تقریر جے یس کامیشور راؤ۔ ریکارڈ

۶ - ۳۰ تلنگی نشریات (دیہاتیوں کے لئے)

۷ - ۰ **بچوں کے لئے**
اس شعر سے سبق لو
خطوں کے جواب
آج کی نصیحت

۷ - ۳۰ زینت بیگم۔ استادی گانا

۷ - ۴۵ سید احمد۔ دادرا و غزل۔
مین نے لاکھوں کے بول سہے
غزل۔ سر محشر کسی کی یاد قامت
لے کے جاتے ہیں

۸ - ۰ '' سنی سنائی ،،

۸ - ۵ ہمارا نعرہ (کورس نمبر ۶۴)

۸ - ۱۰ ''میری شاعری ،،
تقریر نذیر دہقانی

۸ - ۲۰ تلنگی میں خبریں

۸ - ۳۰ اردو میں خبریں

۸ - ۴۰ انگریزی میں خبریں

۸ - ۵۰ مرہٹی میں خبریں

۹ - ۰ کنڑی میں خبریں

۹ - ۱۰ ضروری اطلاعیں

۹ - ۱۵ زینت بیگم۔ ٹھمری۔
ساجن موہے کچھ نہ سہائے
غزل۔ وہ خفا بے سبب نہ ہوجائے

۰ - ۳۰ قربان حسین آگرہوالے - خیال با گیسری
بلما موری تورےسنگ

۰ - ۳۵ زینت بیگم - بھجن
من مورکھ روتا کیوں ہے -

غزل - ابن مریم ہوا کرے کوئی

۱۰ - ۰ ڈرامہ

۱۰ - ۳۰ منتخب ریکارڈ

۱۱ - ۰ ترانہ دکن

کمی بیشی

ڈچ ایسٹ انڈیز میں جب ریڈیو سننے والوں کی تعداد بڑھتی ہے تو ریڈیو کے لا ئیسنس یں کمی ہوتی ہے -

پیر ۸ - اردی بہشت ۱۳۵۷ف

۸ - مارچ سنہ ۱۹۴۸ع

صبح — **پہلی نشر**

۸ - ۳۰ منتخب ریکارڈ

۸ - ۴۵ کملا بائی - استادی گانا

۹ - ۰ تصدق حسین غزلیں -

(۱) اس شان سے وہ آج پئے امتحان چلے

(۲) عزت عشق - جلوے کا تقاضہ نہ کیا

۹ - ۱۵ اردو میں خبریں

۹ - ۲۰ دادرا اور غزل (ریکارڈ)

۹ - ۳۰ ترانہ دکن

دوپہر — **دوسری نشر**

۱ - ۰ منتخب ریکارڈ

۱ - ۴۵ اردو میں خبریں

۱ - ۵۰ تلنگی میں خبریں

۱ - ۵۵ ریکارڈ اور اعلان سنئے

۲ - ۰ ترانہ دکن

شام — **تیسری نشر**

۵ - ۰ اردو میں خبریں

۵ - ۵ کملا بائی - خیال پوریا دھنا سری -

اب تو رت مان

۵ - ۱۵ ابراهیم خان - گیت -

(۱) بھول گئے هو پریتم همارے

(۲) ناهیں آئے سیان
